چہاردہ معصُومین علیہما السّلام کے فرامین کی روشنی میں

فضائل وخصائل
سورہ ہائے قرانِ مجید

مُولف: پروفیسَر مظہر حُسین ہاشمی

کتاب کی شناخت

نام کتاب: فضائل وخصائل سورتہائے قرانِ مجید

مُصنف : پروفیسر مظہرحسین ہاشمی

کمپوزنگ: اُسوہ گرافکس،اِسلام آباد

تعداد: ایک ہزار

قیمت: 250 روپے

ایڈیشن: فرسٹ

سنہ اشاعت: جنوری 2019

ناشر:

ایلیا ریسرچ اکیڈمی، اسلام آباد

فہرست

صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان
01	بسم اللہ کے فضائل	29	سورہ نور کے فضائل
03	سورہ الحمد کے فضائل	30	سورہ فرقان کے فضائل
05	سورہ بقرہ کے فضائل	31	سورہ شعرا کے فضائل
07	سورہ آل عمران کے فضائل	32	سورہ نمل کے فضائل
08	سورہ النسا کے فضائل	33	سورہ قصص کے فضائل
09	سورہ المائدہ کے فضائل	34	سورہ عنکبوت کے فضائل
10	سورہ انعام کے فضائل	35	سورہ رُوم کے فضائل
11	سورہ اعراف کے فضائل	36	سورہ لقمان کے فضائل
12	سورہ انفال کے فضائل	37	سورہ سجدہ کے فضائل
13	سورہ توبہ کے فضائل	38	سورہ احزاب کے فضائل
14	سورہ یونس کے فضائل	39	سورہ سبا کے فضائل
15	سورہ ہود کے فضائل	40	سورہ فاطر کے فضائل
16	سورہ یوسف کے فضائل	41	سورہ یس کے فضائل
17	سورہ رعد کے فضائل	44	سورہ صافات کے فضائل
18	سورہ ابراہیم کے فضائل	45	سورہ ص کے فضائل
19	سورہ حجر کے فضائل	46	سورہ زمر کے فضائل
20	سورہ نحل کے فضائل	47	سورہ مومن کے فضائل
21	سورہ بنی اسرائیل کے فضائل	48	سورہ حم سجدہ کے فضائل
22	سورہ کہف کے فضائل	49	سورہ شوریٰ کے فضائل
23	سورہ مریم کے فضائل	50	سورہ زخرف کے فضائل
25	سورہ طہ کے فضائل	51	سورہ دخان کے فضائل
26	سورہ انبیا کے فضائل	52	سورہ جاثیہ کے فضائل
27	سورہ حج کے فضائل	53	سورہ احقاف کے فضائل
28	سورہ مومنون کے فضائل	54	سورہ محمدؐ کے فضائل

فہرست

صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان
55	سورہ فتح کے فضائل	79	سورہ جن کے فضائل
56	سورہ حجرات کے فضائل	80	سورہ مزمل کے فضائل
57	سورہ ق کے فضائل	81	سورہ مدثر کے فضائل
58	سورہ ذاریات کے فضائل	82	سورہ قیامت کے فضائل
59	سورہ طور کے فضائل	83	سورہ دہر کے فضائل
60	سورہ نجم کے فضائل	84	سورہ مرسلات کے فضائل
61	سورہ قمر کے فضائل	85	سورہ نبا کے فضائل
62	سورہ رحمٰن کے فضائل	86	سورہ نازعات کے فضائل
63	سورہ واقعہ کے فضائل	87	سورہ عبس کے فضائل
64	سورہ حدید کے فضائل	88	سورہ تکویر کے فضائل
65	سورہ مجادلہ کے فضائل	89	سورہ انفطار کے فضائل
66	سورہ حشر کے فضائل	90	سورہ مطففین کے فضائل
67	سورہ ممتحنہ کے فضائل	91	سورہ انشقاق کے فضائل
68	سورہ صف کے فضائل	92	سورہ بروج کے فضائل
69	سورہ جمعہ کے فضائل	93	سورہ طارق کے فضائل
70	سورہ منافقین کے فضائل	94	سورہ اعلیٰ کے فضائل
71	سورہ تغابن کے فضائل	95	سورہ غاشیہ کے فضائل
72	سورہ طلاق کے فضائل	96	سورہ فجر کے فضائل
73	سورہ تحریم کے فضائل	97	سورہ بلد کے فضائل
74	سورہ ملک کے فضائل	98	سورہ شمس کے فضائل
75	سورہ القلم کے فضائل	99	سورہ لیل کے فضائل
76	سورہ حاقہ کے فضائل	100	سورہ الضحیٰ کے فضائل
77	سورہ معارج کے فضائل	101	سورہ الم نشرح کے فضائل
78	سورہ نوح کے فضائل	102	سورہ التین کے فضائل

فہرست

صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان
103	سورہ علق کے فضائل	119	سورہ ابولہب کے فضائل
104	سورہ قدر کے فضائل	120	سورہ توحید کے فضائل
105	سورہ بینہ کے فضائل	122	سورہ فلق کے فضائل
106	سورہ زِلزلات کے فضائل	123	سورہ الناس کے فضائل
107	سورہ عادیات کے فضائل	123	دُعا ختم قران
108	سورہ قارعہ کے فضائل	124	اعمال بوقتِ صبح
109	سورہ تکاثر کے فضائل	125	اعمال بوقتِ شب
110	سورہ عصر کے فضائل	128	اعمال برائے حاجت برآری
111	سورہ ہمزہ کے فضائل	131	قران وسیلہء وسعتِ رزق
112	سورہ فیل کے فضائل	134	اعمال جمعرات و جمعہ
113	سورہ قریش کے فضائل	136	تلاوت قران بروز جمعہ
114	سورہ ماعون کے فضائل	138	قران سے علاج
115	سورہ کوثر کے فضائل	144	مفید معلومات
116	سورہ کافرون کے فضائل	145	حوالہ جات
118	سورہ نصر کے فضائل	146	التماس سورہ فاتحہ

پیش لفظ

جب بھی قران مجید کی تلاوت کا شرف حاصل ہوتا ہمیشہ ذہن میں خیال آتا کہ اِس سورہ کے کیا فضائل وفوائد ہوں گے۔لیکن کوئی بھی ایسا قرانِ مجید،تلاش کرنے کے باوجود،آج تک مجھے نہیں ملا جس کی سورہ کے آغاز سے پہلے اُس سورہ کے فضائل وفوائد تحریر ہوں سوائے تفاسیر کے۔پھر ذہن میں خیال آیا کہ کیوں نہ قران مجید کی سورتوں کے فضائل وفوائد مختلف تفاسیر اور کتب سے جمع کئے جائیں اور اُن سے استفادہ کیا جائے۔

کافی محنت وتگ ودو کے بعد نوٹس بنائے اور ثواب حاصل کرنے کی شب وروز کوشش کرتے رہے۔اب آپ کو کتابچہ کی شکل میں پیش کرنے کی جسارت کی ہے۔اُمید ہے اب قرانِ مجید پڑھتے ہوئے اُس کے فضائل،فوائداور ثواب کو بھی مدنظر رکھیں گے۔قران مجید کی سورتوں اور آیات کے اور بھی بے شمار فوائد ہوں گے جو تفصیل سے تفاسیر اور کتب میں مل سکتے ہیں۔

قران مجید کی سورتوں کے الگ الگ فضائل بیان کئے گئے ہیں۔ساتھ ہی مختلف ہیڈنگز میں جیسے اعمال برائے صبح وشام،اعمال برائے جمعرات وجمعہ،اعمال برائے حاجات برآری،اعمال برائے وسعت رزق اور اعمال برائے علاج وغیرہ الگ الگ دیئے گئے ہیں۔

قران مجید اللہ سبحانہ کا کلامِ پاک ہے جس کی تاثیر وقبولیت میں ذرہ برابر بھی شک وشبہ نہیں ہے۔اگر کسی عمل کے فوائد فوری حاصل نہ ہورہے ہوں تو اپنے یقین اور اپنے خلوص میں کمی تصور کرنا چاہیے اور اپنے گناہوں کو تاثیر اور قبولیت میں حائل سمجھنا چاہیے۔ یا پھر یہ سوچنا چاہئے کہ اللہ کریم ہمیں دنیا میں دینے کی بجائے اِس کا بہتر متبادل دوسرے جہان میں عطا فرمائے گا۔اِن شااللہ

اللہ تعالی ہم سب کا ہر حال میں حامی وناصر ہو۔آمین

مُحتاجِ دُعا

مظہر حُسین ہاشمی

بسم الله الرحمن الرحيم
اقرأ
بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ
خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ
اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (٣) الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (٤) عَلَّمَ
الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (٥) كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَى (٦)
أَن رَّآهُ اسْتَغْنَى (٧) إِنَّ إِلَى رَبِّكَ الرُّجْعَى (٨) أَرَأَيْتَ
الَّذِي يَنْهَى (٩) عَبْدًا إِذَا صَلَّى (١٠) أَرَأَيْتَ إِن كَانَ
عَلَى الْهُدَى (١١) أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَى (١٢) أَرَأَيْتَ إِن
كَذَّبَ وَتَوَلَّى (١٣) أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى (١٤) كَلَّا
لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ (١٥) نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ
خَاطِئَةٍ (١٦) فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ (١٧) سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (١٨)
كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (١٩)
محمد ماهر
Mohamed Maher

اِنتساب

میری
اِس زندگی کا
ہر ایک لمحہ؛ خاص طور پر
وہ لمحہ جو خدائے بزرگ و برتر کی
بندگی اور عبادت میں گزرا یا گزرے گا؛
میرے والدِ بزرگوار کا مرہونِ منت و مقروض ہے
جنہوں نے مجھے بچپن میں اپنے ساتھ کھڑا کر کے
نہ صرف نماز پڑھنا سکھایا بلکہ
سونے کا نوالہ دے کر اور شیر کی آنکھ دکھا کر
واجب اور فرض روزوں کا ایسا پابند بنایا
کہ آج تک روزہ کبھی بھی
مزاج پر بھاری محسوس
نہیں ہوا۔

دُعا قبول نہ ہونے کے اَسباب

حضرت امام علی علیہ السلام کی نظر میں

کسی شخص نے مولا علی علیہ السلام سے دعا قبول نہ ہونے کی شکایت کرتے ہوئے کہا کہ خداوندِ کریم کہتا ہے کہ دُعا کرو مَیں تمہاری دُعاؤں کو قبول کرتا ہوں، لیکن اِس کے باوجود کیا وجہ ہے کہ ہم دعا کرتے ہیں اور وہ قبول نہیں ہوتی؟

اِس کے جواب میں امام علی علیہ السلام نے فرمایا:

اِنَّ قُلُوْبَکُمْ خَانَ بِثَمَانِ خِصَالِ ۔تمہارے دل و دماغ نے آٹھ چیزوں میں خیانت کی ہے۔

-1 تم نے خدا کو پہچان کر اُس کا حق ادا نہیں کیا، اِس لئے تمہاری معرفت نے تمہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچایا۔

-2 تم اُس کے بھیجے ہوئے پیغمبر پر ایمان تو لے آئے ہو لیکن اُس کی سنت کی مخالفت کرتے ہو، ایسے میں تمہارے ایمان کا کیا فائدہ؟

-3 تم اُس کی کتاب کو تو پڑھتے ہو مگر اُس پر عمل نہیں کرتے، زبانی طور پر تو کہتے ہو کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی لیکن عملی میدان میں اُس کی مخالفت کرتے رہتے ہو۔

-4 تم کہتے ہو کہ ہم خداوند کریم کے عذاب سے ڈرتے ہیں لیکن اِس کے باوجود اُس کی نافرمانی کی طرف قدم بڑھاتے ہو اور اُس کے عذاب سے نزدیک ہوتے رہتے ہو۔

-5 تم کہتے ہو کہ ہم جنّت کے مُشتاق ہیں حالانکہ تم ہمیشہ ایسے کام کرتے ہو جو تمہیں جنّت سے دُور لے جاتے ہیں۔

-6 نعمتِ خدا سے فائدہ اُٹھاتے ہو لیکن اُس کے شکر کا حق ادا نہیں کرتے ہو۔

-7 اُس نے تمہیں حکم دیا ہے کہ شیطان سے دشمنی رکھو، اور تم اُس سے دوستی کا نقشہ بناتے رہتے ہو۔ تم شیطان سے دشمنی کا دعویٰ تو کرتے ہو لیکن عملی طور پر اُس کی مخالفت نہیں کرتے۔

-8 تم نے لوگوں کے عیوب کو اپنا نصب العین بنا رکھا ہے اور اپنے عیوب کو مُڑ کر بھی نہیں دیکھتے۔ اِن حالات میں تم کیسے اُمید رکھتے ہو کہ تمہاری دُعا قبول ہو جب کہ تم نے خود دُعا کی قبولیت کے دروازے بند کر رکھے ہیں۔ تقوی و پرہیزگاری اختیار کرو، اپنے اعمال کی اصلاح کرو، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرو تا کہ تمہاری دُعا قبول ہو سکے۔

(نہج البلاغہ، حکمت نمبر-337)

فضائل وخصائل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

****

بے حد اَجرِ کثیر

جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کی تلاوت کرے، تو خداوند متعال اُس کیلئے جنت الفردوس میں ستر ہزار محل یاقوت سرخ کے بناتا ہے کہ ہر محل میں ہزار گھر سفید موتی کے اور ہر گھر میں ستر ہزار تخت زبرجد سبز کے اور ہر تخت پر ستر ہزار فرش سُندس و اِستبرق کے اور ہر ہر فرش پر ایک ایک حورالعین اور ہر ہر حور کے ستر ہزار گیسو جو موتیوں اور یاقوتوں سے آراستہ ہوں گے اور اُن کے دائیں رُخسارہ پر محمد الرسول اللہ، بائیں رُخسارہ پر علی ولی اللہ، اُس کی پیشانی پر حسن علیہ السلام اور ٹھوڑی پر حسین علیہ السلام اور دونوں ہونٹوں پر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزید فرمایا کہ جو حرمت و تعظیم سے اِس کی تلاوت کرے گا، یہ سارا انعام اُسی کیلئے ہے۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جہنم کے شعلوں کے بجھنے کا راز

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن جب پل صراط عبور کرے گا اور بسم اللہ کی تلاوت کرے گا تو جہنم کے شعلے خاموش ہو جائیں گے اور جہنم کہے گی، گذر جا اے مومن کیونکہ تیرا نور میرے شعلوں کو بجھا رہا ہے۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

آتش جہنم سے آزادی

جب معلم کسی بچے کو بسم اللہ کی تعلیم دیتا ہے تو خداوندِ متعال اُس بچے اور اُس کے والدین اور معلم کے لئے آتش جہنم سے آزادی فرض کر دیتا ہے۔

تارک بسم اللہ الرحمن الرحیم

جب ہمارا شیعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ترک کر دیتا ہے تو خداوند متعال اُس پر کوئی آزمائش نازل کر دیتا ہے اور اُس کو اپنے شکر کی طرف متوجہ فرماتا ہے پھر اُس کی وہ کوتاہی معاف کر دیتا ہے۔ (امام معصوم علیہ السلام)

چار نہروں کا تحفہ

شب مِعراج مَیں نے پانی، دودھ، شہد اور شراب کی چار نہریں دیکھیں۔ نہروں کا منبع ایک قبہ تھا اُس پر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا ہوا تھا۔ پانی کی نہر بسم اللہ کے حلقہ سے، دودھ کی نہر لفظ اللہ جل جلالہ کے ہاء کے حلقہ سے، شہد کی نہر الرحمن کے میم کے حصہ سے اور شراب کی نہر الرحیم کے میم کے حلقہ سے جاری ہے۔ اور بسم اللہ کی باء پر لکھا ہوا دیکھا کہ جو کوئی دُنیا میں بسم اللہ الرحمن الرحیم تلاوت کرے گا یہ قبہ اور چار نہریں اُس کو عطا کروں گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مومن کی علامت

بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بلند آواز سے پڑھنا علامت مِومن میں سے ہے۔تمام جہری نمازوں میں اِس کا جہر سے پڑھنا واجب ہے اور بغیر اِس کے نماز باطل ہو جاتی ہے اور اخفائی نماز میں اِس کا جہر سے پڑھنا مستحب ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ہر امرِ خیر کی اِبتدا

جس کام میں بسم اللہ نہ پڑھی جائے تو اُس میں شیطان شریک ہو جاتا ہے۔پانی پینے سے پہلے اور کھانا کھانے سے پہلے بلکہ دسترخوان پر جتنے کھانے موجود ہوں ہر ایک کے شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ تلاوت کرے۔غرضیکہ ہر امرِ خیر کو بسم اللہ سے شروع کرے کیونکہ جب کوئی جانور بھی اللہ جل جلالہ کا نام لئے بغیر حلال نہیں ہو سکتا تو اِسی طرح ہر وہ کام جس میں بسم اللہ نہ پڑھی جائے وہ کام بھی ناقص و ناتمام رہتا ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 7)   ترتیبِ نزول 5   1-سُورہ الحمد   مکیّۃ   (رُکوع 1)

****

قران کے برابر

خداوندِ متعال نے اِسے قران کے برابر قرار دیا ہے۔(رسول خدا ﷺ)

اِسم اعظم

قطعی طور پر اِس میں اِسمِ اعظمِ الٰہی موجود ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

ایمان میں تقویت

یہ اِنسان میں اِیمان کی رُوح کو تقویت دیتی ہے، معنویت اور باطنی پاکیزگی عطا کرتی ہے
اور اِنسان کو گُناہ اور گمراہی سے بچاتی ہے۔

صَدقہ کا اَجر

دو تہائی قران پڑھنے کا ثواب ہے اور تمام مومنین و مومنات کو صدقہ دینے کا بھی ثواب عطا ہو گا۔

جِسمانی و رُوحانی شفاء

یہ تمام جسمانی اور رُوحانی تکالیف کیلئے شفاء ہے۔موت کے علاوہ ہر مرض سے شفاء ہے۔
جس کو سورہ الحمد سے اَفاقہ نہ ملے، اُسے کوئی چیز بھی اَفاقہ نہیں دے سکتی۔
اگر کسی میت پر 70 مرتبہ پڑھنے سے اُس کی رُوح پلٹ آئے تو تعجب کی بات نہیں ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام آسمانی کُتب کی تلاوت کا ثواب

اِس سورہ کی تلاوت کرنا ایسے ہے جیسے 104 آسمانی کتب پڑھی ہوں۔

درد سے نجات

درد کی شکایت ہو تو اپنے گریبان میں 7 مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کریں، درد ختم نہ ہو تو 17 مرتبہ تلاوت کریں۔
اِن شاءاللہ العزیز درد ختم ہو جائے گا۔

آنکھ اور سر درد کا علاج

جب بھی کبھی رسول خدا ﷺ بیمار ہوتے یا آنکھ یا سر درد کی شکایت ہوتی، تو آپ ﷺ اپنے دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے سورہ حمد، سورہ فلق اور سورہ الناس کی تلاوت فرماتے اور دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ مبارک پر مَل لیتے۔ آپ کی جو بھی مشکل ہوتی حل ہو جاتی۔

بیماریوں کا خاتمہ

اِنسان کی ہر بیماری دُور ہو سکتی ہے اگر وہ نماز صبح کے بعد چالیس مرتبہ سورہ الحمد کی تلاوت کرے اور ہر مرتبہ سورہ الحمد پڑھنے کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيل، تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِى الْعَظِيْم

کہے اور بیماری یا درد کی جگہ پر اپنا ہاتھ ملے تو تندرست ہو جائے گا۔ اِن شاءاللہ العزیز

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات286) ترتیبِ نزول87 2-سُورہ اَلبقرہ مدنیّۃ (رکوع40)

****

اَفضل ترین سورہ

قرآن ِ پاک کا سب سے اَفضل ترین سورہ البقرہ ہے ۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

لا مُنتہاہی رحمتوں کا مُستحق

جو بھی تلاوت کرے گا،اللہ جل جلالہ کے درود وسلام اور لا منتہاہی رحمتوں کا مستحق ہوگا اور اُسے ایک سال تک اللہ جل جلالہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کا ثواب عطا ہوگا اور کفار کا اُس پر کوئی خوف و دبدبہ نہ ہوگا۔

سائبانِ قیامت

جو شخص بھی سورہ البقرہ اور آلِ عمران کی تلاوت کرے گا تو یہ دونوں سورتیں بروزِ قیامت ابر یا سائبان کی طرح اُس پر سایہ رکھیں گی۔

(امام جعفر صادق علیہ السلام)

آفات سے بچاؤ

جو سورہ بقرہ کی پہلی چار آیات، آیت الکرسی خالدون تک اور اِس سورہ کی آخری تین آیات کی تلاوت کرے گا تو وہ اپنے جان، مال اور اہل میں کوئی ناپسندیدہ امر نہ دیکھے گا۔شیطان اُس سے دُور رہے گا اور وہ قرآن کو فراموش نہیں کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فالج سے بچاؤ

جو سوتے وقت آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا اِن شاءاللہ العزیز اُسے فالج ہونے کا خوف نہیں ہوگا اور جو ہر نماز کے بعد تلاوت کرے گا کسی بھی قسم کا زہر اُسے نقصان نہیں دے گا۔

شیطان بھاگنے پر مجبور

جس گھر میں سورہ البقرہ کی تلاوت ہو،شیطان وہاں سے فرار ہو جاتا ہے۔

حاجات کی تکمیل کے خزانے

سورہءِ بقرہ کی آخری دو آیات بہشت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہیں۔اللہ جل جلالہ اِن دو آیتوں کے قاری کی دُنیاوی واُخروی حاجات پوری کرتا ہے اور شیطان بھی اُس کے نزدیک نہیں پھٹک سکتا۔

دُعااورخوشنودیء خدا

سورہ کی آخری دوآیتیں قرآن بھی، دُعا بھی اورخوشنودیءِ خدا بھی ہیں۔نمازِ عشاکے بعد جوبھی تلاوت کرے گاتو اُس کی رات بھر کی عبادت کیلئے کافی ہیں۔

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات200) ترتیبِ نزول89 3-سُورہ آلِ عمران مدنیۃ (رُکوع20)

****

حمل گرنے سے حفاظت

اگر کوئی سورہ آلِ عمران کو زعفران سے لکھ کر اُس خاتون کے گلے میں لٹکائے جس کا حمل گرجاتا ہے تو خدا حمل ضائع ہونے سے محفوظ رکھے گا۔

پھل ضائع ہونے سے محفوظ

اگر کسی کھجور یا کسی اور درخت سے پھل گرجاتا ہو تو اِس سورہ کو لکھ کر وہاں لٹکایا جائے تو پھل نہیں گرے گا۔

رحمت خدا کا مستحق

جو جمعہ کے دِن سورہ آلِ عمران کی تلاوت کرے گا تو سورج غروب ہونے تک اُس پر اللہ ﷻ کی رحمت ہوگی اور اللہ ﷻ کے فرشتے اُس پر درُود بھیجیں گے۔

پُل صراط سے نجات

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُسے ہر آیت کے بدلے میں جہنم کے پُل سے نجات نصیب ہوگی۔

برائے اولاد

سورہ آل عمران کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنے کی برکت سے اللہ ﷻ اولاد عطا فرماتا ہے۔ (تفسیر انوار النجف)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات176) ترتیبِ نزول92 4-سُورہ النِساء مدنیۃ (رُکوع24)

****

فشارِ قبر سے حفاظت

جوشخص بروزِ جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گاوہ فشارِ قبر سے محفوظ رہے گا۔(مولا علی علیہ السلام)

صدقہ دینے اور غلام آزاد کرنے کا ثواب

تلاوت کرنے والا اُس شخص کی مانند ہے جس نے سب کچھ اللہ جل جلالہ کی راہ میں صدقہ کے طور پر دے دیا ہو۔
نیز وہ غلام آزاد کرنے کے ثواب کا بھی حقدار ہے۔(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ کی راہ میں مالِ کثیر دینے کا ثواب

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گویا اُس نے اِس قدر مال وزر راہِ خدا میں دیا ہے جتنا کہ اِس سورہ کے لحاظ سے
بطور وارث ہر ایک مسلمان کا حصہ ہے۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

لطفِ خدا کا حقدار

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا، وہ مشیتِ خدا کا مستحق ہوگا، بروزِ قیامت اُس کا محاسبہ نہ ہوگا۔
اور وہ اَنبیا علیہم السلام اور اولیاء کے ساتھ ہوگا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات120) ترتیبِ نزول112 5-سُورہ مائدہ مدنیۃ (رُکوع16)

****

ظلم و شرک سے محفوظ

جوشخص ہر جمعرات کوسورہ مائدہ کی تلاوت کرے گا، اُس کا ایمان----لباس ظلم نہیں پہنے گا اور وہ کبھی بھی شرک نہیں کرے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

گُناہوں کی بخشش

تلاوت کرنے پر دس نیکیاں ملیں گی اور دس گُناہ مٹادیئے جائیں گے۔اور سانس لینے والے ہر یہودی اور عیسائی کی تعداد کے برابر دس درجے بلند عطا کئے جائیں گے۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

چوروں سے محفوظ

جواِس سورہ کولکھ کرگھر یا صندوق میں رکھے گا اُس کی کوئی چیز چوری نہیں ہوگی۔

درد اور تکلیف سے نجات

جو اِسے لکھ کرگھر یا صندوق میں رکھے تو وہ چیز ضائع ہونے سے محفوظ رہے گی اور یہ سورہ قاری کو درد اور وَرم سے بچائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات165 ترتیبِ نزول55 6-سُورہ اَنعام مکیّۃ (رُکوع20)

****

جہنم کی آگ سے بچائو

جو ہر رات سورہ انعام کی تلاوت کرے گا وہ بروزِ قیامت اَمن میں ہوگا اور اپنی آنکھوں سے
کبھی بھی جہنم کی آگ نہیں دیکھے گا۔

درد اور مرض سے محفوظ

جو اِس کو مشک اور زعفران سے لکھ کر چھ دن متواتر اس کا پانی پیئے تو اللہ جل جلالہ اُسے خیر کثیر عطا کرے گا۔
کوئی اذیت نہیں ہوگی ہر درد اور مرض سے اَمن میں رہے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

مشکلات کا حل

جو ہر ماہ کی پہلی شب دو رکعت نماز تلاوت کرے اور ہر رکعت میں حمد کے بعد سورہ انعام کی تلاوت کرے
اور خدا کے حضور درخواست کرے کہ اُسے ہر درد اور خوف سے نجات عطا فرمائے تو
خداوندِ متعال اُسے پریشان کرنے والی ہر مشکل سے
نجات عطا فرمائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

وُسعت رزق اور تکمیل حاجات

جو شخص چاہتا ہے کہ اُس کا رزق زیادہ ہو، حاجات پوری ہوں تو وہ ہر جمعرات یا جمعہ کے دن یا شبِ جمعہ قبلہ رُخ بیٹھ کر
سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انعام کو **وما اوتی رسل اللّٰہ** تک تلاوت کرے اور پھر دو رکعت نماز تلاوت کرے
اور **اللّٰہ یعلم حیث یجعل رسالتہ** سے آخر سورہ تک تلاوت کرے
اور سجدے میں سر رکھ کر ستر مرتبہ لاالہ الااللہ محمد الرسول اللہ کہے۔
پھر جو حاجت بھی چاہے گا اِن شاءاللہ العزیز پوری ہوگی۔

قیامت تلک تسبیح ملائکہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا، فرشتے اُس کیلئے قیامت تک تسبیح کرتے رہیں گے۔ (امام رضا علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات206) ترتیبِ نزول39 7-سُورہ اَعراف مکیّۃ (رُکوع24)

****

خوف و حُزن سے محفوظ

جوشخص ہر ماہ میں ایک مرتبہ سورہ اعراف کی تلاوت کرے گا تو وہ بروزِ قیامت اُن لوگوں سے ہوگا جن کیلئے خوف وحُزن نہیں ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

حساب و کتاب سے بری

جواِس کی ہر جمعہ تلاوت کرے گا وہ اُن لوگوں سے ہوگا جن کا بروزِ قیامت حساب وکتاب نہ ہوگا۔

(امام جعفر صادق علیہ السلام)

رفیقِ آدم

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس کے اور شیطان کے درمیان رکاوٹ کھڑی کردے گا اور وہ حضرت آدم علیہ السلام کا دوست ہوگا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دُشمن سے دُوری

جواِسے گلاب کے پانی اور زعفران سے لکھ کر گلے میں لٹکائے گا، خدا کے حکم سے کوئی درندہ اور دشمن اُس کے نزدیک نہیں آسکے گا۔

(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات75) ترتیبِ نزول88 8-سُورہ اَنفال مدنیّۃ (رُکوع10)

****

مولا علی کا شیعہ

جو شخص ہر ماہ سورہ انفال اور برات کی تلاوت کرے گا اُس کے وجود میں ہرگز روح نِفاق داخل نہیں ہوگی اور وہ حقیقی طور پر مولا علی علیہ السلام کا پیروکار ہوگا اور بروزِقیامت اُن کے ساتھ بیٹھ کر جنت الفردوس کے کھانے تناول کرے گا۔ یہاں تک کہ لوگ اپنے حساب سے فارغ ہوں گے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

شفاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جواِن دونوں سورتوں کی تلاوت کرے گا تو مَیں بروزِقیامت اُس کی شفاعت کروں گا اور گواہی دوں گا کہ اِن سورتوں کا قاری منافق نہیں تھا۔(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قید و بند سے نجات

اگر کوئی قیدخانے یا مشکل میں گرفتار ہو اور وہ سورہ انفال کی سات مرتبہ تلاوت کرے تو قید سے رہائی پائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

حاکم کے شر سے نجات

جو اِس کو لکھ کر گلے میں ڈالے گا اور حاکم کے سامنے کھڑا ہوگا، دلیل اور حجت رکھتا ہوگا وہ اُس کا حق ادا کرے گا اور حاجت پوری کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام اُمور میں کامیابی

جو سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے، اُس پر تلاوت کی جائے یا لکھی ہوئی سورہ ہو تو اُسے اپنے تمام امور میں کامیابی اور کامرانی ہوگی۔

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات129) ترتیبِ نزول113 9-سُورہ توبہ مدنیۃ (رُکوع16)

****

قاری پر درودو سلام

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا، دُنیا میں زندگی گزارنے والے ہر مردوزن منافق کے بدلے میں دس نیکیاں دی جائیں گی
اور اُس کے دس گُناہ مٹا دیئے جائیں گے اور اُس کا مقام دس درجے بلند ہو جائے گا۔
جب تک دُنیا میں زندہ ہے ------ عرش الٰہی اور حاملین عرش اُس پر درود و سلام بھیجتے رہیں گے۔(بحارالانوار)

نفاق سے محفوظ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلّ جلالہٗ قیامت کے دن اُسے نفاق سے دُور رکھے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

چوروں سے محفوظ

اور جو اِس سورہ کو لکھ کر عمامے یا ٹوپی میں رکھے گا وہ چوروں سے محفوظ رہے گا
اور رہزن اُسے دیکھ کر دُور ہٹ جائیں گے۔

آتش زدگی سے محفوظ

جس گھر میں یہ سورہ لکھا ہوا ہو گا، وہ گھر جلنے سے محفوظ رہے گا خواہ اُس کی گلی، محلے اور اطراف کے
گھروں میں بھی آگ لگ جائے۔

دُشمنوں سے محفوظ

جو اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ دشمنوں کے شر سے امان میں رہے گا اور ان شا اللہ جلّ جلالہٗ
اُس کی حاجات پوری ہوں گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات 109) ترتیبِ نزول 51 10- سورہ یُونس مَکّیّۃ (رُکوع 11)

****

جہالت سے محفوظ

جوشخص ہر دو یا تین ماہ میں ایک مرتبہ سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُسے یہ خوف نہیں ہوگا کہ مَیں جاہل ہوں، بروزِ قیامت وہ مقربین سے ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

حضرت یونس علیہ السلام کی اُمت کے مساوی اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُسے حضرت یونس علیہ السلام پر ایمان لانے والے اور نہ لانے والوں کی تعداد کے برابر اَجر ملے گا۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اِصلاحِ خانوادہ

جو اِس سورہ کو لکھ کر گھر میں رکھے اور گھر میں موجود تمام افراد کا نام لے۔ اگر اُن میں کوئی عیب اور نقص ہوگا تو وہ ظاہر ہو جائے گا۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فرعون کے ساتھیوں کی تعداد سے دس گُنا زیادہ اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے فرعون کے ساتھ غرق ہونے والوں کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں عطا کرے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 123) ترتیبِ نزول 52 11-سُورہ ہود مَكّيّة (رُکوع 10)

****

اَنبیا علیہ السلام کے ساتھ محشُور

جوشخص ہر جمعہ سورہ ہود کی تلاوت کرے گا تو خداوندِ متعال بروزِ قیامت اُسے انبیاء کے گروہ میں محشور کرے گا اور اُسے اُس دن بے گُناہ سمجھا جائے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

حضرت ہود علیہ السلام کی اُمت جتنا اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُسے حضرت ہود علیہ السلام اور دوسرے انبیاء علیہم السلام پر ایمان لانے اور نہ لانے والوں کی تعداد کے مساوی اجروثواب ملے گا۔اور وہ بروزِ قیامت شہداء کے درجہ پر فائز ہوگا اور اُس سے آسان حساب وکتاب لیا جائے گا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دُشمنوں پر بھاری

جو بھی اِس سورہ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو خدا اُسے ایسی طاقت عطا کرے گا
کہ اگر ایک سو جوانوں سے لڑائی ہو جائے تو اُسے کامیابی نصیب ہوگی
اور یہ اُنہیں مغلوب کردے گا۔اور یہ جب آواز بلند کرے گا تو وہ بھاگ جائیں گے
اور جب بھی اُسے دیکھیں گے خائف ہوجائیں گے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

مشکلات سے نجات

جوشخص کسی بھی مشکل میں گرفتار ہو تو وہ اِس سورہ کو تیرہ مرتبہ تلاوت کرے تو اُس کی مشکل اور پریشانی دُور ہو جائے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات 111) ترتیبِ نزول 53 12- سُورہ یُوسُف مَکیّۃ (رُکوع 12)

****

جمالِ یوسف کا حقدار

جو ہر روز تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ بروزِ قیامت اُسے حضرت یوسف علیہ السلام کے جمال کی مانند خوبصورت اُٹھائے گا اور کوئی خوف نہ ہوگا اور وہ خدا کے صالحین میں سے ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

مناسب کاروبار

جو اِس سورہ کو لکھ کر تین دن اپنے گھر میں رکھے اور پھر وہاں سے اُٹھا کر گھر کی باہر والی دیوار میں چھپا دے کہ کوئی اُس پر مطلع نہ ہو تو بہت جلد کسی کی طرف سے ایک نمائندہ آ کر کاروبار کی دعوت دے گا اور اُس کی تمام حاجتیں خدا کے حکم سے پوری ہوں گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

وُسعت رزق

جو اِس سورہ کو لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے تو خداوندِ متعال آسانی سے روزی عطا کرے گا اور خدا کی طرف سے رِزق مقرر ہو جائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُشمن پر غلبہ

جو شخص اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو خدا اُسے بے حد قوت و طاقت عطا فرمائے گا اور جس کے پاس یہ سورہ تحریراً موجود ہو تو وہ جنگ میں دُشمن پر غالب آئے گا۔ یہاں تک کہ جو بھی اُسے دیکھے گا اُس سے خوف کھائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

سکرات موت آسان

جو مسلمان اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اور اپنے اہل و عیال کو اِس کی تعلیم دے گا----- تو اللہ جل جلالہ وقت نِزع اُس کیلئے آسانی پیدا کرے گا۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات43)　ترتیبِ نزول96　13-سُورہ رَعد　مدنیّۃ　(رُکوع6)

****

قبولیت شفاعت

جوسورہ الرعد کی بہت زیادہ تلاوت کرے گا تو خداوند متعال اُسے کبھی بھی بجلی کی کڑک کے عذاب میں مبتلا نہیں کرے گا
خواہ وہ ناصبی کیوں نہ ہو۔لیکن اگروہ مومن ہوتو اُسے بغیر حساب وکتاب کے جنت الفردوس میں داخل کرے گا
اوراگروہ اپنے خاندان اورجان پہچان کےلوگوں کی شفاعت کرے گا
تو اُس کی شفاعت بھی قبول ہوگی۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

ظلم سے نجات

جوشخص نافلہ عشاء کے بعد تاریک شب میں اِس سورہ کولکھ کر اُسی وقت ظالم حکمران کے گھر رکھ دے تو اُس کے
اپنے لشکراور رعیت اُس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں گے،اُس کی بات نہیں مانیں گے اور اُس کی
زندگی اورگفتگو کم ہوگی اور اُس کا سینہ تنگی محسوس کرے گا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

زندیق کی ہلاکت

اگر اِس سورہ کولکھ کر ظالم،کافر یا زندیق کے گھر کی دیوار میں چھپادے تو خدا کے حکم سے
وہ ہلاک اور برباد ہوجائیں گے۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

بچے کا سکون

بچےکوسکون اوراُس کے گریہ نہ کرنے کیلئے اِس سورہ کولکھ کر بچے کے گہوارے میں رکھ دیں
تو بچہ رونا بند کردے گااورسکون محسوس کرے گا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

بادلوں کی تعداد سے دس گُنا اَجر

جوبھی سورہ رعد کی تلاوت کرے گا اُسے گذشتہ اورآئندہ آنے والے ہر بادل کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں دی جائیں گی
اوروہ بروزِقیامت خدا کے عہد کا ایفاء کرنے والوں میں شمار ہوگا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات52) ترتیبِ نزول72 14-سُورہ اِبراہیم علیہ السلام مَکّیۃ (رُکوع7)

****

فقر اور جنون سے حفاظت

جوشخص جمعہ والے دن سورہ ابراہیم اورسورہ حجر کی دورکعت میں تلاوت کرے گاوہ کبھی بھی فقر،دیوانگی اورمصیبت سے دو چارنہیں ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُودھ نہ پینے والے بچے کا حرز

جواِس کوسفید کپڑے پرلکھ کر بچے کے بازو پر باندھے گاخدا اُسے گریہ،خوف اور پریشانی سے محفوظ رکھے گا اوروہ آسانی سے دُودھ پیئے گا۔

تمام بُت پرستوں سے دس گُنازیادہ اجر

جوسورہ ابراہیم اورحجر کی تلاوت کرے گا،اُسے بت پرستی کرنے اورنہ کرنے والوں کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں ملیں گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اطاعت گذاروں میں شمار

جوسوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے یا اُس پرتلاوت کی جائے یا لکھی ہوئی اُس کے پاس ہوتو وہ اطاعت گذاروں میں شمار ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات99) ترتیبِ نزول54 15-سُورہ حجر مکیّۃ (رُکوع6)

****

مہاجرین و انصار کی تعداد کے مساوی اَجر

جوسورہ حجر کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ تعالیٰ اُسے مہاجرین وانصار کی تعداد کے برابراَجرعطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

دُودھ کی کثرت

جوسورہ حجر کو زعفران کے ساتھ لکھے اوراُسے دھوکراُس کا پانی ایسی عورت کو پلایا جائے
جس کا دُودھ کم ہے تو اُس کا دُودھ زیادہ ہوجائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

کاروبار میں برکت

جوسورہ حجر کولکھ کراپنے بازو کے ساتھ باندھ لے تو وہ معاملہ گر اِنسان بن جائے گا اُس کی خرید وفروخت زیادہ ہوگی،
لوگ اُس سے کاروبار کرنا بہتر سمجھیں گے اور جب تک یہ لکھا ہوا سورہ اُس کے پاس رہے گا۔
خدا کے اِذن سے اُس کا رِزق زیادہ ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ہر دِل عزیز

جواِس سورہ کولکھ کراپنے سیف یا جیب میں رکھے گا تو جب بھی وہ باہر جائے گا
لوگوں کی گفتگو کا مرکز ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات128) ترتیبِ نزول70 16-سُورہ نَحل مَکیّۃ (رُکوع16)

****

ستر بیماریوں سے شفاء

جوشخص ہر ماہ سورہ نحل کی تلاوت کرے گا تو اُس کے دُنیا میں ہی قرض ختم ہو جائیں گے اور ستر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔اُن میں کمترین دیوانگی، جزام اور برص ہے۔اور اُس کا ٹھکانہ بہشت کے درمیان جنت عدن ہوگا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

حساب و کتاب سے محفوظ

جوشخص اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ کی دی ہوئی نعمتوں کا اُس سے حساب نہیں ہوگا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اچھی وصیت کرنے والے کا اجر

اگر اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا دن یارات کو مر جائے تو اُسے اُس شخص کا اجر ملے گا جو اچھی وصیت کرکے مرا ہو۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

تسخیرِ دُشمن

جو اپنے دشمنوں کو متفرق کرنا چاہتا ہے وہ اِسکی 24 یا 108 بار تلاوت کرے اور اگر اِسے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام دشمن اُس کی مٹھی میں ہوں گے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بے ثمر درخت کا حرز

جو اِس سورہ کو لکھ کر باغ کی دیوار میں رکھے گا تو بے پھل درخت ثمر آور ہو جائے گا اور جس درخت کا پھل گر جاتا ہے وہ نہیں گرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات111) ترتیبِ نزول50 17-سُورہ بنی اِسرائیل مَکیّۃ (رُکوع12)

****

اَصحاب امام زمانہ

جو شخص ہر شبِ جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو جب تک وہ اِمام زمانہ علیہ السلام کی زیارت نہیں کرلے گا اوراُن کے اصحاب سے نہ ہوگا، نہیں مرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

نشانے کی دُرستی

جو اِسے سبز رنگ کے ریشمی کپڑے پر لکھے اور تعویز بنا کر باندھ لے تو تیر اندازی کرتے وقت نشانہ خطاء نہ ہوگا اور ہدف پر لگے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

لُکنت کا علاج

جس بچے کی زبان میں لکنت ہو اِس کو زعفران سے لکھ کر پانی سے دھولیں اور اُس کو پانی پلادیں، خدا کے حکم سے زُبان میں لکنت ختم ہو جائے گی اور بچہ صحیح بولنے لگے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دِینی اور دُنیاوی حاجات کی بر آری

جو شخص سات بار اِس کی تلاوت کرے گا، اُس کی دینی و دُنیاوی حاجات پوری ہوں گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

والدین کی محبت میں اِضافہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرتے ہوئے اُس مقام تک پہنچ جائے جہاں خداوند متعال نے والدین کا تذکرہ کیا ہے تو اُس کے اندر ایسے احساسات اجاگر ہوں گے کہ وہ والدین سے زیادہ محبت کرنے لگے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

والدین کو ذہن میں رکھ کر تلاوت کا اَجر

جو والدین کو ذہن میں رکھ کر اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ جنت الفردوس میں داخل ہوگا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات110) ترتیبِ نزول69 18-سُورہ کہف مَکیّۃ (رُکوع12)

****

نورِ خدا

جو **قُلْ اِنَّمَا بَشَرٌ** سے آخر تک تلاوت کرے گا تو اللہ جلّ جلالہٗ اُس کے بستر سے لے کر خانہء کعبہ تک نور پیدا کرے گا اور اگر وہ اہلِ مکہ سے ہوگا تو اُس کا نور بیت المقدس تک ہوگا۔ (مولا علی علیہ السلام)

تمنائے شہادت

جو ہر جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ شہید مرے گا، شہدا کے ساتھ اٹھے گا اور بروزِ قیامت شہدا کے ہمراہ ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

ایک ہفتے کا کفارہ

جو ہر شب جمعہ اِس کی تلاوت کرے گا تو یہ اُس جمعہ سے اگلے جمعہ تک کا کفارہ ہوگا۔ اور اگلے جمعہ تک اللہ جلّ جلالہٗ اُسے گُناہ سے محفوظ رکھے گا اور اُسے ایسا نور عطا کرے گا کہ جو آسمان تک ضوفشاں ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

فقر، قرض اور ظلم سے نجات

جوشخص اِس سورہ کو لکھ کر تنگ منہ والی شیشی میں ڈال کر گھر میں رکھے گا تو فقر، قرض اور لوگوں کی اذیت سے محفوظ رہے گا اور کسی چیز کا محتاج نہ ہوگا۔

اناج کے گودام کی حفاظت

جو اِس کو لکھ کر اناج کے گودام میں رکھے گا تو اللہ جلّ جلالہٗ تعالیٰ کے حکم سے وہ اناج موذی کیڑوں سے محفوظ رہے گا۔

باعظمت سورہ

جوشخص جمعہ کے روز اِس سورہ کی تلاوت کرے گا آئندہ جمعہ تک اللہ جلّ جلالہٗ اُسے بخش دے گا اور وہ دَجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات98) ترتیبِ نزول44 19-سُورہ مریم علیہ السلام مکیّۃ (رُکوع6)

****

اصحاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام

جو ہمیشہ اِس سورہ کی تلاوت کرتا رہے، جب تک اپنی جان، مال اور اولاد سے بے نیاز نہیں ہو جائے گا، نہیں مرے گا۔
اور آخرت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب میں سے ہوگا۔ نیز حضرت سلمان علیہ السلام نے جو دُنیا میں بادشاہت کی تھی،
اُس کی مثل اُسے آخرت میں ملک اور بادشاہت سے نوازا جائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

حاکم کے شر سے حفاظت

جو شخص کسی ایسے حاکم کے پاس جائے جس سے خائف ہو تو اُس کے سامنے کٓھٰیٰعٓصٓ کہتے ہوئے اپنی دائیں مٹھی
بند کرے (یعنی ہر ہر حرف کہتے ہوئے ایک ایک انگلی بند کرے) اور پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ کہتے ہوئے بائیں ہاتھ کی
ایک ایک انگلی بند کرے اور پھر سورہ مریم کی اِس آیت

وعنت الوجوہ للحیی القیوم وقد خاب من حمل ظلما

کی تلاوت کرے اور حاکم کے سامنے دونوں ہاتھوں کی بند مٹھیاں کھول دے
تو اُس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

خیرِ کثیر کا ملنا

جو اِس کو لکھ کر تنگ منہ والی بوتل میں رکھ کر گھر میں رکھے تو اُسے خیر کثیر نصیب ہوگی اور وہ نیند میں اسطرح بھلائی کو ملاحظہ کرے گا
جیسے اُس کے اہلِ خانہ اپنے گھر میں بھلائی پاتے تھے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

نقصان دہ کیڑوں سے نجات

اگر اِسے دیوار پر لکھ دیا جائے نقصان دہ کیڑوں سے نجات مل جائے گی، اگر پانی سے دھو کر اِس کا پانی
خوف زدہ کو پلا دیا جائے تو خدا کے حکم سے خوف سے نجات ملے گی۔

انبیاء کی تصدیق و تکذیب کرنے والوں کی تعداد برابر اجر

جو شخص اس کو تلاوت کرے، اُسے اُن اشخاص کی تعداد کے برابر کہ جنہوں نے حضرت زکریا علیہ السلام کی تصدیق یا تکذیب کی ہے
اور اسی طرح سے حضرت یحییٰ علیہ السلام، حضرت مریم علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام،
حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسحٰق علیہ السلام، حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی تصدیق یا تکذیب کی ہے۔

خداوندِ متعال اِن میں سے ہر ایک کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں اُس کے
نامۂ اعمال میں درج کر دے گا۔ اِسی طرح اُن اشخاص کی تعداد جو جھوٹ اور تہمت کے طور پر خدا کیلئے اولاد
کے قائل ہوئے ہیں اور اُن اشخاص کی تعداد کہ جو خدا کیلئے اولاد کے قائل نہیں ہوئے، کے دس گُنا
برابر نیکیاں عطا کرے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بے نیازی

جو شخص اِس سورہ کو مسلسل پڑھتا رہے وہ دُنیا سے نہیں جائے گا مگر یہ کہ خداوند متعال اِس سورہ کی
برکت سے اُسے جان و مال اور اولاد کے لحاظ سے بے نیاز کر دے گا۔

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات135) ترتیبِ نزول45 20- سُورہ طٰہ مکیّۃ (رُکوع8)

****

دائیں ہاتھ میں نامہ ءِ اعمال

سورہ طٰہ کی تلاوت ترک نہ کرو کیونکہ خدا اِس سورہ اور اُس کے قاری سے محبت رکھتا ہے، جو اِس کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو بروزِ قیامت خدا اُس کا نامہءِ اعمال اُس کے دائیں ہاتھ میں دے گا اور مسلمان ہوتے ہوئے جو اعمال انجام دے چکا ہے اُس کا محاسبہ نہ کرے گا اور آخرت میں اِتنا اجر دے گا کہ وہ راضی ہو جائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

من پسند شادی

جو اِس کو لکھ کر سبز ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھے اور ارادہءِ شادی سے کسی کے پاس جائے تو اُسے ناکامی نہیں ہوگی اور شادی ہو کر رہے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دو گروہوں میں اِختلاف کی دُوری

دو گروہوں میں اِختلاف ہے اور یہ اصلاح کے قصد کے ساتھ اُن کے پاس جاتا ہے تو آپس میں اُن کی مخالفت ختم ہو جائے گی اور کوئی اُس کی بات رد نہیں کرے گا، اِسی طرح اگر دو لشکر جنگ کیلئے آمنے سامنے آچکے ہوں، یہ صلح کرانے جائے تو جنگ کا اِرادہ ترک کر دیں گے اور ایک دوسرے کے ساتھ نہیں لڑیں گے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

ظلم کا اَزالہ

اگر اِس سورہ کو مظلوم لکھے اور پانی سے دھو کر پی لے اور ظلم کرنے والے کے پاس چلا جائے، تو وہ اللہ جل جلالہ کی قدرت سے اِس ظلم کا ازالہ کرے گا اور مظلوم وہاں سے خوشی خوشی لوٹے گا۔

ادائیگیِ قرض اور وُسعتِ رزق

قرض کی ادائیگی، حاجات کی برآری اور وُسعت رِزق کیلئے اگر ایک ہفتے تک ہر روز طلوعِ آفتاب کے وقت سورہ طٰہ کی تلاوت کی جائے تو جس جگہ روزی ملنے کا گمان تک نہ تھا وہاں سے اللہ جل جلالہ روزی عطا کرے گا۔

مہاجرین اور اَنصار کے برابر اَجر

جو شخص اِسے تلاوت کرے گا اُسے بروزِ قیامت مہاجرین و اَنصار کے برابر اَجر ملے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

شادی میں جلدی

جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو اِس سورہ کو دھو کر اِس پانی سے غسل کرے تو جلد شادی ہو گی۔

(آیات112) ترتیبِ نزول73 21-سُورہ اَنبیاء علیہم السلام مَکیّۃ (رُکوع7)

****

اَنبیاء کا ہم نشین

جواِس سورہ کی تلاوت کرے تو اُس شخص کی مانند ہوگا جو ناز و نعمت سے بھرپور جنتوں میں اَنبیاء علیہم السلام کا ہم نشین ہو اور پوری زندگی لوگوں کی آنکھ کا تارا ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

کم خوابی کا توڑ

جو شخص اِس سورہ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر کمر کے ساتھ باندھ کر سو جائے تو جب تک اُسے کمر سے جدا نہیں کیا جائے گا وہ بیدار نہیں ہوگا۔ اور یہ عمل کم خواب، خائف رہنے والوں اور زیادہ فکر کرنے والے مریضوں کو اللہ جل جلالہ کے حکم سے شفا دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُشمن، بیماری اور خوف پر قابو

جو بھی اِس سورہ کو 75 بار تلاوت کرے، دُشمنوں پر کامیابی نصیب ہوگی اور اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر پاس رکھے تو بیماری اور خوف سے نجات پائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

پیغمبروں علیہم السلام کے ساتھ مصافحہ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا، خدا اُس کا حساب آسان کرے گا اور قرآن میں موجود تمام انبیاء علیہم السلام سے مصافحہ کرے گا اور سلام کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 78) ترتیبِ نزول103 22-سُورہ حج مکیّہ (رُکوع10)

****

اُسی برس حج کی سعادت

جو ہر تین دن میں ایک مرتبہ سورہ حج کی تلاوت کرے گا وہ ایک سال گزرنے سے پہلے حج پر جائے گا اور اگر سفر حج میں مر گیا تو جنت الفردوس میں داخل ہو گا۔ اگر ہمارے مخالفین میں سے ہوا تو اُس کا کچھ عذاب کم ہو جائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

حج و عمرہ کا اَجر

جو شخص سورہ حج کی تلاوت کرے گا۔ خدا اُسے اُن تمام لوگوں کی تعداد کے برابر اَجر عطا کرے گا جو حج اور عمرہ ادا کر چکے یا کریں گے۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سواری کی تباہی

جو شخص اُس سورہ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی سواری میں چھپا دے تو ہوا ہر طرف سے سواری کو لپیٹ لے گی اور اُسے خراب کر دے گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

ظالم سے نجات

اگر کوئی اِس سورہ کو لکھے اور پھر پانی سے دھو ڈالے اور وہ پانی کسی ظالم حکمران کے گھر پھینک دے تو خدا کے حکم سے اُس کی سلطنت جاتی رہے گی۔

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات118) ترتیبِ نزول74 23-سُورہ موٴمنون مکیّۃ (رُکوع6)

****

سعادت پر خاتمہ

ربِ کریم اِس سورۃ کے قاری کا خاتمہ سعادت پر کرے گا اور جو ہر روز ِجمعہ اِس کی تلاوت کرے گا تو فردوسِ اعلیٰ میں اُس کی منزل انبیا علیہم السلام کے ساتھ ہوگی۔(اِمام جعفر صادق علیہ السلام)

بشارتِ ملائکہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو قیامت والے دن فرشتے اُسے نسیم اور خوشبو بہشت کی بشارت دیں گے اور جب فرشتہ اُس کی رُوح قبض کرنے کیلئے آئے گا تو اِس طرح کی بشارت دے گا جس سے اُس کی آنکھیں روشن ہو جائیں گی۔(رسول ِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

شراب خوری سے نجات

جو اِسے بوقت ِشب سفید کپڑے پر لکھ کر شراب خور کو باندھ دے تو وہ اللہ جل جلالہٗ کے حکم سے شراب سے نفرت کرے گا اور کبھی بھی نہیں پیئے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بے نمازی سے نجات

جو شخص نماز سے غافل رہتا ہو وہ سات مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے تو وہ ان شاالله العزیز باقاعدگی سے نماز پڑھے گا۔(اِمام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات64) ترتیبِ نزول102 24-سُورہ نُور مدنیّۃ (رُکوع9)

****

عصمت کی محافظ

سورہ ءنور کی تلاوت سے اپنے مال، جان اور خواتین کی عِصمت کی حفاظت کرو۔ جو اِس کی ہر دن یا رات میں باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو اِس کے مرنے تک اُس کے خاندان کا کوئی فرد بھی زِنا نہیں کرے گا اور جب وہ مرے گا تو ستر ہزار فرشتے اُس کی تشیع ءِ جنازہ کریں گے اور قبر میں داخل کرنے تک اُس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔ (اِمام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام مومنین کے برابر اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا، اللہ جل جلالہ اُسے تمام گذشتہ و آئندہ مومنین و مومنات کی تعداد کا دس گُنا نیکیاں عطا کرے گا۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بیمار جانور کی تندرستی

جو اِس سورہ کو کسی برتن میں لکھ کر دھو کر بیمار جانور کو پلا دے اور اُس کے بدن پر پانی کو چھڑکے تو وہ جانور تندرست ہو جائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت

جو سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے یا اُس پر تلاوت کی جائے یا لکھی ہوئی اُس کے پاس ہو تو وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے لگے گا۔ اُسے اللہ جل جلالہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت ہو گی اور وہ بری چیزوں سے کنارہ کشی اختیار کرلے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

نورِ ایمان سے منور

جو سورہ ءِ نور کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس کے باطن کو نورِ ایمان سے منور کر دے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

(آیات77) ترتیبِ نزول42 25-سُورہ فُرقان مَکیّۃ (رُکوع6)

****

عذاب وحساب سے محفوظ

جوبھی ہر روز اِس سورہ کی تلاوت کرے گا خدا اُسے کوئی عذاب نہ دے گا اور اُس کا محاسبہ نہ ہوگا
اور اُس کی منزل فردوسِ اعلیٰ ہوگی۔(امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)

روزِ قیامت پر ایمان

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ بروز قِیامت اِس حالت میں اُٹھائے گا کہ وہ روزِقیامت پر
ایمان رکھتا ہوگا اور حساب کتاب کے بغیر جنت الفردوس میں داخل ہوگا۔

مُوذی کیڑوں سے محفوظ

سورہ فرقان کولکھ کر اپنے ساتھ رکھو،کبھی بھی موذی کیڑے آپ کے قریب تک نہ آئیں گے۔(رسول ِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 227) ترتیبِ نزول 47 26-سورہ الشعرا مکیّۃ (رُکوع 11)

****

اَنبیاء کی تصدیق و تکذیب کرنے والوں کی تعداد جتنا اجر

اِس سورہ کے قاری کو انبیاء علیہم السلام کی تصدیق یا تکذیب کرنے والوں کی تعداد کا دس گُنا نیکیاں عطا ہوں گی۔ (رسول ِپاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مومنین کی تعداد کے برابر ثواب

اِس سورہ کے قاری کو مومنین کی تعداد کے برابر دس نیکیاں عطا ہوں گی اور جب قبر سے نکلے گا تو وہ لاالہ الااللہ کی ندا بلند کرے گا۔(رسول ِپاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام صحیفوں کی تلاوت

جو بوقت صبح تلاوت کرے گا گویا اُس نے اللہ جل جلالہ کی نازل کردہ تمام کتب کی تلاوت کی، جو اِس کا پانی پیئے گا اللہ جل جلالہ اُسے ہر مرض سے شفاء دے گا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جلنے اور غرق ہونے سے محفوظ

جو ہمیشگی اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس کے گھر میں کبھی چور داخل نہ ہوگا اور وہ جلنے اور غرق ہونے سے محفوظ رہے گا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہر مرض سے شفا

جو اِس سورہ کو لکھ کر اِس کا پانی پیئے گا اللہ جل جلالہ اُسے ہر قسم کی بیماری سے شفاء نصیب کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات93) ترتیبِ نزول48 27-سُورہ نمل مَکیّۃ (رُکوع7)

****

لا الہ الا اللّٰہ کی پکار

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو جب قبر سے نکالا جائے گا تو وہ لاالہ الااللہ کہہ رہا ہوگا۔(رسول ِ پاک ﷺ)

تین انبیاء کی تصدیق و تکذیب کرنے والوں کی تعداد سے دس گُنا زیادہ اَجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو خدا اُسے حضرت سلمان علیہ السلام پر ایمان لانے والوں اور حضرت ہود علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ایمان نہ لانے والوں کی تعداد کے مطابق دس گُنا نیکیاں عطا کرے گا۔(رسول ِ پاک ﷺ)

مُوذی جانور سے نجات

جواِس سورہ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے گھر میں رکھے گا تو وہ سانپ، بچھو، کیڑے مکوڑے اور بھیڑیئے وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

دھوکہ سے محفوظ

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا کسی سے دھوکہ نہ کھائے گا۔(رسولِ پاک ﷺ)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات88)　　ترتیبِ نزول49　　28-سُورہ قَصص　مَكّيّة　　(رُکوع9)

****

حور العین سے تزویج

جوسورہ نمل،شعرا،قصص کی تلاوت کرے گابروزِقیامت خواہش سے زیادہ کی جنت الفردوس کاحقدارہوگا
اور100 حورالعین سے اُس کی تزویج ہوگی۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

اَولیاء اللّٰہ سے شمار

جوسورہ نمل،شعراءاورقصص کی شب جمعہ تلاوت کرے تووہ اولیاءاللہ سے شمارہوگا،
اللہ جل جلالہ کی پناہ میں ہوگااورکبھی نادارنہ ہوگا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

صداقت کی گواہی

جواِس کی تلاوت کرے گااللہ جل جلالہ اُسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب کرنے والوں کی تعدادکادس گُنااجرعطاکرے گا
اورارض وسمامیں ایساکوئی فرشتہ نہ ہوگاجوبروزِقیامت اُس کی صداقت کی گواہی نہ دے۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

بیماری سے شفا

جواِس سورہ کوکسی برتن میں لکھ کر،بارش کے پانی میں دھوکروہ پانی پی لےتواُس کادردوالم زائل ہوجائے گا
اوروہ اپنی بیماری سےشفاپائے گا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

غلام سے حفاظت

جواِس سورہ کولکھ کرغلام کوپہنادےتووہ بھاگ کرکہیں نہیں جاپائے گا،خیانت بھی نہیں کرے گا
اورزنابھی نہیں کرسکے گا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

رَنج واَلم سے نجات

جواِسے لکھ کردھوکراِس کاپانی پیئےتواللہ جل جلالہ کےحکم سےاُس کےتمام رنج والم جاتے رہیں گے۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

(آیات 69) ترتیبِ نزول 85 29-سُورہ عنکبوت مکیّۃ (رُکوع 7)

****

اہلِ بہشت

خدا کی قسم جو 23 رمضان کو سورہ عنکبوت اور سورہ روم کی تلاوت کرے گا وہ اہلِ بہشت سے ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام مومنین و منافقین کی تعداد کے برابر اجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُس کا اجر تمام مومنین و منافقین کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں عطا کی جائیں گی۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اَمراض اور مشکلات سے نجات

جو اِس سورہ کو لکھ کر دھو کر پی لے تو اللہ جل جلالہٗ کے حکم سے ہر قسم کی امراض اور مشکلات اُس سے دُور ہو جائیں گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دِل کا سکون

جو اِسے لکھے اور پھر اِس کا پانی پی لے تو یہ اُس کے دل کو سکون عطا کرے گا اور اُس کے سینے کو کشادہ کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 60) ترتیبِ نزول 84 30-سورہ رُوم مَکّیّۃ (رُکوع 6)

****

اہلِ بہشت

خدا کی قسم جو 23 رمضان کو سورہ عنکبوت اور سورہ روم کی تلاوت کرے گا وہ اہل بہشت سے ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تسبیح کرنے والے فرشتوں جتنا اَجر

اِس کا اجر زمین و آسمان پر اللہ جل جلالہ کی تسبیح کرنے والے تمام فرشتوں کے برابر دس نیکیاں ہوں گی
اور شب و روز کے ضائع شدہ اعمال کا جُبران ہوگا۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ظالموں کیلئے حرز

کوئی ایسا شخص جو اُس کو یا لوگوں کو اذیت دیتا ہو تو سورہ روم لکھ کر اُس ظالم کے گھر رکھ دی جائے تو اللہ جل جلالہ
اُسے سزا کے طور پر ایک بیماری میں مبتلا کر دے گا۔(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات34) ترتیبِ نزول57 31-سُورہ لُقمان مَکیّۃ (رُکوع4)

****

اِبلیس اور اُس کے لشکر سے حفاظت

جو ہر شب سورہ لقمان کی تلاوت کرے گا تو اُس رات خدا فرشتوں کو نگہبان بنائے گا تاکہ صبح تک ابلیس اور اُس کے لشکر سے اُس کی حفاظت کریں۔ اگر دن میں اِس کی تلاوت کرے گا تو رات تک ابلیس اور اُس کے لشکر سے حفاظت کریں گے۔ (امام محمد باقر علیہ السلام)

حضرت لقمان کے ساتھ رَفاقت

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا بروزِ قیامت اُسے حضرت لقمان نبی علیہ السلام کی رَفاقت نصیب ہوگی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والوں کی تعداد کا دس گُنا نیکیاں عطا کی جائیں گی۔

نکسیر کا علاج

اِس سورہ کو لکھ کر اُس مرد وزن کے بازو پر باندھیں جسے نکسیر آتی ہے تو خدائے عزوجل کے حکم سے نکسیر ختم ہو جائے گی۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

باری کے بخار سے نجات

اِس سورہ کو لکھ کر اگر اِس کا پانی پیا جائے تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے باری کا بخار جاتا رہے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

شدید درد کا علاج

جو شخص اِس کو لکھ کر اُسے پلا دے جس کے پیٹ میں شدید درد ہے، تو اِن شاء اللہ العزیز اُس کا درد ختم ہو جائے گا۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات30) ترتیبِ نزول75 32-سُورہ سجدہ مکیّۃ (رُکوع3)

****

حضرت محمد ﷺ و آله کے رُفقاء

جو ہر جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے تو خداوندمتعال اُس کا نامہءِ اعمال دائیں ہاتھ میں دے گا، محاسبہ نہ کرے گا اور وہ محمد و آلِ محمد علیہم السلام کے رُفقا میں سے ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

اَحیاء شب قدر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ اُس شخص کی مانند ہے جو شب ِقدر کا اَحیاء کرتا ہے۔ (رسول ِپاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

سر درد سے اَمان

جو اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ بخار، سر درد اور مفاصل سے امن میں رہے گا۔ (رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

گھر میں شیطان کا داخلہ بند

جو اِس سورہ کی اپنے گھر میں تلاوت کرے گا تو تین دن تک اُس کے گھر شیطان داخل نہ ہو سکے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

رسول خدا ﷺ کی سنت

رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب تک اِس سورہ کی تلاوت نہ فرما لیتے تھے، نہیں سوتے تھے۔

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات73)　ترتیبِ نزول90　33-سُورہ اَحزاب مدنیۃ　(رُکوع9)

****

جوارِ رسولِ خدا ﷺ

جوسورہ اَحزاب کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کرے گا تووہ بروزِ قیامت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ
اوراُم المومنین رضی اللہ عنہا کے جوار میں ہوگا۔(رسول خدا ﷺ)

عذابِ قبرسے محفوظ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے اوراپنی کنیزیابیوی کوتعلیم دے تواللہ جل جلالہٗ اُسے عذاب قبرسے محفوظ رکھے گا۔(رسول خدا ﷺ)

بہنوں اوربیٹیوں کے اچھے رشتے

جواِسے ہرن کی کھال پرلکھ کرتنگ منہ والی بوتل میں ڈال کرگھرمیں رکھے تواللہ جل جلالہٗ کے حکم سے
اُس کی بہنوں،بیٹیوں اوراَقرباء کی خواستگاری کیلئے اچھے رشتے آئیں گے
خواہ وہ اِنسان غریب ہی کیوں نہ ہو۔

مریض اورمیت پرپڑھنے کاحکم

مریض اورمیت پرآیت الکرسی کی تلاوت کے بعدکہیں۔اے پروردگار!اِسے اپنی رضاورضوان کی طرف بھیج،اے پروردگار
اِس کے گُناہ معاف فرمادے۔پھرآیت سِحر(2)کی تلاوت کریں اورپھرسورہ بقرہ کی آخری تین آیات
کی تلاوت کریں،نیزآخرمیں سورہ احزاب بھی پڑھیں۔(رسول خدا ﷺ)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات54) ترتیبِ نزول58 34-سُورہ سَبا مکیّۃ (رُکوع6)

****

حفاظت خدا

جوسورہ فاطراورسبا کی رات کوتلاوت کرے تو اُس رات خدا اُس کی حفاظت اور نگہداری کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

انبیاء کے ساتھ مصافحہ

جوسورہ سبا کی تلاوت کرے گا بروزِ قیامت تمام انبیا علیہ السلام ءاُس کے دوست ہوں گے
اور اُس سے مصافحہ کریں گے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دُنیا اور آخرت کی بھلائی

اگر سورہ فاطراور سبا کو دن میں تلاوت کیا جائے تو اُس دن کسی قسم کی ناگواری نہیں دیکھے گا
اور خدا اُسے اتنی زیادہ دُنیا وآخرت میں خیر اور بھلائی دے گا کہ اُس نے کبھی اِس کا
سوچا تک نہیں ہوگا اور اُس کی آرزُو تک نہ کی ہوگی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

یرقان کیلئے مفید

جب یرقان کے مریض کو اِس کا پانی پلایا جائے اور اُس کے چہرے پر پانی چھڑکا جائے
تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے یرقان جاتا رہے گا۔

مُشکلات سے دُوری

جو اِس سورہ کو قلم سے لکھے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے تو غموں سے نجات پائے گا
اور نیزے، پتھر اور لوہے کی سختیوں سے دُور رہے گا۔

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات45) ترتیبِ نزول43 35-سُورہ فاطِر مَکیّۃ (رُکوع5)

****

حفاظت خدا

جوسورہ فاطراورسبا کی رات کوتلاوت کرے تو اُس رات خدا اُس کی حفاظت اورنگہداری کرے گا۔اوراگر اِن سورتوں کو دن میں تلاوت کرے گا تو اُس دن کسی قسم کی ناگواری نہیں دیکھے گااورخدا اُسے اتنی زیادہ دُنیاوآخرت میں خیراوربھلائی دے گا کہ اُس نے کبھی سوچا تک نہیں ہوگا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

صالح دوست

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو کوئی مومن بھی ایسا نہیں ہوگا جوقیامت والے دن اِس کااچھادوست نہ ہو۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بہشتی دروازوں کی آرزُو

جوتقربِ خداوندی کے قصد سے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا توقیامت والے دن بہشت کے آٹھ دروازے آرزو کریں گے کہ یہ ہم سے گذر کر جنت الفردوس میں جائے لیکن وہ جس دروازے سے چاہے گا جنت الفردوس میں داخل ہوسکتا ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات83) ترتیبِ نزول41 36-سُورہ یس مکّیّۃ (رُکوع5)

****

آخرت میں مدد گار

جوسونے سے پہلے یادِن کے کسی حصہ میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُس دن محفوظ رہے گااور خدا سے روزی پائے گااور رات کواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو خداوند مِتعال ستر فرشتوں کی ڈیوٹی لگائے گا کہ اِس کی شیطان کے ہر شر اور آفت سے حفاظت کی جائے ۔اگر اگلے دن مرجائے تو خدا اُسے بہشت میں داخل کرے گااور ستر ہزار فرشتے غسل دیتے وقت وہاں موجود ہوں گے ۔اور جب اُسے قبر میں داخل کیا جانے لگے گا تو پہلے فرشتے قبر میں داخل ہو کر عبادت کریں گے اور اِس عبادت کا اجر اُس کیلئے ہوگااور اللہ جلالہٗ تاحدِنگاہ اُس کی قبر کو وُسعت عطا فرمائے گااور وہ فشارِ قبر سے امن میں رہے گااور اُس کی قبر سے لے کر آسمان تک درخشاں نور اُس وقت تک باقی رہے گا جب تک خدا اُسے قبر سے نکال نہیں لیتا۔اور جب اُسے قبر سے نکالیں گے تو اُس کے ساتھ موجود فرشتے اُس کے ساتھ گفتگو کریں گے،اُس کا چہرہ خوشحال ہوگااور وہ اُسے ہر مقام پر مژدہ خیر سنائیں گے، یہاں تک کہ وہ پل صراط اور میزان کو عبور کرے گااو اُسے خدا کے اِتنا نزدیک لے جائیں گے کہ مقرب فرشتوں اور مرسل انبیاء علیہ السلام کے علاوہ کوئی اتنا خدا کے نزدیک نہ ہوگا،وہ پیغمبروں کی ہمراہی میں بارگاہ خداوندی میں کھڑا ہوگا جبکہ دوسرے لوگ غمگین، پریشان اور بے تاب ہوں گے،اِسے کوئی غم، پریشانی اور مشکل نہ ہوگی ۔اُس وقت خداوند مِتعال اُسے فرمائے گا تو جس کی چاہے شفاعت کر،میں تیری شفاعت قبول کرونگااور مانگ جو مانگنا چاہتا ہے تجھے عطا کروں ۔وہ جو چاہے گا اُسے ملے گااور جس کی شفاعت کرے گا قبول ہوگی حالانکہ بعض لوگوں کا محاسبہ ہو رہا ہوگا،

اُنہیں روکا گیا ہوگا،وہ ذلیل ہو رہے ہوں گے مگر اُس کیلئے کوئی حساب کتاب نہیں ہوگا،کوئی نہیں روکے گا

اور اُس کیلئے کسی قسم کی ذلت نہ ہوگی اپنے کسی بھی غلط کام پر بدبختی کا سامنا نہیں کرے گا

اور نامہءاعمال کھول کر اُسے دیا جائے گااور جب وہ خدا کی بارگاہ سے نیچے آئے گا

تو لوگ اُسے دیکھ کر سبحان اللہ کا ورد کرتے ہوئے کہیں گے،

اِس عبدِ خدا کی کوئی خطا نہ تھی اور اُسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

کی رفاقت نصیب ہوئی ہے ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُنیاوی و اُخروی سامان

جو اپنی زندگی میں ایک مرتبہ سورہ یٰسین کی تلاوت کرے گا تو خداوند مِتعال زمین، آخرت اور آسمان کی ہر مخلوق کے حساب سے اُس کی دو ہزار نیکیاں لکھے گااور دو ہزار گُناہ محو کردے گااور وہ فقر سے محفوظ رہے گا۔اور خدا موت کی سختی اور خوف کو آسان کردے گا اور خود اُس کی رُوح قبض کرے گااور اُس کا شمار اُن لوگوں میں ہوگا جن کی زندگی میں وُسعت،ملاقاتِ خدا کے وقت فرحت وخوشی اور آخرت میں اجرِ الٰہی پر راضی ہونے کی خود خدا نے ضمانت دی ہے اور خدا زمین وآسمان پر موجود تمام فرشتوں سے فرمائے گا جب میں فلاں شخص سے راضی ہوں تو تم اب اِس کیلئے استغفار کرو۔

(امام محمد باقر علیہ السلام)

دس برکتیں

یا علی علیہ السلام سورہ یٰسین کی تلاوت کیا کریں، اِس میں دس برکتیں ہیں ۔ اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا
بھوکا، سیر ہوگا--- تشنہ، سیراب ہوگا--- برہنہ، ملبوس ہوگا--- کنوارہ، شادی کرے گا، ڈوبنے والا امن میں ہوگا--- بیمار، تندرست ہوگا
قیدی، رِہا ہوگا--- مسافر کی سفر میں مدد ہوگی، میت پر تلاوت، عذاب میں کمی کا موجب
اور ہر شخص کی گمشدہ چیز مل جائے گی ۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خوشبوءِ قران

اپنے بچوں کو اِس سورہ کی تعلیم دو کیونکہ یہ خوشبوئے قران ہے ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بارہ بار قران کی تلاوت کا ثواب

جو اِس سورہ کی رضائے خدا کی خاطر تلاوت کرے گا اُسے اِتنا اَجر دیا جائے گا کہ گویا اُس نے
بارہ مرتبہ پورا قران ختم کیا ہے ۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ملائکہ کا نزول

اگر مرنے والے کے قریب اِس سورہ کی تلاوت کی جائے تو ہر ہر آیت کے لحاظ سے دس دس فرشتے نازل ہوں گے اور صف بنا کر
کھڑے ہو جائیں گے ۔ اُس کیلئے استغفار کریں گے اور اگر وہ مر جائے گا تو بوقت مِوت اُس کے پاس رہیں گے،
اُس کی تشیع جنازہ کریں گے، اُس پر نماز پڑھیں گے اور بوقت دِفن اُس کے اَقرباء کے ساتھ ہوں گے ۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جنت کا مشروب

بسترِ مرگ پر پڑا ہوا مریض اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو جب تک ملک الموت اُسے جنت الفردوس کا شربت
نہیں پلائے گا اُس کی روح قبض نہیں کرے گا۔ جب وہ بستر پر لیٹے گا تب ملک الموت اُس کی روح
قبض کرے گا اور اُس وقت وہ جنت الفردوس کے شربت سے سیر ہو چکا ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حرزِ آفت و بیماری

جو اِسے لکھ کر تعویز کے طور پر گردن میں لٹکائے گا تو یہ اُس کیلئے ہر آفت اور بیماری کا حرز ہوگا۔
اِسی طرح قبر میں اُتارتے وقت، دوبارہ زندہ کئے جانے کے وقت اور جنت الفردوس میں
داخل ہوتے ہوئے یہ سیراب ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حافظے میں اضافہ

جو اِس سورہ کو آب گُلاب اور زعفران سے سات مرتبہ لکھے اور سات دن تک متواتر ہر روز اِسے دھو کر پیئے تو وہ جو کچھ سنے گا اُسے یاد ہو جائے گا، مناظرہ کرنے والوں پر غالب ہوگا اور لوگوں کی نظر میں بزرگ اور محترم ٹھہرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

جسمانی و رُوحانی بیماریوں سے پرہیز

اِس سورہ کو لکھ کر اپنے جسم کے ساتھ باندھنے والا آشوب چِشم، حسد، جن و انس کے شر، دیوانگی اور تمام بیماریوں اور مشکلات میں خدا کے حکم سے محفوظ رہے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُودھ میں اِضافہ

اِس سورہ کا پانی کم دُودھ والی عورت کو پلایا جائے تو خدا کے حکم سے اُس کا دودھ زیادہ اور بچے کیلئے بھرپور غذائیت پر مشتمل ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات182) ترتیبِ نزول56 37-سُورہ صافات مَکِّیّۃ (رُکوع5)

****

شہید کی موت

جوشخص ہر جمعہ سورہ صافات کی تلاوت کرے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا اور دُنیاوی زندگی اُس سے دُور ہوگی اور دُنیا کے تمام لوگوں کے رزق کی نسبت بہترین رِزق اُس کا مقدر ہوگا۔اُس کے مال،اولاد اور جسم پر اللہ جل جلالہٗ کسی راندہ ِشیطان اور جابر سلطان کا ظلم نہیں ہونے دے گا۔اگر اُس دن یا رات کو مرجائے تو خدا اُسے شہید اُٹھائے گا اور اُسے شہادت نصیب کرے گا اور اُسے جنت الفردوس میں شہید کا مقام اور منزلت عطا کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

شرک سے پاک

جوسورہ صافات کی تلاوت کرے گا،اُسے ہر جن اور شیطان کی تعداد کے مطابق دس نیکیاں عطا ہوں گی اور سرکش شیاطین اُس سے دور ہوں گے،وہ شرک سے پاک ہوگا اور بروزِ قیامت اُس کی حفاظت کرنے والے فرشتے گواہی دیں گے کہ اُس کا انبیا علیہ السلام ء پر اِیمان ہے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

آسانی سے رُوح قبض

اگر مرض الموت میں مبتلا شخص پر اِس سورہ کی تلاوت کی جائے تو خدا اُس کی رُوح آسانی اور نرمی کے ساتھ قبض کرے گا۔(امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)

تمام جن واِنس کے تعداد برابر نیکیاں

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جل جلالہٗ تمام جن واِنس اور شیاطین کی تعداد کے برابر نیکیاں عطا کرے گا۔

سائل کا ہر سوال پورا

جوسورہ یٰسین اور صافات کی جمعہ کے دن تلاوت کرے گا اور اللہ جل جلالہٗ سے سوال کرے گا تو اُس کا جو سوال ہوگا اللہ جل جلالہٗ اُسے عطا کرے گا۔

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات88) ترتیبِ نزول38 38-سُورہ ص مکیّۃ (رُکوع5)

****

دُنیا و آخرت کی بھلائی

جو ہر شب ِ جمعہ اِس کی تلاوت کرے گا تو اُسے اِس قدر دُنیا و آخرت کی بھلائی نصیب ہو گی کہ جو انبیاو مرسل علیہم السلام اور مقرب فرشتوں کے علاوہ کسی کو نصیب نہ ہو گی۔

حق شفاعت

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا، خدا اُسے اور اُس کے خاندان کے جس فرد کو بھی وہ چاہے گا بہشت میں داخل کرے گا۔ اگر چہ وہ اُس کے خاندان سے یا اُن افراد سے نہ ہو جس کی یہ شفاعت کر سکتا ہے۔ (امام محمد باقر علیہ السلام)

پہاڑوں کے وزن سے زیادہ اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو خدا نے حضرت داؤد علیہ السلام کیلئے جتنے پہاڑ مسخر کئے تھے اُن کے وزن سے دس گُنا نیکیاں دے گا، اُسے صغیرہ و کبیرہ گُناہوں پر مُصر رہنے سے بچائے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ظالم قاضی یا حاکم کا حرز

جو اِس سورہ کو لکھ کر قاضی یا والی کے پاس رکھ دے، تو وہ تین دن سے زیادہ عرصہ کیلئے اپنے عہدے پر نہ رہے گا کہ اُس کے عیوب ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے اور وہ معزول کر دیا جائے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات75) ترتیبِ نزول59 39-سُورہ زُمر مکیّۃ (رُکوع8)

****

شرف وعزت

جواِس کی تلاوت کرے اور زبان پر آسان سمجھے تو اللہ جلّ جلالہٗ تعالیٰ اُسے دُنیاوآخرت کا شرف عطافرمائے گا

اور مال، خاندان اور اقوام کے بغیر ہی اُسے عزیز سمجھے گا اور ہر دیکھنے والی آنکھ میں اُس کیلئے

بزرگی عطافرمائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

جہنم سے حفاظت

جوشخص اِس سورہ کی تلاوت کرے گا، اللہ جلّ جلالہٗ اُس کے جسم پر آگ کو حرام کردے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

انبیا کا مغفرت طلب کرنا

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو تمام انبیاء علیہم السلام اور صدیق اُس کی نمازِ جنازہ میں شریک ہوں گے

اوراُس کیلئے مغفرت طلب کریں گے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نااُمیدی سے نجات

جوشخص اِس سورہ کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو اللہ جلّ جلالہٗ بروزِ قیامت اُس کو ناامید نہیں کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

بہشت میں ہزار شہر

جوشخص اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلّ جلالہٗ بہشت میں اُس کیلئے ہزار شہر تعمیر کروائے گا۔ ہر شہر میں ایک ہزار محل ہوں گے

اور ہر محل میں ایک سو حور العین ہوں گی۔ اِس کے علاوہ دو چشمے عمومی، دو چشمے درختوں کے نیچے، اِن کے علاوہ

اور دو سر سبز وخرم چشمے جاری کرے گا۔ اور حور العین کو اُس کیلئے باپردہ رکھے گا۔

اِسی طرح مختلف قسم کی نعمتیں اور میوے عطا کرے گا

اور ہر میوہ دو قسم کا ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات85)　　ترتیبِ نزول60　　40-سُورہ مومن　مکیّۃ　　(رُکوع9)

****

از اَوّل تاآخر بخشش گُناہ

جواِس کی ہر رات تلاوت کرے گا تو خدا اُس کے اِبتدا سے آخر تک کے تمام گُناہ بخش دے گا اور اُس کو متقی بنائے گا اور اُس کی آخرت دُنیا سے بہتر ہو گی۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

خدا پر اُمید

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا، خدا اپنی رحمت سے اُس کی امید قطع نہیں کرے گا اور اُسے خدا سے ڈرنے والوں کا ثواب عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کھیت کی خوب صورتی

جواِس سورہ کو لکھ کر دیوار یا باغ میں رکھ دے تو وہ باغ ہرا بھرا اور پھلدار ہو جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گھر اور دُکان میں خیر و برکت

جواِس سورہ کو لکھ کر گھر اور دکان میں رکھے گا تو اُس میں خیر و برکت کثرت سے ہو گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عزت و وقار کا مالک

جو سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے یا اُس پر کی جائے یا لکھی ہوئی پاس ہو تو اُس کا دین مضبوط اور یقین قوی ہو گا اور اُس کے مرتبہ میں عزت، ملک اور سلطنت ہو گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

اللہ جل جلالہ کی رحمت اور مغفرت

جو سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے یا اُس پر کی جائے یا لکھی ہوئی موجود ہو تو اُس کی حالت عمدہ ہو جائے گی اور اُسے اللہ جل جلالہ کی طرف سے رحمت اور مغفرت ملے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

اَرواحِ اَنبیاء و صدیقین کا اَستغفار

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو تمام انبیاء علیہم السلام، صدیقین اور مومنین کی اَرواح اُس پر درود و سلام بھیجیں گی اور اُس کیلئے اَستغفار کریں گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات54) ترتیبِ نزول61 41-سُورہ حمٓ سجدہ مَکیّۃ (رُکوع6)

****

خوشحالی کا موجب

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو بروزِ قیامت یہ سورہ خوشحالی کا موجب بنے گا اور اُس کیلئے
ایسا نور ظاہر ہوگا جو تا حدِ نگاہ دیکھا جاسکے گا۔ وہ اِس دُنیا میں عمدہ زندگی کا مالک ہوگا
اور دوسروں کیلئے اُس کی آرزو کرنے والا ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

حسناتِ کثیر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس کی ہر آیت کے حروف کی تعداد کے لحاظ سے
دس گُنا نیکیاں عطا کرے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

امراضِ چشم

جو اِس سورہ کو کسی برتن میں لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر اِس کے پانی سے سرمہ بنائے اور پھر آنکھوں میں لگائے تو
اُس کی تمام امراضِ چشم دُور ہو جائیں گی اور وہ پھر دوبارہ امراضِ چشم میں مبتلا نہیں ہوگا
اگر سرمہ نہ ہو تو صرف اُسی پانی کو آنکھوں میں ڈالے یا دھوئے تو پھر بھی
خدا کے حکم سے تمام امراضِ چشم جاتی رہیں گی۔
(امام جعفر صادق علیہ السلام)

معمولِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

کوئی رات بھی ایسی نہ تھی جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اِس سورہ کی تلاوت کے بغیر سوئے ہوں۔

(آیات53)　ترتیبِ نزول62　42-سورہ شُوریٰ　مَکیّۃ　(رُکوع5)

****

سرخ یاقوت کا جنتی محل

جواِس سورہ کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو اللہ ﷻ جب بروزِ قیامت اُسے اٹھائے گا تو اُس کا چہرہ برف کی مانند سفید یا سورج کی طرح درخشاں ہوگا۔ یہاں تک کہ وہ بارگاہِ خداوندی میں کھڑا ہوگا۔ خدا فرمائے گا میرا بندہ حمٓعٓسٓقٓ کی باقاعدگی سے تلاوت کرتا تھا اور اِس کے اَجر کو نہیں جانتا تھا اگر یہ جانتا ہوتا کہ یہ کیا ہے اور کس قدر ثواب کا حامل ہے تو کبھی بھی اِس سورہ کی تلاوت میں کوتاہی نہ کرتا لیکن مَیں تجھے اِس کی جزا اور ثواب بتاتا ہوں،

اللہ ﷻ فرمائے گا: اِسے جنت الفردوس میں لے جاؤ، سرخ یاقوت سے بنا ہوا محل اِس کا ہے کہ جس کے دروازے، سیڑھیاں اور اُس کا بالائی حصہ بھی سرخ یاقوت کا ہے، اُس کا باہر والا حصہ اندر سے اور اندر والا حصہ باہر سے دیکھا جاسکتا ہے، اِس کیلئے ایک ہزار غلام اور کنیزیں ہوں گی اور اسی طرح ہمیشہ غلامی اور کنیزی میں باقی رہیں گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

درودِ ملائکہ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو ملائکہ اُس پر درود بھیجیں گے اور اُس کے مرنے کے بعد اُس کیلئے رحم کی اپیل کریں گے۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

امراضِ چشم کا علاج

جواِس سورہ کو کسی برتن میں لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر سرمہ میں ملا کر سرمہ بنائے اور آنکھوں میں لگائے تو اُس کی تمام امراضِ چشم دُور ہو جائیں گے اور وہ پھر دوبارہ امراضِ چشم میں مبتلا نہیں ہوگا اگر سرمہ نہ ہو تو صرف اُسی پانی کو آنکھوں میں ڈالے یا دھوئے تو تب بھی خدا کے حکم سے تمام امراضِ چشم جاتی رہیں گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

سفر کیلئے مفید

جواِس سورہ کو لکھ کر باندھ لے وہ لوگوں سے اَمن میں رہے گا اور جواِس کا پانی پیئے وہ سفر میں اَمن سے رہے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات89) ترتیبِ نزول63 43-سُورہ زُخرُف مَکیّۃ (رُکوع7)

****

حفاظت قبر

جو ہمیشہ حم زُخرف کی تلاوت کرے گا، خدا اُس کی قبر کو زہریلے حشرات اور حیوانات کے ساتھ ساتھ فشارِ قبر سے خدا کے حضور پیش ہونے تک محفوظ رکھے گا۔ یہاں تک کہ یہ سورہ حاضر ہوگا اور اُس شخص کو اللہ جل جلالہٗ کے حکم سے جنت الفردوس میں داخل کیا جائے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

بے خوف و حُزن

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو بروزِ قیامت وہ اُن لوگوں میں سے ہوگا جنہیں کہا جائے گا، اَے بندگان خدا! تمہارے لئے کوئی خوف و حُزن نہیں ہے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کاروبار میں برکت

اِس سورہ کو لکھ کر دُکان کی دیوار میں یا خرید و فروخت کی جگہ رکھا جائے تو مالک کو منافع ہوگا اور گاہک زیادہ ہو جائیں گے
اور اللہ جل جلالہٗ کے حکم سے برکت بھی ہوگی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات59) ترتیبِ نزول64 44سورہ دُخان مکیّۃ (رُکوع3)

****

پروانہ اَمن

جواِس سورہ کو واجب اور مستحب نمازوں میں تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ تعالیٰ اُسے بروزِ قیامت اَمن والوں میں اُٹھائے گا، اپنے عرش کے سایہ میں جگہ دے گا، اُس سے آسان حساب لے گا اور دائیں ہاتھ میں اعمال نامہ عطا کرے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

جنت الفردوس کا گھر

جوشب جمعہ یاروزِ جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُس کے لئے جنت الفردوس میں گھر بنائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گذشتہ گُناہوں کی بخشش

جورات کواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس کے گذشتہ گُناہ معاف کردے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ایک لاکھ غلام آزاد کرنا

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس کیلئے بہت بڑا اَجر ہے، اِس کے ہر حرف کے بدلے میں ایک لاکھ غلام آزاد کرنے کا اَجر ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مکرِ شیطان سے حفاظت

شبِ جمعہ اِس کی تلاوت کرنے والے کے تمام گُناہ معاف کردیئے جائیں گے۔
نیز جواِسے لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ شیطان کے مکر سے محفوظ رہے گا۔

عمدہ خواب

جواِسے لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھے تو وہ عمدہ خواب دیکھے گا اور ہر بدی سے بچا رہے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دردِ شقیقہ سے نجات

دردِ شقیقہ میں مبتلا شخص اِسے پینے سے تندرست ہوجائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تجارت میں منافع

جواِسے لکھ کر دکان یا آفس میں رکھے گا اُسے بہت منافع ہوگا اور اُس کا مال وثروت بہت جلد زیادہ ہوجائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

(آیات 37) ترتیبِ نزول 65 45-سورہ جاثیہ مکیّۃ (رُکوع 4)

****

جہنم کی ڈھال

اِس سورہ کی تلاوت کرنے کا اجر یہ ہے کہ وہ کبھی بھی جہنم کو نہیں دیکھے گا اور جہنم کا شور و غوغا بھی نہیں سنے گا اور اُسے حضرت محمد ﷺ کی ہمراہی نصیب ہوگی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

عیبوں پر پردہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو خدا اُس کے تمام عیوب پر پردہ ڈالے گا اور قیامت والے دن حساب وکتاب کے وقت اُس کے دل میں کوئی خوف وحزن نہ ہوگا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

بچے کی آفات سے حفاظت

جو اِس سورہ کو لکھ کر تازہ پیدا ہونے والے بچہ کو باندھے گا تو وہ بچہ خدا کے حکم سے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

جنات سے نجات

جس کے پاس یہ سورہ ہوگا وہ ہر پریشانی سے دُور رہے گا اور جو اِس سورہ کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھ لے گا تو جنات کے شر سے محفوظ رہے گا۔

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات35) ترتیبِ نزول66 46-سُورہ اَحْقاف مَکّیّۃ (رُکوع4)

****

ہر خوف سے اَمن

جو ہر شب ِ جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ دُنیاوی زندگی میں ترس وخوف میں مبتلا نہ ہوگا اور قیامت میں بھی ہر خوف سے اَمن میں ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بلندیِ درجات

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو زمین پر چلنے والے ہر شخص کے بدلے میں اُس کو دس نیکیاں اور دس درجے بلندی دی جائے گی۔(رسول ِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قوی و سالم جسم

جواِسے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا کسی طفل یادودھ پیتے بچے کو باندھے یا اِس کا پانی پیئے تو اُس کا جسم قوی اور سالم ہوگا اور بچے جن بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں، خدا کے حکم سے اُن بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔(رسول ِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہر دِل عزیز

جواِس سورہ کو لکھے اور آب ِ زمزم سے دھو کر پی لے تو وہ لوگوں میں ہر دل عزیز ہوگا۔لوگ اُس کی بات پر کان دھریں گے۔ اُس کے علاوہ کسی کی بات نہیں سنی جائے گی۔ اگر اِس کو لکھ کر، پانی میں دھو کر، پانی کسی تکلیف والی جگہ پر لگایا جائے تو بحکم ِ خدا ہر مرض ختم ہو جائے گی اور شفا نصیب ہوگی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

رحمتِ خداوندی

جب بھی کوئی شخص سورہ ھای حم قرآن کی تلاوت کرتا ہے تو اُس کے منہ سے مشک وعنبر سے زیادہ خوشبو آتی ہے، اُس وقت خداوندِ متعال اُس کی تلاوت کرنے والے، اُس کے ہمسائے، دوست، آشنا اور تمام قریبی لوگوں پر رحمت کرے گا اور بروزِ قیامت عرش، کرسی اور مقرب ملائکہ اُس کیلئے استغفار کریں گے۔

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات38) ترتیبِ نزول95 47-سُورہ مُحمد ﷺ مدنیّۃ (رُکوع4)

****

خدا اور رسول کی امان میں

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُسے کبھی بھی شک کا سامنا نہ کرنا پڑے گا، کبھی بھی اپنے دین پر شک نہ کرے گا، خدا کبھی بھی اُسے فقر اور سلطان کے خوف میں مبتلا نہیں کرے گا اور مرنے تک ہمیشہ کیلئے شک اور کفر سے محفوظ رہے گا اور جب مر جائے گا تو خدا ایک ہزار فرشتوں سے کہے گا کہ اِس کی قبر میں جا کر نماز پڑھو اور اُس نماز کا اَجر اُسی کو ملے گا اور یہ فرشتے خدا کے نزدیک جائے اُمن تک اُس کی رہنمائی کریں گے اور یہ اللہ جل جلالہ اور حضرت محمد ﷺ کی امان میں ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

دیدارِ رسول خدا ﷺ

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا جونہی قبر سے نکلے گا کسی چیز کے دیکھنے سے پہلے اُسے حضرت محمد ﷺ کا دیدار ہوگا۔ (رسول خدا ﷺ)

مشکلات سے نجات

جو بھی اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، وہ نیند اور بیداری دونوں حالتوں میں مشکلات، بیماری، بلاء اور پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

اہلبیت کے دُشمن کی پہچان

جو ہمیں اور ہمارے دشمنوں کو پہچاننا چاہتا ہے اِس سورہ کی تلاوت کرے اور اِس میں ہمارے اور ہمارے دشمنوں سے متعلق آیات ملاحظہ کرے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

جنت الفردوس کی نہروں سے سیرابی

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے پر خداوند متعال کا حق یہ ہے کہ اُسے جنت الفردوس کی نہروں سے سیراب کرے۔ (رسولِ خدا ﷺ)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات29)　ترتیبِ نزول111　48-سُورہ فتح　مدنیّۃ　(رُکوع4)

****

عبدِ صالح

اِس سورہ کی تلاوت سے اپنے مال، خواتین اور لونڈیوں کی حفاظت کرو، جواِس کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا
اُس کیلئے بروزِ قیامت ایک منادی ندا کرے گا: تم میرے مخلص بندوں سے ہو اور کہا جائے گا کہ
اِسے صالحین کے ساتھ ملحق کرو اور نعمتوں سے بھری ہوئی جنت الفردوس میں لے جاؤ
اور کافور کی مانند ٹھنڈا مہر شدہ جام پلاؤ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بیعتِ رضوان کا اجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس شخص کا اجر عطا کرے گا جس نے شجرِ طوبیٰ کے نیچے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی ہو
اور اُس بیعت کو پورا کیا ہو اور فتح مکہ والے دن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک ہوا ہو۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

چوری سے محفوظ

جواِس سورہ کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھے تو وہ گھر چوری سے محفوظ رہے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قوی حافظہ

جواِس سورہ کو لکھ کر آبِ زمزم سے دھوئے اور پانی پی لے تو لوگوں میں اُس کی بات مانی جائے گی
اور جو چیز سنے گا اُسے یاد ہو جائے گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وُسعتِ رزق

جو ماہِ رمضان کی پہلی شب چاند دیکھتے ہوئے تین مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا،
خدا اُس پر رزق کے دروازے کھول دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات18) ترتیبِ نزول106 49-سورہ حُجُرات مدنیۃ (رُکوع2)

****

زائرِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جواِس سورہ کی شب وروز تلاوت کرے گا تو وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زائرین میں سے ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بے پناہ اَجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے ہر اطاعت کرنے اور نافرمانی کرنے والوں کی تعداد کے لحاظ سے دس گُنا اجر عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جنگ ونزاع سے اَمن

جواِس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ہر جنگ ونزاع سے اَمن میں ہوگا اور خدا اُسے کامیابی نصیب کرے گا اور اُس پر رحمت اِلٰہی کے دروازے کھول دے گا۔(رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سقطِ حمل کی حفاظت

اگر اِس سورہ کو لکھ کر حاملہ عورت کو پلایا جائے تو حمل سقط نہیں ہوگا اور وہ خدا کے حکم سے ہر خوف اور بلا سے محفوظ رہے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُودھ میں اضافہ

اگر اِس سورہ کا پانی ایسی عورت کو پلایا جائے جس کا دودھ کم ہو یا خشک ہوگیا ہو تو اُس کا دودھ بڑھ جائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات45) ترتیبِ نزول34 50-سُورہ ق مَکّیّۃ (رُکوع3)

****

وُسعتِ رزق

جو ہر نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ اُس کے رزق میں وُسعت عطا فرمائے گا اور نامہءِ اعمال دائیں ہاتھ میں دے گا اور آسان حساب وکتاب لے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

آسان جان کنی

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ اُس پر جان کنی کی حالت کو آسان کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

غربت سے اَفاقہ

جوشخص باوضو،قبلہ رخ ہو کر تین بار اِس کی تلاوت کرتے ہوئے خدا سے حاجت طلب کرے
تو وہ دولت مند بن جائے گا اور حاجتیں بھی پوری ہوں گی۔

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات60)　　ترتیبِ نزول67　　51-سُورہ ذَاریات مَکیّۃ　　(رُکوع3)

****

وسیع رزق ونورانی قبر

جواِس کو رات یادن کوتلاوت کرے تو اللہ جلّ جلالہٗ اُس کے امورِ زندگی کی اصلاح کرے گا، اُسے وسیع رزق دے گا اوراُس کی قبر کو قیامت تک نورانی کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

ہوائوں کے دس گُنانیکیاں

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُسے چلنے والی تمام ہواؤں تعداد کے دس گُنا نیکیاں عطا کی جائیں گی۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

پیٹ درد سے نجات

اِس کو لکھنے کے بعد کسی برتن میں دھو کر اِس کا پانی پیا جائے تو پیٹ کے درد سے نجات مل جائے گی۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

آسان ولادت

اگر اِسے لکھ کر اُس حاملہ عورت کو باندھا جائے جس پر بچے کی ولادت سخت ہے تو بچے کی ولادت آسان اور جلدی ہوگی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات49) ترتیبِ نزول76 52-سُورہ طُور مکیّۃ (رُکوع2)

****

دُنیا و آخرت کی بھلائی

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا خداوندمتعال اُسے دُنیاوآخرت کی بھلائی دے گا۔(امام باقر علیہ السلام)

عذابِ جہنم سے محفوظ

جواِس سورہ کو خدا کا حق سمجھتے ہوئے تلاوت کرے گا خدا اُسے عذابِ جہنم سے محفوظ رکھے گا
اور جنت الفردوس کے انعامات سے نوازے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قید سے رہائی

جواِس سورہ کو باقاعدگی سے تلاوت کرے گا اگر وہ محبوس و گرفتار ہو جائے تو اللہ جل جلالہ اُس کی آزادی
اور رہائی کو آسان بنائے گا خواہ وہ کسی جرم میں گرفتار کیوں نہ ہو۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جزام سے محفوظ

جوشبِ جمعہ تین مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ جزام یعنی کوڑھ جیسے مرض سے محفوظ رہے گا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات62) ترتیبِ نزول23 53-سورہ نجم مکیّۃ (رُکوع3)

****

پسندیدہ زندگی

جوشب وروز باقاعدگی سے سورہ نجم کی تلاوت کرے گاوہ لوگوں کے درمیان پسندیدہ زندگی گزارے گا اورلوگوں میں مغفوراور محبوب ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام اُمت سے دس گُنازیادہ اجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گااللہ جل جلالہ اُسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کرنے والے تمام لوگوں کی تعداد کے دس گُنا زیادہ اَجرعطا کرے گا۔

برآری ءحاجات

جوبھی اِس سورہ کو حاجات پوری ہونے کی نیت سے 21بارتلاوت کرے گا تو بہت جلد اُس کی حاجات پوری ہوں گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بچے کا گریہ

درج ذیل آیت

افمن هذاالحديث تعجبون وتضحكون ولاتبكون وانتم سامدون

کولکھ کر بچے کے گلے میں تعویز کی شکل میں لٹکا یا جائے تو بچہ گریہ نہیں کرے گا۔

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات55)   ترتیبِ نزول37   54-سُورہ قمر   مکیّۃ   (رُکوع3)

****

شترانِ بہشت کا سوار

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گااللہ جلالہٗ اُسے شُترانِ بہشت میں سے ایک شتر پرسوار کر کے قبر سے نکالے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

روشن چہرہ

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جلالہٗ بروزِ قیامت چودھویں کے چاند سے زیادہ درخشاں چہرے والا بنائے گا اور ہر رات اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا اِس سے بھی زیادہ بافضیلت ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

لوگوں میں محبوب

جواِسے بروزِ جمعہ ظہر کے وقت لکھ کر عمامے میں رکھے یا اپنے پاس رکھے تو وہ لوگوں میں خوبصورت اور محبوب ترین ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

خدائے ذوالجلال سے ملاقات

جوشخص اِس سورہ کی زندگی بھر میں ایک مرتبہ بھی خلوصِ دِل تلاوت کرے گا تو وہ بروزِ قیامت چودھویں کے چاند سے زیادہ درخشاں چہرے کے ساتھ اللہ جلالہٗ سے ملاقات کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات78) ترتیبِ نزول97 55-سورہ رحمٰن مدنیۃ (رُکوع3)

****

شفیع قیامت

سورہ رحمٰن ہمیشہ پڑھا کرو اور اِس سورہ کی تلاوت ترک نہ کرنا کیونکہ منافق کے دِل میں اِس کی جگہ نہیں ہے۔ بروزِ قیامت اللہ جل جلالہٗ اسے ایک خوبصورت اور خوشبو سے مزین اِنسان کی شکل میں لائے گا اور یہ خدا کے اِتنا نزدیک ہوگا کہ کوئی اِس جتنا خدا کے قریب نہ ہوگا۔ اِس سے سوال ہوگا کہ دُنیاوی زندگی میں کون تیری ہمیشہ اور باقاعدگی سے تلاوت کرتا تھا؟ یہ جواب دے گی، پروردگار! فلان اور فلان، تو اُن کے چہرے سفید کردیئے جائیں گے اور اُنہیں کہا جائے گا کہ جس کی چاہتے ہو شفاعت کرو۔ وہ بے حد وحساب لوگوں کی شفاعت کریں گے یہاں تک کہ کوئی بھی ایسا نہیں بچے گا جس کی یہ شفاعت کرنا چاہتے تھے اور پھر اُن سب سے کہا جائے گا، جاؤ جنت الفردوس میں داخل ہو جاؤ اور جہاں چاہو سکونت اختیار کرو۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

شہادت کی موت

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے اور جب **فبای الائ ربکما تکذبن** پر پہنچے اور یہ کہے **لَاشَیٔ مِن اٰلَائِکَ رَبِّ اَکذِب** تو وہ مرجائے تو شہید مرے گا۔

شُکرِ نعمت

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہٗ اُس کی ناتوانی پر رحم کرے گا اور نعمتوں کے شکریہ کا حق ادا کرے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات96) ترتیبِ نزول46 56-سُورہ واقِعہ مکیّۃ (رُکوع3)

****

فقر سے نجات اور رفاقتِ مولا علیؑ

جو ہر شبِ جمعہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُس سے محبت کرے گا اور اُس کی محبت کو تمام لوگوں کے دل میں جگہ دے گا اور اُسے بدبختی، فقر، ناداری اور دُنیا کی آفات میں سے کسی آفت سے دوچار نہیں کرے گا اور وہ مولا علی علیہ السلام کے رُفقاء سے ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

اوصاف جنت و جہنم

جو جنت اور جہنم کے اوصاف جاننے کا مشتاق ہے وہ اِسکی اور سورہ لقمان کی تلاوت کرے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

چاند جیسا چکتا چہرہ

جو شخص رات کو سونے سے پہلے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ سے ملاقات کے وقت اُس کا چہرہ چودھویں کے چاند جیسا ہوگا۔ (امام محمد باقر علیہ السلام)

غُربت ختم کرنے والا سُورہ

سورہ واقعہ غنی کرنے والا سورہ ہے اِسے خود پڑھو اور بچوں کو اِس کی تعلیم دو۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خیرِ کثیر

جو اِسے لکھ کر گھر میں رکھے گا وہ خیرِ کثیر کا ملاحظہ کرے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قبولیتِ دُعا

جو اِس کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا اُس کا فقر دور ہوگا، دعائیں قبول ہوں گی، حافظہ قوی ہوگا اور وُسعتِ مال میں توفیق نصیب ہوگی۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

غافل لوگوں سے باہر

اِس سورہ کا تلاوت کرنے والا غافلین سے نہیں ہے۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات29) ترتیبِ نزول94 57-سُورہ حدِید مدنیۃ (رُکوع4)

****

عذاب سے محفوظ

جوشخص ہمیشہ واجب نماز میں سورہ حدید اور مجادلہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ تعالیٰ مرنے تک اُسے کسی عذاب میں مبتلا نہ کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے والوں میں لکھا جائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خاندان کی نجات

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ اور اُس کا خاندان کسی مشکل میں گرفتار نہ ہو گا اور اُس کا بدن صحیح وسالم ہو گا۔

میدانِ جنگ میں آمن

جو اِس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ میدان جنگ میں لوہے (نیزہ،تلوار) کے وار سے محفوظ رہے گا۔

دُشمن سے محفوظ

اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا دُشمن سے محفوظ رہے گا۔

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات22) ترتیبِ نزول105 58-سُورہ مُجادِلہ مدنیّۃ (رُکوع3)

****

سلامتی ءجسم

جو ہر نماز میں سورہ حدید اور مجادلہ کی تلاوت کرے گا، خداوند اُسے مرنے تک کسی عذاب میں مبتلا نہیں کرے گا، وہ اور اُس کا خاندان کسی مشکل میں گرفتار نہ ہوگا اور اُس کا بدن بے عیب ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

نیک لوگوں کا گروہ

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا قیامت کے دن نیک لوگوں کے گروہ سے ہوگا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مریض کا سکون

مریض کے پاس اِس سورہ کی تلاوت اُس کے سکون کا باعث ہے۔

بیج کی حفاظت

اگر اِسے پانی پر پڑھ کر بیج پر اِس کا چھڑکاؤ کیا جائے تو بیج خراب نہ ہوگا۔

برائیوں سے چھٹکارا

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا ہر قسم کی برائی سے محفوظ رہے گا۔

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات24)　ترتیبِ نزول101　59-سُورہ حشر　مدنیّۃ　(رُکوع3)

****

تمام کائنات کا طلب مغفرت کرنا

جوشخص اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو کوئی جنت ،جہنم ،عرش، کرسی ،حجاب ،ساتوں آسمان ،ساتوں زمینیں ،فضا ،ہوا ،پرندہ ،
درخت ،پہاڑ ،سورج ،چانداور فرشتہ ایسا نہیں ہوگا جو اُس کیلئے درود نہ بھیجے گا اور اُس کیلئے استغفار نہ کرے گا
اگر وہ اُسی دن یارات کو مرجائے تو شہید کی موت مرا ہے ۔(رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم)

بر آری حاجات

جوسورہ حشر کی حاجات کے پورا ہونے اور پریشانیوں کے دُور ہونے کی نیت سے چالیس دن تک ہرروز ایک مرتبہ
تلاوت کرے گا تو اُس کی حاجات پوری ہوں گی اور دُعائیں قبول ہوں گی ۔اگر ایک دن نہیں پڑھ سکا تو
دوبارہ شروع سے تلاوت کرے ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

نسیان سے نجات

جواِس سورہ کو لکھ کر بارش کے پاکیزہ پانی سے دھو کر پیئے تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے اُس کے ذہن و ذکاوت میں
اِضافہ ہوگا اور نسیان کم ہوگا ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

ستر ہزار فرشتوں کی حفاظت

جواِس سورہ کی آخری تین آیات کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس کی حفاظت کیلئے ستر ہزار فرشتوں کو مامور کرے گا ،
جو رات ہونے تک اُس پر درود بھیجتے رہیں گے اگر وہ اُسی دن مرگیا تو شہید کی موت مرا ۔
(رسولِ خدا صلى الله عليه وآله وسلم)

◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻ ◻

(آیات13) ترتیبِ نزول91 60-سُورہ مُمتحِنہ مدنیّۃ (رُکوع2)

****

جنون ودیوانگی سے حفاظت

جواس سورہ کی ہر نماز میں تلاوت کرے گا خدا اُس کے دل کو ایمان کیلئے خالص کر دے گا اور وہ چشمِ روشن کا مالک ہوگا، گرفتارِ فقر نہ ہوگا، وہ اور اُس کی اولاد مجنون و دیوانہ نہیں ہوگی ۔(امام سجاد علیہ السلام)

شفاعت مومنین و مومنات

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کیلئے بروزِ قیامت تمام مومنین ومومنات شفاعت کریں گے ۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

درود و اَستغفارِ ملائکہ

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے پر ملائکہ درود بھیجتے ہیں اور اُس کیلئے مغفرت طلب کرتے ہیں اگر وہ اُس روز مر جائے تو شہید کی موت مرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تِلّی جیسی بیماری کا علاج

تین دن برابر اِسے لکھیں اور پانی میں دھو کر تلی کے مریض کو پلائیں تو اُس کا مرض و درد جاتا رہے گا۔

(مجربات امامیہ ص24)

(آیات14) ترتیبِ نزول109 61-سُورہ صَف مدنیّۃ (رُکوع2)

****

ہم صف انبیاء

جواِس سورہ کی واجب و مستحب نماز میں باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو خدا اُسے ملائکہ اور انبیاء کی صف میں سے قرار دے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا درود بھیجنا

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا دُنیا میں ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام مغفرت طلب کرتے ہیں اور درود بھیجتے ہیں۔ اگر مرجائے تو اُس کے رفیق ہوں گے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

محفوظ سفر

جوسفر میں اِس سورہ کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ سفر میں اُس کی حفاظت کرے گا، شر سے محفوظ رہے گا اور وہ صحیح وسالم لوٹ کر آئے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اطاعت گذار فرزند

جواِس سورہ کو اولاد کے اطاعت گذار ہونے کی نیت سے 107 مرتبہ تلاوت کرے گا تو اُس کی اولاد مطیع بن جائے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات11) ترتیبِ نزول110 62-سُورہ جُمعہ مدنیۃ (رُکوع2)

****

علامتِ شیعہ

ہمارے شیعوں پرواجب ہے کہ ہرشب جمعہ سورہ جمعہ اوراعلیٰ کی تلاوت کریں اورروز جمعہ کی نمازظہر میں سورہ جمعہ اورمنافقین پڑھیں، جویہ عمل بجالائے گاوہ عمل رسول ﷺ بجالانے والا ہے۔

اِس عمل کی جزااوراَجر یہ ہے کہ خدا اُسے جنت الفردوس عطافرمائے گا۔

(امام جعفرصادق علیہ السلام)

شیطانی وسوسے سے نجات

جواِسکی رات، دن، صبح یاعصر کے وقت تلاوت کرے گا تووہ شیطانی وسوسے سے محفوظ رہے گا اوراگلے دن تک جوکچھ کرے گا بخشا جائے گا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

جمعہ پڑھنے والوں کی تعداد سے دس گُنا نیکیاں

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گااللہ جل جلالہ اُسے ساری دُنیامیں نماز جمعہ ادا کرنے والے افراد کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں عطا کرے گا۔(رسولِ خدا ﷺ)

حلِ مشکلات

جواِس سورہ کی شب وروزتلاوت کرے گا تو اُسے ہرخوف سے اَمن دیاجائے گا اوراُس کی ہرمشکل حل کی جائے گی۔(رسول خدا ﷺ)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات11) ترتیبِ نزول104 63-سُورہ مُنافقون مدنیۃ (رُکوع2)

****

عملِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیعوں پر واجب ہے کہ روز جمعہ کی نماز ظہر میں سورہ جمعہ اور منافقین پڑھیں، عمل بجالانے والا عمل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بجالانے والا ہے۔ اِس کے بدلے خدا اُسے جنت الفردوس عطا فرمائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

منافقت سے دوری

جو سورہ منافقین کی تلاوت کرے گا وہ دین میں شک اور ہر قسم کی منافقت سے مبرا ہوگا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

زخم کی دوا

اگر اِسے زخم اور جراحت پر پڑھا جائے وہ بہتر ہو جائیں گے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پوشیدہ درد کی دوا

جو اِسے باطنی درد کیلئے تلاوت کرے تو درد ختم ہو جائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات18)　ترتیبِ نزول108　64-سُورہ تغابُن　مدنیّۃ　(رُکوع2)

****

شفیعِ قیامت

جوواجب نماز میں اِس کی تلاوت کرے گا، یہ سورہ بروزِ قیامت اُس کی شفاعت کرے گا
اورجس کی شہادت مقبول ہوگی اُس کے نزدیک عادلِ شاہد ہوگا
اور یہ سورہ جنت الفردوس میں پہنچنے تک اُس شخص سے
جدانہ ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

درکِ امامِ زمانہ علیہ السلام

جوشخص سونے سے پہلے تمام مسبحات (وہ سورتیں جو تسبیح پروردگار سے شروع ہوتی ہیں) کی تلاوت کرے گا،
جب تک قائم آلِ محمد علیہ السلام کو درک نہیں کرے گا نہیں مرے گا
اوراگر مر بھی جائے تو اُسے جوارِرسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نصیب ہوگا۔
(امام محمد باقر علیہ السلام)

ناگہانی موت سے نجات

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا ناگہانی موت سے نجات پائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات12)   ترتیبِ نزول99   65-سُورہ طلاق   مدنیۃ   (رُکوع2)

****

قیامت کے خوف وحزن سے محفوظ

جو واجب نماز میں سورہ طلاق اور تحریم تلاوت کرے گا خدا اُسے روزِ قیامت کے خوف وحزن سے پناہ دے گا وہ جہنم سے معاف شدہ ہوگا۔ اِن سورتوں کی تلاوت اور محافظت کی وجہ سے جنت الفردوس میں داخل ہوگا کیونکہ یہ دونوں سورتیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ خاص ہیں۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

توبہ نصوح کی توفیق

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس کی توبہ قبول کرے گا جس میں گُناہ کی طرف بازگشت نہیں ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

سُنت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر موت

سورہ طلاق کی تلاوت کرنے والا، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنت پر مرنے والا ہے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات12) ترتیبِ نزول107 66-سورہ تحریم مدنیۃ (رُکوع2)

****

توفیقِ توبہ

جوسورہِ تحریم کی تلاوت کرے گا تو خدا اُسے توبہِ نصوح کی توفیق عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج

جواِس سورہ کی اُس شخص پر تلاوت کرے جسے زہریلے جانور نے کاٹ لیا ہے تو اللہ جل جلالہ اُسے شفا دے گا اور وہ زہر بدن میں سرایت نہیں کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ادائے قرض

جس شخص پر بہت زیادہ قرض ہو اگر وہ باقاعدگی سے سورہ تحریم کی تلاوت کرے تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے ذرہ برابر بھی قرض باقی نہیں رہے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات30) ترتیبِ نزول77 67-سُورہ مُلک مَکّیّۃ (رُکوع2)

****

آمانِ خدا

جوسونے سے پہلے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ صبح تک اللہ جلّ جلالہٗ کی امان میں ہوگا۔ نیز بروزِقیامت بھی جب تک جنت الفردوس میں داخل نہ ہوگا اللہ جلّ جلالہٗ کی امان میں ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

مونسِ قبر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا یہ سورہ اُسے قبر سے نجات دے گا اور اُسے بھی اجر دیا جائے گا جو شب عیدالفطر عبادت میں گزارے اور جو اِسے حفظ کرے گا یہ سورہ قبر میں اُس کا انیس ومددگار ہوگا اور قبر کے ہر عذاب و بلا کے سامنے ڈھال ہوگا اور قیامت تک اُس کی حفاظت کرے گا اور پروردگار کے حضور قاری کی شفاعت اور قربِ خداوندی عطا کرے گا یہاں تک کہ یہ قبر کی وحشت سے نکل کر جنت الفردوس میں داخل ہوجائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حفاظتِ ملائکہ

جوسوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس کیلئے 30 نیکیاں لکھی جائیں گی، اُس کے 30 گُناہ مٹا دیئے جائیں گے، 30 درجات بلند ہوں گے اللہ جلّ جلالہٗ اُس کیلئے ملائکہ میں سے ایک فرشتے کو بھیجے گا جو اُس پر اپنے پر پھیلائے ہوئے ہوگا اور اُس کے بیدار ہونے تک ہر برائی سے اُس کی حفاظت کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

احیائِ شبِ قدر

سورہ ملک کا قاری ایسے ہے گویا اُس نے شبِ قِدر کا اَحیاء کیا ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

خواہشِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

مَیں دوست رکھتا ہوں کہ سورہ ملک تمام مومنین کے دِل میں ثبت ہوجائے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

عذابِ قبر سے بچاؤ

سورہ ملک، عذابِ قبر سے بچاتی ہے اور تورات میں ہے۔ جوشخص اِس کو رات کے وقت تلاوت کرے تو اُس نے بہت کچھ پڑھا اور خوب پڑھا۔ وہ غافلین میں شمار نہ ہوگا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات52) ترتیبِ نزول2 68-سُورہ القلم مَکیّۃ (رُکوع2)

****

فقر سے نجات

جو واجب اور مستحب نماز میں سورہ قلم تلاوت کرے گا تو خدا ہمیشہ کیلئے اُسے فقر سے نجات دے گا
اور جب مرے گا تو اُسے عذابِ قبر سے پناہ دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

حلیم و بردبار جیسا اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے حلیم اور بردبار لوگوں جیسا اجر عطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

داڑھ درد کا علاج

اگر داڑھ درد والا شخص اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے اُسی لمحے درد ختم ہو جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

احسن اَخلاق والوں کا اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے اچھے اخلاق کے مالک شخص کا اَجر عطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات52) ترتیبِ نزول78 69-سُورہ حاقہ مکیّۃ (رُکوع2)

****

اللہ جلّ جلالہٗ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان

واجب اور مستحب نمازوں میں پڑھنا اللہ جلّ جلالہٗ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان رکھنا ہے ۔اِس کا قاری خدا سے ملاقات کے دن تک دینِ اِسلام پر قائم رہے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

آسان حساب

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس سے آسان حساب لیا جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حفاظت حمل

اِس کو لکھ کر حاملہ عورت کو باندھا جائے تو اللہ جلّ جلالہٗ کے حکم سے جو اُس کے بطن میں ہے محفوظ رہے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات44) ترتیبِ نزول79 70-سورہ مَعارِج مَکیّۃ (رُکوع2)

****

جنت الفردوس میں مقام

اِس کی کثرت سے تلاوت کرو کیونکہ بروزِ قیامت خدا اُس سے گُناہوں کے بارے سوال نہ کرے گا اور جنت الفردوس میں محمد ﷺ و آل محمد علیہ السلام کے ساتھ سکونت عطا کرے گا۔

(امام جعفر صادق علیہ السلام)

نوح کے مومنین سے

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت پر لبیک کہنے والے مومنین سے ہوگا۔(رسولِ خدا ﷺ)

قید سے رہائی

اسیر،محبوس اور قیدی اُس کی تلاوت کرے تو خدا اُسے آزادی عطا کرے گا اور صحیح سالم اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ جائے گا۔(رسولِ خدا ﷺ)

نماز گزاروں کا اجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے اُن لوگوں کا اجر عطا کرے گا جو اپنی امانتوں اور عہد و پیمان کی رعایت کرتے ہیں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

(رسولِ خدا ﷺ)

(آیات28) ترتیبِ نزول71 71-سُورہ نُوح مَکیّۃ (رُکوع2)

****

جنت الفردوس، حور العین و خواتین کا تحفہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا پروردگار اُسے جنت الفردوس کے علاوہ تین اور بہشت عطا کرے گا

اور 200 حور العین اور 4000 سابقہ شادی شدہ عورتوں کو اُس کی بیوی بنائے گا۔

(امام جعفر صادق علیہ السلام)

جنت الفردوس جیسا پر سکون ٹھکانہ

جو شخص صبح شام باقاعدگی سے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو مرنے کے ساتھ ہی جنت الفردوس

اُس کا ٹھکانہ ہوگی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

بر آریء حاجات

جو حاجت طلب کرتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے

اُس کی حاجت پوری ہوگی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

با ایمان کی شخص کی ذمہ داری

جو اللہ جل جلالہ پر ایمان رکھتا ہے اور قاریءِ قران ہے وہ سورہ نوح علیہ السلام کی

تلاوت ترک نہ کرے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

نیک لوگوں کے ساتھ ٹھکانہ

جو شخص صبر اور اللہ جل جلالہ سے جزا چاہتے ہوئے واجب و مستحب نمازوں میں تلاوت کرے گا

تو اللہ جل جلالہ اُسے نیک لوگوں کے ساتھ گھر دے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات28) ترتیبِ نزول40 72-سُورہ جن مکیّۃ (رُکوع2)

****

جادو سے نجات

جوسورہ جن کی اپنی زندگی میں کثرت سے تلاوت کرتا ہے تو وہ جنات اور اُن کے جادو ومکروفریب سے محفوظ رہے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

جنات سے محفوظ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُسے غلام آزاد کرنے کا اَجر ملے گا اور جنات سے بھی محفوظ رہے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

جنات کی تعداد کے برابر اَجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُسے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تصدیق کرنے والے اور تکذیب کرنے والے تمام شیاطین کی تعداد برابر اجر ملے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ہمراہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جواِس کی کثرت سے تلاوت کرتا ہے وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہمراہ ہوگا اور کہے گا:
پروردگار! مجھے رسوخدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ہمراہی کے علاوہ کسی چیز کی ضرورت نہیں۔
(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات20)　ترتیبِ نزول3　73-سُورہ مُزمّل　مَکیّۃ　(رُکوع2)

****

پاکیزہ زندگی و موت

جو نمازِ عشا یا آخر شب میں اِس کی تلاوت کرتا ہے تو شب و روز اُس شخص کی سورہ مزمل کے ساتھ گواہی دیں گے اور اللہ جلّ جلالہٗ اُسے پاک و پاکیزہ زندگی اور موت عطا کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بے شمار غلام آزاد کرنے کا اَجر

اِس سورہ کی تلاوت کرنے کا اجر ایسا ہے جیسے جنات اور شیاطین کی تعداد برابر غلام آزاد کرنے والے شخص کا ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

خواب میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت

جو باقاعدگی سے اِس سورہ کی تلاوت کرتا رہے گا وہ خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کرے گا اور پھر جو دل چاہے اُن سے مانگ لے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

دُنیا و آخرت کی سختیوں سے نجات

جو شخص بھی اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس سے دُنیا اور آخرت کی سختیاں اُٹھالی جائیں گی۔

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات56)　　ترتیبِ نزول4　　74-سُورہ مُدثر　　مکیّۃ　　(رُکوع2)

****

ہمراہی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو واجب نماز میں تلاوت کرے گا تو یہ خدا کے ذمہ ہے کہ اُسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ اُس مقام پر رکھے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور دُنیا میں اُسے کوئی مشکل نہ ہوگی۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

حفظِ قران

جو باقاعدگی سے اِس سورہ کی تلاوت کرے اور آخر میں حفظ قران کی دعا مانگے تو مرنے سے پہلے اللہ جل جلالہ اُس کے دل کو وسعت دے گا اور وہ قران حفظ کرے گا۔(رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت سے دس گُنا اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق اور تکذیب کرنے والوں کی تعداد کے دس گُنا برابر اَجر ملے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات40) ترتیبِ نزول31 75-سُورہ قیامت مکیّۃ (رُکوع2)

****

خوبصورت چہرہ کے ساتھ پل صراط سے گزر

جواِس سورہ کی تلاوت اور اِس پرعمل کرے گا خدا اُسے خوبصورت شکل میں آپ ﷺ کے ساتھ قبر سے نکالے گا، بشارت دی جائے گی اور وہ ہنستے ہوئے پل صراط اور میزان سے گزرے گا۔

چمکتا چہرہ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو مَیں اور جبرائیل علیہ السلام بروزِ قیامت گواہی دیں گے کہ اِس کا قیامت پر پکا یقین تھا۔ جب وہ قبر سے نکلے گا تو اُس کا چہرہ پُرنور ہوگا اور لوگوں کو منور کردے گا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

وُسعت رزق

جوباقاعدگی سے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس کا رزق وسیع ہوگا، وہ گُناہوں سے محفوظ رہے گا اور لوگوں کے درمیان محبوب ہوگا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات 31) ترتیبِ نزول 98 76-سُورہ دَہر مدنیۃ (رُکوع 2)

****

باکرہ حُور العین سے تزویج

جو ہر جمعرات کی صبح اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو خدا 800 کنواری اور 4000 سابقہ شادی شدہ نیک خواتین سے اُس کی تزویج کرے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

جنت الفردوس جیسی جزا

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ جزا کے طور پر جنت الفردوس اور اُس کی نعمتیں عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قوت ءِ نفس کا باعث

جو اِس سورہ کی تلاوت باقاعدگی سے کرے گا اُس کا ضعیف نفس قوی ہو جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دردِ دل کی دوا

جو اِس کو لکھ کر اِس کا پانی پیئے گا تو اُس سے دِل کا درد بہتر ہو گا۔جسم صحیح وسالم ہو جائے گا اور بیماری سے نجات پائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہمراہی ءِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو ہر جمعرات کی صبح اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمراہی نصیب ہو گی۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

(آیات50) ترتیبِ نزول33 77-سورہ مُرسلات مکیّۃ (رُکوع2)

****

حضرت محمد ﷺ کے ساتھ آشنائی

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلّ جلالہٗ اُس کے اور حضرت محمد ﷺ کے درمیان آشنائی پیدا فرمائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

شرک سے محفوظ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ اللہ جلّ جلالہٗ کیلئے شرک کرنے والا شمار نہیں گا۔(رسول خدا ﷺ)

دُشمن پر کامیابی

جو اپنے اور کسی دوسرے کے درمیان فیصلے کے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جلّ جلالہٗ اُسے دشمن پر کامیابی عطا کرے گا۔(رسول خدا ﷺ)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات40) ترتیبِ نزول80 78-سُورہ نَباء مَکیّۃ (رُکوع2)

****

خانہ ءکعبہ کی زیارت

جوہرروز باقاعدگی سے سورہ نباء کی تلاوت کرے گا اُسے اِن شاءاللہ جل جلالہ ایک سال کے اندراندر خانہ کعبہ کی زیارت نصیب ہوگی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

آسان اور کم حساب

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اور اُسے یاد کرے گا تو قیامت والے دن اِس کا صرف سورہ لکھنے کے وقت کے برابر حساب ہوگا اور جنت الفردوس میں داخل ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جنت الفردوس کا ٹھنڈا پانی

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا قیامت والے دن اللہ جل جلالہ اُسے ٹھنڈے شربت سے سیراب کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات46) ترتیبِ نزول81 79-سُورہ نازِعات مکیّۃ (رُکوع2)

****

دُنیا اور آخرت کی سیرابی

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ سیراب ہو کر مرے گا اور سیراب اُٹھایا جائے گا۔ نیز سیراب ہو کر جنت الفردوس میں داخل ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُشمنوں سے محفوظ

جو اِس سورہ کو دشمن کے مقابلہ میں تلاوت کرے تو دُشمن منحرف ہو جائے گا، دُشمنوں سے محفوظ رہے گا اور اُسے کوئی ضرر نہ ہوگا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نماز پڑھنے کے وقت جتنا حساب

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے تو بروزِ قیامت اُس کا حساب کتاب ایک نماز پڑھنے کے وقت کے برابر ہوگا اور وہ جنت الفردوس میں داخل ہوگا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات42)　　ترتیبِ نزول24　　80-سُورہ عَبَس　　مَکِّیَّۃ　　(رُکوع1)

****

ظلِ خدا

جوسورہ عبس اور تکویر کی تلاوت کرے گا وہ خدا کے زیر سایہ ہوگا، دوسروں کی خیانت سے محفوظ رہے گا،
ظل خدا اور کرامت خدا کا حقدار ہوگا اور جنت الفردوس میں جائے گا۔
(امام جعفر صادق علیہ السلام)

روزِ قیامت مسکراہٹ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ بروزِقیامت اپنی قبر سے ہنستے مسکراتے باہر آئے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

ہر جاہ بھلائی ہی بھلائی

جواِس سورہ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ جہاں بھی جائے گا بھلائی ہی بھلائی دیکھے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سفری مشکلات سے نجات

اگر مسافر اپنے سفر کے دوران اِس سورہ کی تلاوت کرے تو یہ سورہ اُسے سفر کی مشکلات سے
نجات دینے کیلئے کافی ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات29) ترتیبِ نزول7 81-سُورہ تکویر مکیّۃ (رُکوع1)

****

ظلِ خدا

جوسورہ عبس اور تکویر کی تلاوت کرے گا، وہ خدا کے زیر سایہ ہوگا اور دوسروں کی خیانت سے محفوظ رہے گا اور وہ ظلِ خدا اور کرامت خِدا کا حقدار ہوگا اور جنت الفردوس میں جائے گا۔

(امام جعفر صادق علیہ السلام)

رُسوائی سے نجات

اِس کی تلاوت کرنے والا قیامت کے دن نامہء اعمال کھلنے کے وقت رُسوائی سے اللہ جل جلالہ کی پناہ میں ہوگا اور امن دینے والے نبیء اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف دیکھ رہا ہوگا۔

(رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

آنکھ کا درد

اگر اِس سورہ کو آنکھ وغیرہ کے درد پر پڑھا جائے تو خداعزوجل کے حکم سے شفا پائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

زیارتِ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو بروزِ قیامت میرے دیدار کا مشتاق ہے وہ اِس سورہ کی تلاوت کرے۔(رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بڑھاپے کا سبب

سورہ ہود، واقعہ، مرسلات، عم اور تکویر نے مجھے بوڑھا کر دیا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات19)　ترتیبِ نزول82　82-سُورہ اِنفطار　مَکیّۃ　(رُکوع1)

****

حاجات کی بر آری

جوہمیشہ واجب اور مستحب نمازوں میں سورہ انفطار اور انشقاق کو تلاوت کرے گا خدا اُس کے اور اُس کی حاجات کے درمیان کوئی فاصلہ نہیں ڈالے گا۔خدا اور اُس کے درمیان کوئی مانع نہ ہوگا اور لوگوں کے حساب کتاب سے فراغت پانے تک اللہ جَلَّ جَلالُہٗ اُس پر نظر کرم فرمائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

پوشیدہ عیب

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ نامہ اعمال کھلنے کے وقت رسوائی سے اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کی پناہ میں ہوگا۔اُس کے عیوب پوشیدہ ہوں گے، بروزِ قیامت شان کے مطابق اُس کے اُمور کی اِصلاح کی جائے گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

قید سے رہائی

قیدی شخص اگر تلاوت کرے،اپنے پاس رکھے تو اُس کی رہائی آسان ہوگی،قید سے آزادی ملے گی،خوف سے محفوظ رہے گا اور بحکم خدا جلد ہی اُس کے حالات کی اِصلاح ہو جائے گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نیکیاں ہی نیکیاں

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جَلَّ جَلالُہٗ اُسے قبروں اور پانی کے قطروں کے برابر نیکیاں اور اَجر عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات36) ترتیب نزول86 83-سُورہ مُطَفِّفِین مَکِّیَّة (رُکوع1)

****

آخرت میں اَمن

جو واجب نماز میں اِس کو تلاوت کرے گا، خدا بروزِ قیامت اُسے آگ سے محفوظ رکھے گا اور بروزِ قیامت اُس کا محاسبہ نہ ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

شراب طہور سے سیرابی

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا خدا بروزِ قیامت اُسے خالص شراب طہور سے سیراب کرے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گودام کی حفاظت

جو اِس سورہ کو کسی گودام پر تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے گودام ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات25) ترتیبِ نزول83 84-سُورہ اِنشقاق مکیّۃ (رُکوع1)

****

پناہ خدا

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جلّ جلالہٗ اُسے پشت کے پیچھے نامہ ءاعمال دینے سے پناہ دے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

آسان ولادت

جس عورت پر بچے کی ولادت مشکل ہو اگر یہ سورہ لکھ کر اُسے باندھا جائے یا اُس کے پاس
اِس کی تلاوت کی جائے تو ولادت آسان اور جلدی ہوگی۔

خواہشات کا حصول

جو شخص سورہ انفطار و انشقاق کو تلاوت کرے اور نماز فریضہ و نافلہ میں اِن کے پڑھنے کو نصب العین بنالے
تو خدا اُس کو اُس کی خواہشات تک پہنچائے گا، کوئی چیز اُس کے اور خدا کے درمیان حائل نہ ہوگی،
وہ ہمیشہ لطف خدا پر نظر رکھے گا اور خدا اُس پر نظرِ کرم کرے گا یہاں تک کہ
لوگوں کے حساب سے فارغ ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱

(آیات 22) ترتیبِ نزول 27 85-سُورہ بُروج مَکیّۃ (رُکوع 1)

****

اَنبیاء علیہم السلام کا سورہ

جو واجب نماز میں اِس کو تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُس کا حشر پیغمبروں علیہم السلام، رسولوں علیہم السلام اور صالحین کے ساتھ کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

یومِ جمعہ و عرفہ کے اجتماع سے دس گُنا زیادہ اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے جمعہ اور عرفات کے اِجتماعات کی تعداد کے دس گُنا نیکیوں کا اجر عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خوف اور مشکلات سے نجات

اِس سورہ کی تلاوت ہر قسم کے خوف اور مشکلات سے نجات کا سبب ہے ۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سانپ کے زہر کا تریاق

جو زہر پی بیٹھے یا زہریلا سانپ اُسے ڈس لے تو پانی پر سورہ بروج پڑھ کر پانی اُسے پلا دیا جائے تو ان شاءاللہ العزیز زہر نقصان نہیں پہنچائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات17) ترتیبِ نزول36 86-سُورہ طارق مکیّۃ (رُکوع1)

****

اللّٰہ جَلَّ جَلَالُہٗ کے نزدیک قدر و منزلت

جوواجب نماز میں اِس کوتلاوت کرے گااللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کےنزدیک اِس کی قدرومنزلت ہوگی اورجنت الفردوس میں انبیاءعلیہم السلام اوراُن کے اصحاب کی رفاقت میں ہوگا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

ستاروں کی تعداد سے بہت زیادہ نیکیاں

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گااللہ جَلَّ جَلَالُہٗ اُسے تمام ستاروں کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

بیماری سے شفا

جواِس سورہ کوکسی چیز پرتلاوت کرے اوراُسے دوا سمجھ کر پی لےتو اُسے شفا ملے گی۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات29) ترتیبِ نزول8 87-سُورہ اَعلیٰ مَکیّۃ (رُکوع1)

****

ابواب جنت الفردوس پر اختیار

جو واجب یا مستحب نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلالہٗ بروزِ قیامت اُسے کہے گا کہ جنت الفردوس کے جس دروازے سے جی چاہے، داخل ہو جا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

صحف انبیاء کے ہر حرف کے برابر اَجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلالہٗ اُسے ابراہیم علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل ہونے والے ہر حروف کی تعداد کے برابر اجر ملے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

کان کے درد کا علاج

اگر اِس سورہ کی کان کے درد والے مریض کے پاس تلاوت کی جائے گی تو کان کا درد درست ہو جائے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

بواسیر سے نجات

اگر بواسیر کے مریض کے پاس اِس سورہ کی تلاوت کی جائے تو بواسیر جڑ سے ختم ہو جائے گی اور مریض کو جلد شفا نصیب ہوگی۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

صحفِ انبیاء کی تلاوت

جو ہر روز 20 مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ اُس شخص کی مانند ہوگا جس نے صحف اِبراہیم علیہ السلام اور توراتِ موسیٰ علیہ السلام کی تلاوت کی ہے۔ (مولا علی علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات26) ترتیبِ نزول68 88-سُورہ غاشِیہ مَکیّۃ (رُکوع1)

****

عذابِ جہنم سے امان

جو واجب یا مستحب نماز میں اِسے تلاوت کرے گا تو خدا اُسے دُنیا و آخرت میں اپنی رحمت سے ڈھانپے گا اور بروزِ قیامت جہنم سے امان دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

آسان حساب و کتاب

جو اِس سورہ کو تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس سے آسان حساب و کتاب لے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

صحت و سلامتی

جو شخص اِسے کھانے پینے کی چیزوں پر تلاوت کرے گا تو وہ اُس کے مضرات سے محفوظ رہے گا اور اللہ جل جلالہ اُس کے رزق میں سلامتی قرار دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات30)　ترتیبِ نزول10　89-سُورہ فجر　مَکیّۃ　(رُکوع1)

****

سید الشھدا علیہ السلام کا سورہ

اِس کو واجب و مستحب نماز میں پڑھو، یہ امام حسین علیہ السلام کا سورہ ہے۔ اِس کا قاری بروزِ قیامت امام حسین علیہ السلام کے ساتھ ہوگا، بے شک خدا عزیز و حکیم ہے۔

(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بخشش گُناہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اِس سورہ کے قاریوں کی تعداد کے برابر اِس کے گُناہ بخش دے گا اور بروزِ قیامت ایک نور عطا کرے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اولادِ نرینہ

جو اِس سورہ کو لکھ کر اپنی بیوی کو باندھے تو اللہ جل جلالہ اُسے بیٹا عطا کرے گا جو اُس کیلئے برکت اور آنکھوں کی ٹھنڈک ہوگا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گُناہوں کی بخشش اور نور

جو اِسے اول ذی الحجہ کی دس راتوں میں تلاوت کرے، خدا اُس کے گُناہ بخش دے گا اور باقی ایام میں تلاوت کرے گا تو بروزِ قیامت اُس کیلئے روشنی ہوگی۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات20) ترتیبِ نزول35 90-سُورہ بلد مکیّۃ (رُکوع1)

****

دُنیا و آخرت میں مقام

جو واجب نماز میں اِس کو تلاوت کرے گا وہ دُنیا میں ایک صالح انسان اور آخرت میں خدا کے ہاں بڑی منزلت والے کے عنوان سے پہچانا جائے گا اور بروزِ قیامت پیغمبر علیہ السلام، شہدا اور صالحین کا دوست شمار ہو گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

قیامت کی سختیوں سے نجات

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جل جلالہ تعالیٰ بروزِ قیامت اپنے غضب سے امن میں رکھے گا اور قیامت کی سختیوں سے نجات دے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بچے کا سکون

جو اِسے لکھ کر کسی کمسن بچے یا تازہ متولد شدہ بچے کو باندھے گا تو بچہ ہر آفت اور رونے سے امن میں رہے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات15) ترتیبِ نزول26 91-سُورہ شمس مکیّۃ (رُکوع1)

****

تمام کائنات کی گواہی

جوشخص دن یارات کوسورہ شمس، لیل، ضحی اور الم نشرح کی کثرت سے تلاوت کرے گا تو کائنات کی ہر چیز اُس کیلئے گواہی دے گی یہاں تک کہ اُس کے بال، جلد، گوشت خون، رگیں، اعصاب، ہڈیاں اور روئے زمین پر موجود تمام چھوٹے چھوٹے ذرات بھی گواہی دیں گے۔خدا فرمائے گا میں نے اپنے عبد کے حوالہ سے تمہاری گواہی قبول کر لی ہے اور اُسے کافی سمجھا ہے اُسے میری جنتوں میں لے جاؤ، جس کا چاہے انتخاب کرے اور اُسے میرے احسان کے بغیر ہی سب کچھ دو فقط میری رحمت اور فضل کے حوالہ سے اُسے عنایت کرو، خوشگواری تو میرے بندے کی خوشگواری ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

صدقہ ء کائنات

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو گویا اُس نے ہر اُس چیز کا صدقہ دیا ہے جس پر سورج اور چاند چمکتے ہیں۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

توفیقِ خداوندی

جو باقاعدگی سے اِس سورہ کی تلاوت کرے تو وہ جہاں بھی ہوگا اللہ جل جلالہ اُسے توفیق اور حافظہ عطا فرمائے گا اور لوگوں میں باعظمت اور مقبول ہوگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات21)　　ترتیبِ نزول9　　92-سُورہ لَیل　　مَکیّۃ　　(رُکوع1)

****

تمام کائنات کی گواہی

جوشخص دن یارات کوسورہ شمس، لیل، ضحیٰ اور اَلم نشرح کی کثرت سے تلاوت کرے گا تو کائنات کی ہر چیز اُس کیلئے گواہی دے گی
یہاں تک کہ اُس کے بال، جلد، گوشت خون، رگیں، اعصاب، ہڈیاں اور روئے زمین پر موجود تمام چھوٹے چھوٹے
ذرات بھی گواہی دیں گے۔خدا فرمائے گا مَیں نے اپنے عبد کے حوالہ سے تمہاری گواہی قبول کرلی ہے
اور اُسے کافی سمجھا ہے اُسے میری جنتوں میں لے جاؤ، جس کا چاہے انتخاب کرے
اور اُسے میرے احسان کے بغیر ہی سب کچھ دو فقط میری رحمت اور فضل
کے حوالہ سے اُسے عنایت کرو، خوشگواری تو میرے بندے کی
خوشگواری ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

عطائے کثیر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہٗ اُس کی رضایت کے مطابق عطا کرے گا، اُس سے سختیاں
دُور کرے گا، آسانیاں میسر کرے گا اور اپنے فضل سے غنی بنائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اچھا خواب

جوسونے سے پہلے پندرہ مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو وہ خواب میں پسندیدہ بھلائی دیکھے گا
اور کوئی براخواب نہیں دیکھے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

قبولیت نماز

جواِسے نمازِ عشاء میں تلاوت کرے گا گویا اُسنے ایک چوتھائی قرآن کی تلاوت کی ہے
اور اُس کی نماز قبول ہوگی۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات 11)　ترتیبِ نزول 11　93-سُورہ الضحیٰ　مکیّۃ　(رُکوع 1)

****

تمام کائنات کی گواہی

جوشخص دن یارات کوسورہ شمس، لیل، ضحیٰ اور الم نشرح کی کثرت سے تلاوت کرے گا تو کائنات کی ہر چیز اُس کیلئے گواہی دے گی یہاں تک کہ اُس کے بال، جلد، گوشت خون، رگیں، اعصاب، ہڈیاں اور روئے زمین پر موجود تمام چھوٹے چھوٹے ذرات بھی گواہی دیں گے۔ خدا فرمائے گا میں نے اپنے عبد کے حوالہ سے تمہاری گواہی قبول کر لی ہے اور اُسے کافی سمجھا ہے اُسے میری جنتوں میں لے جاؤ، جس کا چاہے انتخاب کرے اور اُسے میرے احسان کے بغیر ہی سب کچھ دو فقط میری رحمت اور فضل کے حوالہ سے اُسے عنایت کرو، خوشگواری تو میرے بندے کی خوشگواری ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

شفاعت رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو بروزِ قیامت اُس کیلئے شفاعت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واجب ہوگی اور اُس کیلئے ہر سائل اور یتیم کی تعداد کے دس گُنا نیکیاں ہوں گیں۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تلاش گمشدہ

اگر گمشدہ کا نام لے کر اِس سورہ کو لکھا جائے تو وہ اپنے دوستوں میں صحیح وسالم لوٹ آئے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حفاظت اشیاء

اگر کوئی شخص کسی جگہ ایک چیز بھول گیا ہو تو وہ اِس سورہ کی تلاوت کرے تو چیز ملنے تک اللہ جل جلالہ اُس کی حفاظت کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات8) ترتیبِ نزول12 94-سُورہ اَلَم نَشرح مَکیّۃ (رُکوع1)

****

تمام کائنات کی گواہی

جوشخص دن یارات کوسورہ شمس، لیل، ضحی اور اَلَم نشرح کی کثرت سے تلاوت کرے گا تو کائنات کی ہر چیز اُس کیلئے گواہی دے گی یہاں تک کہ اُس کے بال، جلد، گوشت خون، رگیں، اعصاب، ہڈیاں اور روئے زمین پر موجود تمام چھوٹے چھوٹے ذرات بھی گواہی دیں گے۔ خدا فرمائے گا میں نے اپنے عبد کے حوالہ سے تمہاری گواہی قبول کرلی ہے اور اُسے کافی سمجھا ہے اُسے میری جنتوں میں لے جاؤ، جس کا چاہے انتخاب کرے اور اُسے میرے احسان کے بغیر ہی سب کچھ دو فقط میری رحمت اور فضل کے حوالہ سے اُسے عنایت کرو، خوشگواری تو میرے بندے کی خوشگواری ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

یقین و عافیت خداوندی

جوشخص سورہ الم نشرح کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُسے یقین اور عافیت عطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سینہ کے درد کا علاج

جسے سینہ میں درد ہے وہ اِس سورہ کی تلاوت کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ جل جلالہ اُسے شفاء دے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

غم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دور کرنے والا

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اُس شخص کا اَجر عطا کیا جائے گا جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غمگین حالت میں دیکھ کر اُن کا غم دور کیا ہو۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات8) ترتیبِ نزول28 95-سُورہ تین مکیّۃ (رُکوع1)

****

خواہش کے مطابق جنت

جواپنی واجب اور مستحب نماز میں سورہ تین تلاوت کرے گا، اُس کی رضایت وخواہش کے مطابق جنت الفردوس ملے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بے حد واحصیٰ اجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے بے حد واحصیٰ اجر عطا کرے گا اور گویا اُس کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات ہوئی ہے جبکہ وہ غمگین تھے، اُس نے اُن کا غم دور کر دیا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حفاظت طُعام

جس نے موجودہ کھانے پر اِس کو پڑھا تو اللہ جل جلالہ اُس کے کھانے میں موجود ضرر کو دُور کر دے گا خواہ اُس میں زہر ہی کیوں نہ ہو، اللہ جل جلالہ اُسے شفا بخش غذا میں بدل دے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

یقین و سلامتی

اِس کے قاری کو اللہ جل جلالہ دو خصلتیں عطا کرے گا یعنی دُنیا میں اُسے یقین وعافیت عطا کرے گا اور جب مرے گا تو اُس کی تلاوت کرنے والوں کی تعداد کے برابر ایک کے روزے کا اَجر عطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات19) ترتیبِ نزول1 96-سُورہ علق مَکیّۃ (رُکوع1)

****

شہید کی موت

جواِس سورہ کی تلاوت کرے اوراُس دن مرجائے تو وہ شہید کی موت مرا، خدا اُسے شہید کی طرح زندہ کرے گا، یہ اُس شخص کی مانند ہوگا جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ راہِ خدا میں تلوار چلاتا رہا ہو۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

جہاد فی سبیل اللہ جل جلالہ

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے اِس کا اجرعطا کرے گا جس نے اللہ جل جلالہ کی راہ میں تلوار کو بے نیام کیا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

غرق سے محفوظ

اگرسمندر میں سفر کرنے والا شخص اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُسے غرق ہونے سے محفوظ رکھے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

سورہ ہائے مفصل کا اجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے سورہ ہائے مفصل (سورہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے لے کرآخر قران تک) کی تلاوت کا اَجرعطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات5) ترتیبِ نزول25 97-سُورہ قَدر مَکّیۃ (رُکوع1)

****

جہاد فی سبیل اللہ جل جلالہ

جواس کی بلند آواز میں تلاوت کرے گاوہ راہِ خدا میں تلوار اٹھانے والے شخص کی طرح ہے اور جو اِسے آہستہ آواز میں تلاوت کرے گا
وہ راہِ خدا میں خون میں لت پت شخص کی مثل ہوگا جو دس مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا
خدا اُس کے گُناہوں میں سے 1000 گُناہ بخش دے گا۔

گذشتہ گُناہوں کی بخشش

جو اپنی واجب نماز میں تلاوت کرے گا تو منادی ندا کرے گا۔
اے عبدِ خدا! تیرے گذشتہ گُناہ معاف کر دیئے گئے ہیں اب نئے سرے سے عمل شروع کر۔

بے حد و حساب فضائل

ہر چیز کا ایک ثمر ہے اور قران کا ثمر سورہ قدر ہے۔ ہر چیز کا ایک خزانہ ہے اور قران کا خزانہ سورہ قدر ہے۔ ہر چیز کا ایک مددگار ہے اور کمزوروں کا مددگار سورہ قدر ہے۔ ہر چیز کا ایک ہادی ہے اور صالحین کا ہادی سورہ قدر ہے۔ ہر چیز کی ایک زینت اور قران کی زینت سورہ قدر ہے۔ ہر چیز کی ایک بشارت ہے اور قران کی بشارت سورہ قدر ہے اور ہر چیز کی ایک حجت ہے اور نبی کے بعد حجت سورہ قدر ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

طولانی زندگی

یہ انسان کا بہترین دوست ہے، اِس سے قرض ادا ہوتے ہیں۔ دین بلند اور عظیم ہوتا ہے، کامیابیاں ظاہر ہوتی ہیں، عمر طولانی ہوتی ہے، حالت بہتر ہوتی ہے اور جو کثرت سے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو وہ شہدا اور صدیقین کے زمرے میں خدا سے ملاقات کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

رحمتِ خداوندی

اللہ جل جلالہ رحمت کے ایک ہزار دم کرتا ہے اور جس عبد کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے لیکن جو شبِ قدر میں اور عصرِ جمعہ کے بعد سو مرتبہ تلاوت کرے تو اُسے اِس ہزار رحمتوں کے علاوہ اِس جیسی کئی دوسری رحمتیں عطا کرے گا۔(امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 8) ترتیبِ نزول 100 98-سُورہ بیّنہ مدنیّۃ (رُکوع 1)

****

آسان حساب اور شرک سے دُوری

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ شرک سے دُور ہوگا، دینِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہوگا، اللہ جل جلالہ اُسے مومن اُٹھائے گا اور آسان حساب لے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

یرقان، برص اور سفیدیِ چشم سے نجات

جو اِس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے یا پانی پیئے تو اُسے یرقان، برص اور سفیدیِ چشم سے آرام ملے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تاکید تلاوت

اگر لوگوں کو اُس کی برکات کا علم ہوتا تو اپنے گھر والوں کو اُس کی تلاوت کا حکم دیتے اور مال و منال کو چھوڑ کر اُس کی طرف بڑھتے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دِین و دُنیا کی حفاظت

جو اِس کی رات کے وقت تلاوت کرے گا خدا ایسے فرشتوں کو مامور کرے گا جو اِس کے دین و دُنیا کی حفاظت کریں گے اور اِس کیلئے بخشش و رحمت طلب کریں گے اور اگر وہ دِن کے وقت تلاوت کرے گا تو اُن چیزوں کی مقدار میں جنہیں دِن روشن کرتا ہے اور رات تاریک بنا دیتی ہے، اُسے اَجر دیں گے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات 8)　ترتیبِ نزول 93　99-سُورہ زلزال　مدنیۃ　(رُکوع 1)

****

آفاتِ دُنیاوی سے حفاظت

جواِسے مستحب نمازوں میں تلاوت کرے گا خدا کبھی بھی اُسے زلزلہ جیسی آفت، گرج دار بجلی اور دُنیاوی آفات میں مبتلا نہیں کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بہشت میں سکونت

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والا جب مرے گا تو اُسے جنت الفردوس جانے کا حکم دیا جائے گا۔ پروردگار فرمائے گا: مَیں نے تجھ پر بہشت حلال کی ہے جہاں چاہتے ہو سکونت اختیار کرو، کوئی تمہیں منع کرنے والا اور دُور بھگانے والا نہیں۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

مکمل قران کا اَجر

اِس سورہ کی چار مرتبہ تلاوت کرنے والا اُس شخص کی مانند ہے، جس نے پورے قران کی تلاوت کی ہو۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سورہ بقرہ کی تلاوت کا ثواب

جوشخص اِس سورہ کی تلاوت کرے گا گویا اُس نے سورہ بقرہ کی تلاوت کی ہو یا قران کے چوتھائی حصہ کی قرات کی ہو۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات11)　ترتیبِ نزول14　100-سُورہ عادِیات　مَکّیّۃ　(رُکوع1)

****

ہم حجرہءِ مولا علی عَلَیْہِ السَّلام

جو اِس سورہ کی باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ بروزِ قیامت اُسے مولا علی علیہ السلام کے ساتھ محشور کرے گا اور ہم حجرہ اور دوست بنائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

مکمل قرآن کا ثواب

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو مکمل قرآن پڑھنے والے کا اَجر ملے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

اَدائیگیءِ قرض میں اعانت

اگر مقروض اِس کی باقاعدگی سے تلاوت کرے تو اللہ جل جلالہ جلد قرض کی ادائیگی میں اُس کی مدد کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حجاجِ مزدلفہ سے دس گُنا زیادہ نیکیاں

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُسے مزدلفہ میں موجود تمام حاجیوں کی تعداد کے دس گُنا زیادہ نیکیاں دی جائیں گی۔

(آیات11)　ترتیبِ نزول30　101-سُورہ قارِعہ مَکیّۃ　(رُکوع1)

****

فتنہ یِ دجال سے حفاظت

جو کثرت سے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے فتنہء دِجال اور بروزِ قیامت جہنم کی پیپ سے محفوظ رکھے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

میزان اَعمالِ صالح

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو بروزِ قیامت اُس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

وُسعتِ رزق اور برآری یِ حاجات

جو شخص بیک وقت 180 مرتبہ تلاوت کرے گا تو اُس کی حاجات پوری ہوں گی نیز اِسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، اُس کی روزی وسیع ہوگی۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات8) ترتیبِ نزول12 102-سُورہ تکاثر مَکیّۃ (رُکوع1)

****

سو شہداء کے مساوی اَجر

جوواجب نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُس کا اَجر100 شہداء کے برابر قرار دے گا اور جو مستحب نماز میں تلاوت کرے گا تو50 شہداء کے برابر اَجر ملے گا اور وہ اُس شخص کی مانند ہو گا جس کے ساتھ ملائکہ کی40 صفوں نے واجب نماز ادا کی ہو۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

عذاب قبر سے محفوظ

جو سوتے وقت اُس کی تلاوت کرے گا وہ قبر کے عذاب سے اَمن میں ہو گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

نعماتِ دُنیا بدون حساب

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُس سے دُنیا میں عطا کی گئی نعمتوں کا حساب نہیں لے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بخشش گُناہ

جو بارش میں تلاوت کرے گا تو سورہ کے ختم ہوتے ہی اُس کے گُناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔(رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

منکر و نکیر کے سوال و جواب میں آسانی

جو سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ عذابِ قبر سے اَمن میں ہو گا اور اللہ جل جلالہ منکر و نکیر کے سوال و جواب میں آسانی فرمائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دُنیاوی نعمتوں کے حساب سے نجات

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا خدا اُس شخص سے دُنیاوی نعمتوں کا حساب نہیں لے گا اور اُسے1000 آیات کی تلاوت کا اَجر دے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات3) ترتیبِ نزول13 103-سُورہ عَصر مَکیّۃ (رُکوع1)

****

دَرخشاں چہرہ

جومستحب نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ جلّ جلالہٗ بروزِ قیامت اُسے خوشحال چہرے سے اُٹھائے گا
یہاں تک کہ جنت الفردوس میں داخل ہو جائے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

خاتمہ بالاِیمان

اللہ جلّ جلالہٗ اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو دس نیکیاں عطا کرے گا، خاتمہ اِیمان پر ہو گا
اور اصحابِ حق کے ساتھ تعلق ہو گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

سیف کی حفاظت

جو اِس سورہ کو لکھ کر سیف میں رکھ دے تو اُس کا خزانہ محفوظ رہے گا۔(امامِ معصوم علیہ السلام)

چیزوں کی حفاظت

اگر اِس کو زمین میں چھپائی گئی کسی چیز یا گودام وغیرہ پر تلاوت کی جائے تو اللہ جلّ جلالہٗ
مالک کے آنے تک اُس کی حفاظت کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حاکم سے اَمن

جو اِس کی جمعہ کے دن نمازِ عشاء کے بعد لکھ کر اپنے پاس رکھے اور حاکم کے پاس جائے
تو اَمن میں رہے گا۔(امام معصوم علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات9) ترتیبِ نزول32 104-سُورہ ہمزہ مکیّۃ (رُکوع1)

****

فقر سے دُوری

جو واجب نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا خدا اُس سے فقر کو دُور کر دے گا اور روزی اُس کا رُخ کرے گی، قبیح اور بری موت اُس سے دُور ہو جائے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

حسنات کثیرہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُن کے اصحاب کے ساتھ اِستہزاء اور مسخرہ کرنے والوں کی تعداد کے برابر ثواب عطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

آنکھ درد کا علاج

اگر اِس کو آنکھ کے درد کیلئے تلاوت کیا جائے تو آنکھ کا درد جاتا رہے گا۔(امام معصوم علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات5) ترتیبِ نزول19 105-سُورہ فِیل مکیّۃ (رُکوع1)

****

دشت و پہاڑ کی گواہی

جوواجب نماز میں تلاوت کرے تو تمام دَشت، پہاڑ و مٹی گواہی دیں گے کہ یہ نمازی ہے اور بروزِ قیامت منادی ندا کرے گا کہ تم نے میرے عبد کے متعلق سچ کہا ہے، مَیں تمہاری گواہی قبول کرتا ہوں، اِسی گواہی کے سبب اِسے جنت الفردوس میں داخل کرو اور اِس کا محاسبہ نہ کرو کیونکہ مَیں اِسے اور اسکے عمل کو محبوب جانتا ہوں۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

عذاب اور مسخ سے نجات

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے عذاب اور دُنیا میں مسخ ہونے سے پناہ دے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

دُشمن پر فتح

اگر اِس کو جنگ میں پڑھا جائے تو یہ تقویت دیتا ہے اگر اِسے دونوں لشکروں کے درمیان پڑھا جائے تو باغی خود بخود نکل کر بھاگ جائیں گے۔(مجرباتِ اِمامیہ)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات4) ترتیبِ نزول29 106-سُورہ قُریش مَکیّۃ (رُکوع1)

****

جنت الفردوس کی سواریوں کا سوار

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ بروزِ قیامت اُسے جنت الفردوس کی سواریوں میں سے ایک سواری پر سوار کرے گا اور وہ نور کے دستر خوان پر بیٹھے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

طواف کعبہ کا اجر

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے خانہءِ کعبہ کا طواف کرنے اور مسجد الحرام میں اعتکاف بیٹھنے والوں کا اجر عطا کرے گا۔(رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ضرر سے نجات

اگر طعام پر اِس سورہ کی تلاوت کی جائے تو یہ ضرر پہنچانے سے نجات دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

خدائی لطف

اگر کوئی بھوکا، طلوعِ شمس سے پہلے اِس سورہ کی تلاوت کرے تو اللہ جل جلالہ اُس کے طعام کیلئے آسانی پیدا کرے گا۔(مجرباتِ امامیہ)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات7) ترتیبِ نزول17 107-سُورہ مَاعُون مَکّیّۃ (رُکوع1)

****

مقبول اَعمال

جوواجب اور مستحب نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُن لوگوں کی نماز اور روزہ کو اللہ جلّ جلالہٗ قبول کرتا ہے اور دُنیاوی زندگی کے کاموں کا محاسبہ نہ ہوگا۔

گُناہوں کی معافی

جواِس سورہ کی تلاوت کرے گا جب تک زکواۃ ادا کی جاتی رہے گی اللہ جلّ جلالہٗ اُسے معاف کرتا رہے گا۔(رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حفاظت خدا

جوصبح کی نماز کے بعد100 مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلّ جلالہٗ اگلی نماز تک اُس کی حفاظت کرے گا۔(رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات3) ترتیبِ نزول15 108-سُورہ کوثر مکیّۃ (رُکوع1)

****

حضرت محمد ﷺ کے ساتھ نشست

جو واجب اور مستحب نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلّ جلالہٗ بروزِ قیامت جامِ کوثر عطا کرے گا
اور شجرِ طوبیٰ کے نیچے حضرت محمد ﷺ کے ساتھ نشست ہوگی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

جام کوثر

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جلّ جلالہٗ حوضِ کوثر اور جنت الفردوس کی تمام نہروں سے سیراب کرے گا۔(رسولِ خدا ﷺ)

قربانی کرنے والوں کی تعداد سے دس گُنا زیادہ اجر

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جلّ جلالہٗ اُسے قربانی کرنے والوں کی تعداد سے دس گُنا زیادہ اَجر عطا کرے گا۔(رسولِ خدا ﷺ)

زیارتِ رسول ﷺ

جو شب جمعہ 100 مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ خواب میں رسولِ خدا ﷺ کی زیارت کرے گا۔(رسولِ خدا ﷺ)

نہ چلنے والے گھوڑے کا علاج

اگر گھوڑا زمین پر گر جائے تو اُس کے دائیں اور بائیں کان میں 3,3 مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کریں
اور اُس کے پاؤں پر ہلکی سی ٹھوکر لگائیں، وہ کھڑا ہو جائے گا۔

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات6) ترتیبِ نزول18 109-سُورہ کافرُون مَکیّۃ (رُکوع1)

****

دُنیا و آخرت کی سعادت

جو نماز میں سورہ کافرون اور توحید کی تلاوت کرے گا اللہ جلالہٗ اُس کے والدین و اولاد کو معاف کر دے گا
اگر وہ شقی ہوا تو سعید زندہ ہوگا اور شہید مرے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

ثلث اور رُبع قران کی تلاوت کا اَجر

جو واجب نماز میں سورہ کافرون اور توحید کی تلاوت کرے گا تو اُسے ثلث قران اور رُبع قران کی قرات کا اجر ملے گا۔ (مولا علی علیہ السلام)

حساب و کتاب سے نجات

جو سورہ کافرون اور توحید کی تلاوت کرتے ہوئے اللہ جلالہٗ سے ملاقات کرے تو اُس کا کوئی حساب و کتاب نہیں ہے۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

بچھو کے کاٹے کا علاج

بچھو کے کاٹنے پر پانی لگا کر سورہ کافرون، فلق اور الناس پڑھ کر دم کریں۔ (رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

توشہ ء سفر

جب تم سفر کیلئے جاؤ تو اِن 5 سورہ کی تلاوت کرتے رہو۔ سورہ کافرون، نصر، توحید، فلق، ناس۔
تم زادِ راہ اور توشہءِ سفر میں دوستوں سے بہتر رہو گے۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

شرک سے نجات

اِس سورہ مبارک کی تلاوت کرنے والا شرک سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔ (رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ایک چوتھائی قران کی تلاوت

اِس سورہ کی تلاوت، چوتھائی قران کی تلاوت کی ہے اور شیاطین اُس سے دور رہوں گے،
شرک سے بری ہوگا اور بروزِ قیامت خوف و گھبراہٹ سے محفوظ ہوگا۔ (رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

سوتے وقت مفید عمل

جب تم بستر پر سونے کیلئے جاؤ تو اِس سورہ کی تلاوت کرو کیونکہ یہ سورہ شرک سے بیزاری اور براءت ہے۔ (رسول خِدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

شر سے بچاؤ

جب تمہارے بچے سونے کیلئے بستر پر جانے کا اِرادہ رکھتے ہوں تو اُنہیں کہو کہ وہ اِس سورہ کی تلاوت کریں تاکہ وہ ہر قسم کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

قیامت کی سختی سے نجات

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ شیطان کی اَذیت اور آزار سے محفوظ رہے گا اور قیامت کی سختی سے اللہ جل جلالہٗ نجات دے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

دُعائے مستجاب

جو طلوعِ شمس کے وقت 10 مرتبہ تلاوت کرے گا اور دُنیا و آخرت سے متعلق جو بھی دُعا کرے گا تو اللہ جل جلالہٗ مستجاب فرمائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

برآریءِ حاجات

جو شخص جمعہ یا اتوار کے دن طلوعِ آفتاب کے وقت 10 مرتبہ تلاوت کرنے کے بعد حاجات طلب کرے گا تو اِن شاءاللہ العزیز اُس کی حاجات برلائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات3) ترتیبِ نزول114 110-سُورہ نصر مدنیّۃ (رُکوع1)

****

دُشمنوں پر کامیابی

جوواجب یا مستحب نماز میں اِس کوتلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُسے تمام دُشمنوں پر کامیابی عطا فرمائے گا۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

اَمان نامہ

اِس کا قاری جب بروز قیامت آئے گا تو اُس کے ساتھ بولنے والی کتاب ہوگی اور جب اللہ جل جلالہ تعالیٰ اُسے قبر سے باہر نکالے گا تو اُس میں جہنم کے پل، آگ اور جہنم کی خوفناک آوازوں کا امان نامہ موجود ہوگا۔جس چیز سے بھی اُس کی ملاقات ہوگی وہ اُسے خیر اور بھلائی کی بشارت اور خوشخبری دے گی یہاں تک کہ وہ جنت الفردوس میں داخل ہوگا۔اور دُنیا میں اَسباب خیر کے اِتنے دروازے کھولے جائیں گے کہ جس کا یہ اندازہ بھی نہیں کر نہیں سکتا اور جس کی کبھی اُس نے آرزو تک بھی نہ کی تھی ۔(امام جعفرصادق علیہ السلام)

فتح مکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ

جوسورہ نصر کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ تعالیٰ اُسے اُس شخص کا اجر عطا کرے گا جو فتح مکہ والے دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مقبول نماز

جوشخص نماز میں سورہ الحمد کے بعد اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اُس کی نماز قبول ہوگی بلکہ اَحسن قبول ہوگی ۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

(آیات5) ترتیبِ نزول6 111-سُورہ بُولَہب مَکیّۃ (رُکوع1)

****

نفرینِ ابولہب

اِس سورہ کی تلاوت پر ابولہب کو بدُعا ضرور کرنا کیونکہ یہ ایسا جھوٹا ہے جو آپ ﷺ اور اللہ جل جلالہ کی طرف سے نازل ہونے والی وحی کی تکذیب کرتا تھا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُشمنانِ خدا سے دُوری

جو بھی اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ تعالیٰ اُسے اور ابولہب کو ایک جگہ جمع نہیں کرے گا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

خراٹوں سے نجات

خراٹے لینے والے کے پاس اِس سورہ کی تلاوت کی جائے تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے اَفاقہ ہوگا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

حفاظتِ خدا

جو سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے تو اللہ جل جلالہ اُس کی حفاظت کرے گا۔ (رسولِ خدا ﷺ)

دشمنِ رسول ﷺ کی مذمت

یہ واحد سورہ ہے جس میں دشمن رِسول خدا ﷺ کا نام لے کر مذمت کی گئی ہے۔ (رسولِ خدا ﷺ)

□ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □ □

(آیات4)　　نزولِ ترتیب22　　112-سُورہ توحید مکیّۃ　　(رُکوع1)

****

ایک تہائی قران کا اَجر

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جلّ جلالہٗ قران مجید کی ایک تہائی قران کی تلاوت اور مومنین و منکرین کی تعداد کے دس گُنا برابر کا اجر عطا فرمائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ایک سو شہداء کے برابر اجر

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو اللہ جلّ جلالہٗ، اُس کے ملائکہ، کتب، رسولوں پر ایمان لانے والے اور 100 شہداء کا اجر نصیب فرمائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

بخشش کا ذریعہ

جو اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اُس کیلئے رب تعالیٰ کی طرف سے بخشش ہے اور مغفرت کا حقدار ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

فقر و فاقہ سے نجات

اِس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو فقر و فاقہ و تنگدستی سے نجات ملتی ہے اور پریشانیاں دُور ہوتی ہیں۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

قاری کا مقام

اِس سورہ کی کثرت سے تلاوت کرنے والا بہت بڑی عظمت کا مالک ہے اور اُس کی شہرت دُنیا کی نسبت آسمان پر زیادہ ہوتی ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

نمازِ جنازہ میں ملائکہ کی شرکت

جو اُٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے اور سوتے وقت تلاوت کرے گا تو اُس کی نمازِ جنازہ ستر ہزار فرشتے جبریل کے ساتھ پڑھیں گے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تلاوت نہ کرنے کی سزا

اِس کی ہر نماز میں کم از کم ایک مرتبہ تلاوت لازمی ہے جو ایسا نہ کرے گا تو وہ ایسا ہے جیسے نمازی ہی نہ ہو۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

دینِ ابولہب

جو جمعہ کو اِس سورہ کی تلاوت نہ کرے اور مر جائے تو وہ ابولہب کے دین پر مرا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

جہنمی کون؟

جوشخص کسی بیماری یا پریشانی میں ہو اور اُس کی تلاوت نہ کرے اور اِسی بیماری اور پریشانی میں فوت ہوجائے تو وہ جہنمی ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُنیا و آخرت کی بھلائی

جو اللہ جل جلالہ اور قیامت پر یقین رکھتا ہے اُس کیلئے واجب ہے فرض نماز میں اِس سورہ کی تلاوت کرے جو یہ کام کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے دُنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرمائے گا اور اُسے، اُس کے والدین اور اَولاد کی مغفرت کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

پچاس سالہ گُناہوں کی بخشش

جو سوتے وقت 100 مرتبہ سورہ اَخلاص کی تلاوت کرے تو خدا اُس کے 50 سالہ گُناہ بخش دے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گھر کی حفاظت

جو سوتے وقت 11 مرتبہ اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو خدا اُس کے اور اُس کے اطراف میں موجود گھروں کی حفاظت کرتا ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

گُناہ سے محفوظ

جو نمازِ صبح کے بعد 11 مرتبہ اِس کو تلاوت کرے تو اُس دن وہ گُناہ نہیں کرے گا شیطان جتنی چاہے کوشش کرے۔(مولا علی علیہ السلام)

ظالم سے نجات

جو ظالم کی ملاقات سے پہلے اِس سورہ کی تلاوت کرے تو خدا ہر طرف سے دفاع کرے گا وشر کے درمیان مانع ہوگا اور اُسے خیر نصیب کرے گا۔
مزید فرمایا: جب کسی چیز سے خائف ہو جاؤ تو قرآن مجید کی کوئی سی 100 آیات کی تلاوت کرو اور پھر تین مرتبہ کہو خدایا اِس بلا اور مصیبت کو مجھ سے دُور فرما۔(امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)

درجات بہشت

درجاتِ بہشت، قرآن کی آیات جتنے ہیں جو جتنا قرآن پڑھتا ہے اُتنا ہی اُس کے درجاتِ بہشت بڑھتے ہیں۔ ہمارے محبوں اور شیعوں میں سے قرآن نہ جاننے والوں کو قبر میں قرآن پڑھایا جاتا ہے تا کہ اُن کے درجات بلند ہوں۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

(آیات5) نزولِ ترتیب20 113-سورہ فلَق مکیّۃ (رُکوع1)

****

بے نظیر سورتیں

سورہ فلَق اورسورہ الناس قرانِ مجید کی بےنظیراوراَفضل سورتیں ہیں ۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

مکمل عربی جملہ

اِن دونوں سورتوں کی خصوصیت یہ ہے کہ ان میں سے ہرایک مکمل عربی جملہ ہیں ۔

تعویزِ الٰہی

رسول ِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طبیعت ناساز ہوئی تو جبریل علیہ السلام نےسورہ فلق کے ساتھ تعویزِ الٰہی کیا اورمیکائیل علیہ السلام نےسورہ ناس کے ساتھ حرزِ الٰہی پیش کیا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

تمام آسمانی کتب کی تلاوت

جومعوذتین کی تلاوت کرے گا گویا اُس نے اللہ جل جلالہ کی طرف سے اَنبیاء علیہ السلام پرنازل ہونے والی تمام کتب کی تلاوت کی ہے ۔(رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اللہ جل جلالہ کی محبوب سورتیں

خداوندِمتعال کی محبوب ترین سورتوں میں سورہ فلق اورناس ہیں ۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حج وعمرہ کا اَجر

جوسوتے وقت سورہءفلق کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہ اُسے حج،عمرہ اورروزہ رکھنے والے کا اَجرعطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

چشمِ بد کا حرز

اِس سورہ کولکھ کراپنے پاس رکھنا مفید ہےاورچشمِ بدکیلئے حرزیعنی تعویز ہے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱▱

(آیات 6) نزولِ ترتیب 21 114-سُورہ الناس مَکیّۃ (رُکوع 1)

****

درد سے سکون

جو اِس سورہ کی کسی بھی درد والی جگہ پر تلاوت کرے گا تو اللہ کے حکم سے سکون پائے گا۔(رسول خداﷺ)

حرزِ خدا

جو شخص سوتے وقت اِس سورہ کی تلاوت کرے گا تو وہ صبح تک حرزِ خدا میں ہوگا۔(رسول خداﷺ)

جنات سے محفوظ

جو ہر رات اپنے گھر اِس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ وَسوسوں اور جنات سے محفوظ رہے گا۔(رسول خداﷺ)

بچوں کی جنات سے حفاظت

جو اِس کو لکھ کر چھوٹے بچوں کو باندھے گا تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے بچے، جنات کے شر سے محفوظ رہیں گے۔(رسولِ خداﷺ)

درد و آفت سے پناہ اور شفاء

یہ سورہ ہر اَلم، درد اور آفت سے پناہ ہے اور پڑھنے والے کیلئے باعثِ شفاء ہے۔(رسولِ خداﷺ)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

دُعا ختم قُرانِ مجید

اللھم انس وحشتی فی قبری اے خدا میری قبر میں میری پریشانی کو دور فرما

اللھم ارحمنی باالقران العظیم اے خدا قرانِ عظیم کے وسیلہ سے مجھ پر رحم فرما

واجعلہ لی اماما ونورا وھدی اور قران کو میرے لئے پیشوا باعث نور اور سبب ہدایت و رحمت فرما

اللھم ذکرنی منہ مانسیت وعلمنی منہ ماجھلت

اے خدا قران میں سے جو کچھ میں بھول گیا ہوں یاد دلا اور جو کچھ قران میں سے میں نہیں جانتا وہ سکھلا دے

وارزقنی تلاوتہ اناع الیل واناع النھار وجعلہ لی حجتہ یارب العلمین

اور رات دن مجھے اس کی تلاوت نصیب کرا اور (قیامت کے روز) اس کو میرے لئے دلیل بنا، اے عالم کے پرورش کرنیوالے۔

اَعمال بوقتِ صبح

****

ادائیگی قرض اور وُسعتِ رزق

قرض کی ادائیگی، حاجات کی برآری اور وُسعت رِزق کیلئے اگر ایک ہفتے تک ہر روز طلوعِ آفتاب کے وقت سورہ طٰہٰ کی تلاوت کی جائے تو جس جگہ روزی ملنے کا گمان تک نہ تھا وہاں سے اللہ جل جلالہٗ روزی عطا کرے گا۔

عصمت کی محافظ

سورہ نور کی تلاوت سے اپنے مال، جان اور خواتین کی حفاظت کرو۔ جو اِس کی ہر دن یا رات میں باقاعدگی سے تلاوت کرے گا تو اِس کے مرنے تک اُس کے خاندان کا کوئی فرد بھی زِنا نہیں کرے گا اور جب وہ مرے گا تو ستر ہزار فرشتے اُس کی تشیعِ جنازہ کریں گے اور قبر میں داخل کرنے تک اُس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔ (اِمام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام صحیفوں کی تلاوت

جو بوقت صبح سورہ شعرا کی تلاوت کرے گا تو اُسے تمام کتب آسمانی کا اَجر ملے گا اور جو اِس کا پانی پیئے گا اللہ جل جلالہٗ اُسے ہر مرض سے شفاء دے گا۔ (رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

شیطانی وسوسے سے نجات

جو سورہ جمعہ کی رات دن، صبح یا عصر کو تلاوت کریگا، وہ شیطانی وسوسے سے محفوظ رہے گا اور اگلے دن تک جو کچھ کرے گا بخشا جائے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

گُناہ سے محفوظ

جو نماز صبح کے بعد 11 مرتبہ سورہ اخلاص تلاوت کرے تو اُس دن وہ گُناہ نہیں کرے گا، شیطان جتنی چاہے کوشش کرے۔ (مولا علی علیہ السلام)

حفاظت خدا

جو صبح کی نماز کے بعد 100 مرتبہ سورہ ماعون کی تلاوت کرے گا اللہ جل جلالہٗ اگلی نماز تک اُس کی حفاظت کرے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خدائی لطف

اگر کوئی بھوکا طلوعِ شمس سے پہلے سورہ قریش کی تلاوت کرے تو اللہ جل جلالہٗ اُس کے طعام کیلئے آسانی پیدا کرے گا۔ (مجرباتِ امامیہ)

جنت الفردوس جیسا ٹھکانہ

جو صبح شام باقاعدگی سے سورہ نوح کی تلاوت کرے گا تو مرنے کے ساتھ ہی جنت الفردوس اُس کا ٹھکانہ ہوگی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

اَعمال بوقتِ شب

****

حرزِخدا

جوشخص سوتے وقت سورہ والناس کی تلاوت کریگا تو وہ صبح تک حرزِ خدا میں ہوگا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

جنات سے محفوظ

جو ہر رات اپنے گھر سورہ والناس کی تلاوت کرے گا وہ وَسوسوں اور جنوں سے محفوظ رہے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

حج وعمرہ کا اجر

جوسوتے وقت سورہ فلق کی تلاوت کرے گا اللہ اُسے حج، عمرہ اور روزے کا اجر عطا کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

پچاس سالہ گناہوں کی بخشش

جوسوتے وقت 100 مرتبہ سورہ اَخلاص کی تلاوت کرے تو خدا اُسکے 50 سالہ گناہ بخش دیگا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

گھر کی حفاظت

جوسوتے وقت 11 مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کرے گا خدا اُسکے اور اطراف میں موجود گھروں کی حفاظت کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

سوتے وقت مفید عمل

جب بستر پر سونے کیلئے جاؤ تو سورہ کافرون کی تلاوت کرو کیونکہ یہ سورہ، شرک سے بیزاری اور براءت ہے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

شر سے بچاؤ

جب تمہارے بچے سونے کیلئے بستر پر جانے کا اِرادہ رکھتے ہوں تو اُنہیں کہو کہ وہ سورہ کافرون کی تلاوت کریں
تا کہ وہ ہر قسم کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

عذاب قبر سے امان

جوسوتے وقت سورہ تکاثر کی تلاوت کرے گا وہ عذابِ قبر سے اَمن میں ہوگا اور اللہ اُنہیں
منکر ونکیر کے سوال وجواب میں آسانی فرمائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

عذاب قبر سے محفوظ

جو سوتے وقت سورہ تکاثر کی تلاوت کریگا وہ قبر کے عذاب سے اَمن میں ہوگا۔(امام صادق علیہ السلام)

دِین و دُنیا کی حفاظت

جو سورہ بینہ کی بوقتِ شب تلاوت کریگا تو خدا ایسے فرشتوں کو مامور کرے گا جواُس کے دین و دنیا کی حفاظت کریں گے اور اُس کیلئے بخشش و رحمت طلب کریں گے اور اگر وہ دِن کے وقت پڑھے گا تو اُن چیزوں کی مقدار میں جنہیں دِن روشن کرتا ہے اور رات اُنہیں تاریک بنا دیتی ہے، اُسے اَجر دیں گے۔(رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

تمام کائنات کی گواہی

جوشخص دن یا رات کو سورہ شمس، لیل، ضحی اور الم نشرح کی کثرت سے تلاوت کریگا تو کائنات کی ہر چیز اس کیلئے گواہی دیگی یہاں تک کہ اس کے بال، جلد، گوشت، خون، رگیں، اعصاب، ہڈیاں اور روئے زمین پر موجود تمام چھوٹے چھوٹے ذرات بھی گواہی دیں گے۔خدا فرمائے گا میں نے اپنے عبد کے حوالہ سے تمہاری گواہی قبول کرلی ہے اور اُسے کافی سمجھا ہے اُسے میری جنتوں میں لے جاؤ، جس کا چاہے انتخاب کرے اور اُسے میرے احسان کے بغیر ہی سب کچھ دو فقط میری رحمت اور فضل کے حوالہ سے اُسے عنایت کرو، خوشگواری تو میرے بندے کی خوشگواری ہے۔
(امام صادق علیہ السلام)

اچھا خواب

جو سونے سے پہلے پندرہ مرتبہ سورہ والیل کی تلاوت کرے گا تو وہ خواب میں پسندیدہ بھلائی دیکھے گا اور کوئی برا خواب نہیں دیکھے گا۔(رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پاک و پاکیزہ زندگی و موت

جو نمازِ عشا یا آخر شب میں سورہ مزمل کی تلاوت کرتا ہے تو شب و روز اُس شخص کی سورہ مزمل کے ساتھ گواہی دیں گے اور خداوند متعال اُسے پاک و پاکیزہ زندگی اور موت عطا کرے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

درکِ امام زمانہ علیہ السلام

جو شخص سونے سے پہلے تمام مسبحات (وہ سورتیں جو تسبیح پروردگار سے شروع ہوتی ہیں) کی تلاوت کرے گا تو جب تک قائم آلِ محمدؐ کو درک نہیں کرے گا نہیں مرے گا اور اگر مر بھی جائے تو اُسے جوارِ رسولِ خداؐ نصیب ہوگا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

حلِ مشکلات

جو سورہ جمعہ کی شب و روز تلاوت کرے گا، ہر خوف سے امن اور ہر مشکل حل کی جائے گی۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

ستر ہزار فرشتوں کی حفاظت

جو سورہ حشر کی آخری تین آیات کی تلاوت کرے گا اللہ اُسکی حفاظت کیلئے ستر ہزار فرشتوں کو مامور کرے گا، جو رات ہونے تک اُس پر درود بھیجتے رہیں گے اگر وہ اُسی دن مرگیا تو شہید کی موت مرا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

ملاقاتِ خدا

جو شخص رات کو سونے سے پہلے اِس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ سے ملاقات کے وقت اُس کا چہرہ چودہویں کے چاند جیسا ہوگا۔ (امام محمد باقر علیہ السلام)

پسندیدہ زندگی

جو شب و روز باقاعدگی سے سورہ نجم کی تلاوت کرے گا وہ لوگوں کے درمیان پسندیدہ زندگی گزارے گا اور محبوب و مغفور ہوگا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

وسیع رزق و نورانی قبر

جو سورہ ذاریات رات یا دن کو پڑھے اللہ اُس کے امورِ زندگی کی اصلاح کرے گا، وسیع رزق دے گا اور اُس کی قبر کو قیامت تک نورانی کرے گا۔ (امام صادق علیہ السلام)

زائرِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو اِس سورہ کی ہر شب و روز تلاوت کرے گا وہ حضرت محمد مصطفیٰؐ کے زائرین سے ہوگا۔ (امام صادق علیہ السلام)

گذشتہ گناہوں کی بخشش

جو رات کو سورہ دخان کی تلاوت کرے گا اللہ اُس کے گذشتہ گناہ معاف کردے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

اللہ کی رحمت اور مغفرت

جو ہر شب سورہ مومن کی تلاوت کرے، اُس کی حالت عمدہ ہوجائے گی اور اللہ کی رحمت اور مغفرت ملے گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

حفاظت خدا

جوسورہ فاطراور سبا کی رات کو تلاوت کرے گا اُس رات خدا اُس کی حفاظت اور نگہداری کرے گا۔ اگر اِن سورتوں کو دن میں تلاوت کرے گا تو اُس دن کسی قسم کی ناگواری نہیں دیکھے گا اور خدا اُسے اتنی زیادہ دنیا و آخرت میں خیر اور بھلائی دے گا کہ اُس نے کبھی سوچا تک نہیں ہو گا اور اُس کی آرزو تک نہ کی ہو گی ۔(امام صادق علیہ السلام)

اِبلیس اور اُسکے لشکر سے حفاظت

جو ہر شب سورہ لقمان کی تلاوت کرے گا تو اُس رات خدا فرشتوں کو نگہبان بنائے گا جو صبح تک ابلیس اور اُسکے لشکر سے اُس کی حفاظت کریں گے اور اگر دن میں اِس کو تلاوت کرے گا تو رات تک ابلیس اور اُس کے لشکر سے حفاظت کریں گے ۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

اَعمال برائے حاجات برآری

****

حاجات پوری ہونے کے خزانے

سورہ البقرہ کی آخری دوآیات بہشت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہیں۔ اللہ جلّ جلالہٗ اِن دوآیتوں کے قاری کی دُنیاوی واُخروی حاجات پوری کرتا ہے اور شیطان بھی اُس کے نزدیک نہیں پھٹک سکتا۔

وُسعت رزق اور حاجات کی برآری

جوشخص چاہتا ہے کہ اُس کا رزق زیادہ ہو، حاجات پوری ہوں تو وہ ہر جمعرات یا جمعہ کے دن یا شب جمعہ قبلہ رُخ بیٹھ کر سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انعام کو وماأوتی رسل اللہ تک تلاوت کرے اور پھر دو رکعت نماز تلاوت کرے اور اللہ یعلم حیث یجعل رسالتہ سے آخر سورہ تک تلاوت کرے اور سجدہ میں سر رکھ کر ستر مرتبہ لاالہ الااللہ محمد الرسول اللہ کہے۔ پھر جو بھی حاجت چاہے گا اِن شاللہ پوری ہوگی۔

مشکلات سے نجات

جوشخص کسی بھی مشکل میں گرفتار ہو تو وہ سورہ ہود کو تیرہ مرتبہ تلاوت کرے تو اِن شاللہ العزیز اُس کی مشکل اور پریشانی دُور ہو جائے گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

دِینی اور دُنیاوی حاجات کی برآری

جوشخص سات مرتبہ پے درپے سورہ بنی اسرائیل کی تلاوت کرے گا، اُس کی دینی اور دُنیاوی حاجات پوری ہوں گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

غربت سے آفاقہ

جوشخص باوضو قبلہ رخ ہو کر تین بار سورہ ق کی تلاوت کرتے ہوئے خدا سے حاجت طلب کرے تو وہ دولت مند بن جائیگا اور حاجتیں بھی پوری ہوں گی۔

برآریءِ حاجات

جو بھی سورہ نجم کو حاجتیں پوری ہونے کی نیت سے 21 بار تلاوت کرے گا تو بہت جلد اُس کی حاجات پوری ہوں گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

برآریءِ حاجات

جو سوہ حشر کی حاجات کے پورا ہونے اور پریشانیوں کے دور ہونے کی نیت سے چالیس دن تک ہر روز ایک مرتبہ تلاوت کرے گا تو اُس کی حاجات پوری ہوں گی اور دعائیں قبول ہوں گی۔ اگر ایک دن نہیں پڑھ سکا تو دوبارہ شروع سے تلاوت کرے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

بر آری ء حاجات

جو حاجت طلب کرتے وقت سورہ نوح کی تلاوت کرے گا تو اللہ جل جلالہ کے حکم سے اُس کی حاجت پوری ہوگی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

دُعائے مستجاب

جو طلوع شمس کے وقت 10 مرتبہ سورہ کافرون کی تلاوت کرے گا اور دُنیا و آخرت سے متعلق جو بھی دُعا کرے گا اللہ جل جلالہ مستجاب فرمائے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بر آری ء حاجات

جو شخص جمعہ یا اتوار کو بوقت طلوعِ آفتاب 10 مرتبہ سورہ کافرون کی تلاوت کرنے کے بعد حاجات طلب کرے گا تو اللہ جل جلالہ اُس کی حاجات برلائے گا۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وُسعتِ رزق اور بر آری ء حاجات

جو شخص بیک وقت 180 مرتبہ سورہ القارعہ کی تلاوت کرے گا، اُس کی حاجات پوری ہوں گی، لکھ کر پاس رکھے، اُس کی روزی وسیع ہوگی۔ (رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

قُرآن وسیلہِ وُسعتِ رزق

****

گھر میں خیرِ کثیر

جو سورہ واقعہ کو لکھ کر گھر میں رکھے گا وہ خیر کثیر کا ملاحظہ کرے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

غَنی کرنے والا عمل

سورہ واقعہ غنی کرنے والا سورہ ہے۔ اِسے خود پڑھو اور بچوں کو اِس کی تعلیم دو۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

گھر اور دُکان میں خیر و برکت

جو سورہ حم مومن کو لکھ کر گھر اور دُکان میں رکھے گا؛ اُس میں خیر و برکت کی کثرت ہو جائے گی۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فَقر و فاقہ سے نجات

سورہِ توحید کا قاری، فقر و فاقہ و تنگدستی اور پریشانیوں سے دُور ہوتا ہے۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فقر سے نجات

جو واجب اور مستحب نماز میں سورہ ن والقلم پڑھے گا، اللہ تعالیٰ ہمیشہ کیلئے اُسے فقر سے نجات دے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

ادائیگیِ قرض میں مُعاونت

اگر مقروض باقاعدگی سے سورہ عادیات کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ قرض کی ادائیگی میں جلد مدد فرمائے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

اَدائے قرض

اگر کوئی باقاعدگی سے سورہِ تحریم کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُس پر ذرہ برابر بھی قرض باقی نہیں رہے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فقر سے دُوری

جو واجب نماز میں سورہ ہمزہ کی تلاوت کرے گا؛ اللہ تعالیٰ اُس سے فقر کو دُور کرے گا اور روزی فراخ کر دے گا۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

رِزق میں اضافہ

جوواجب اورنافلہ نماز میں باقاعدگی سے سورہ ق کی تلاوت کرے گا، اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں اضافہ فرمائے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

مال وثَروت میں زیادتی

جوسورہ دُخان کولکھ تجارت کی جگہ (دُکان) میں رکھے گا تو بہت جلد اُسے منافع ہوگا اور اُس کا مال وثروت زیادہ ہوجائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

آسانی سے رزق کی فراہم

اگرسورہ یوسف کولکھ کر پانی سے دھو کر پی لیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق مقرر ہوجائے گا اور آسانی کے ساتھ ملے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

خدائی لطف وکرم

اگر کوئی بھوکا طلوع آفتاب سے پہلے سورہ قریش کی تلاوت کرے گا؛ اللہ تعالیٰ اُس کے طعام کیلئے آسانی پیدا کرے گا۔(مجربات اِمامیہ)

وُسعت رزق اور برآریٔ حاجات

جوسورہ القارعہ کی 180 مرتبہ تلاوت کرے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اُس کی حاجات پوری ہوں گی اور روزی وسیع ہوگی۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سَلامتی ورِزق کی ضامن

جوسونے سے پہلے یا دن کے کسی حصہ میں سورہ یٰسین کی تلاوت کرے گا؛ وہ اُس دن ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ سے روزی پائے گا۔

رِزق کی فراوانی

جوماہ رمضان کی پہلی شب چاند دیکھتے ہوئے تین مرتبہ سورہ فتح کی تلاوت کرے گا؛ اللہ تعالیٰ اُس پر رزق کے دروازے کھول دے گا، وہ عمدہ زندگی کا مالک ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

کاروبار میں بَرکت

سورہ زُخرُف کولکھ کر دُکان کی دیوار میں یا خرید وفروخت کی جگہ پر رکھا جائے تو اللہ کے حکم سے تجارت میں برکت ہوگی، منافع ہوگا اور گاہک بھی زیادہ ہوجائیں گے۔(رسول خداؐ)

سختیوں سے دُوری اور عطائے کثیر

جوسورہ والیل کی تلاوت کرے گا؛ اللہ تعالیٰ اُس کی رضایت کے مطابق اُس کو عطا کرے گا، سختیاں دُور کرے گا، آسانیاں میسر کرے گا
اور اپنے فضل سے غنی بنائے گا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

وُسعت رزق و اَدائیگی ء قرض

وُسعت رِزق، ادائیگی قرض اور حاجات کی برآری کیلئے ایک ہفتے تک ہر روز طلوع آفتاب کے وقت سورہ طٰہٰ کی تلاوت کی جائے؛ جس جگہ سے روزی
ملنے کا گمان تک نہ ہوگا اللہ تعالیٰ وہاں سے روزی عطا کرے گا۔

حاجتوں کی برآری کیلئے

جوسورہ یوسف کولکھ کر تین دن اپنے گھر میں رکھے اور پھر وہاں سے اُٹھ کر گھر کی باہر والی دیوار میں چھپا دے اور اُس پر کوئی مطلع نہ ہوتو
بہت جلد کسی کی طرف سے ایک نمائندہ آ کر کاروبار کی دعوت دے گا اور اُس کی تمام حاجتیں
اللہ تعالیٰ کے حکم سے پوری ہوں گی۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

کاروبار میں بَرکت

جوسورہ حُجر کولکھ کر اپنے بازو کے ساتھ باندھ لے تو وہ معاملہ گر اِنسان بن جائے گا، اُس کی خرید وفروخت زیادہ ہوگی
اور لوگ اُس سے کاروبار کرنا بہتر سمجھیں گے۔ جب تک یہ لکھا ہوا سورہ اُس کے پاس رہے گا.
اللہ تعالیٰ کے اِذن اور فضل سے اُس کا رِزق زیادہ ہوگا۔ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫ ▫

اعمال بروز جُمعرات و شب ِجُمعہ

****

ہمراہی ءِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو ہر جمعرات کی صبح سورہ دہر کی تلاوت کریگا اُسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمراہی نصیب ہوگی ۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

جذام سے محفوظ

جوشب ِجمعہ تین بار سورہ طور کی تلاوت کریگا وہ کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہیگا ۔(امام صادق علیہ السلام)

دُنیا و آخرت کی بھلائی

جوسورہ ص کی تلاوت کرے گا اُسے انبیاء مرسل و مقرّب فرشتوں جتنی دُنیا و آخرت کی بھلائی نصیب ہوگی ۔

فقر سے نجات اور رفاقت علی علیہ السلام

جو ہر شب ِجمعہ سورہ واقعہ کی تلاوت کرے گا، اللہ کریم اُس سے محبت کرے گا اور اُس کی محبت کو تمام لوگوں کے دل میں جگہ دے گا اور اُسے بدبختی ،فقر، ناداری اور دُنیا کی آفات میں سے کسی آفت سے دو چار نہیں کرے گا اور وہ مولا علیؑ کے رفقاء میں سے ہوگا ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

وُسعت رزق اور حاجات کی بر آری

جوشخص چاہتا ہے کہ اُس کا رزق زیادہ ہو اور حاجات پوری ہوں؛ وہ ہر جمعرات یا شب ِجمعہ یا جمعہ کے دِن قبلہ رُخ بیٹھ کر سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انعام کو ما اوتی رسل اللہ تک پڑھے اور پھر دو رکعت نماز پڑھے اور اللہ یعلم حیث یجعل رسالتہ سے آخر سورہ تک پڑھے اور پھر سجدے میں جا کر ستر مرتبہ لاالہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کہے ۔ پھر اپنی جو حاجت چاہے گا اِن شا اللہ پوری ہوگی ۔(فرمان ِمعصومؑ)

اصحاب امام زمانہ علیہ السلام میں شمار

سورہ بنی اسرائیل کا قاری اُس وقت تک نہیں مرے گا جب تک امام زمانہؑ کی زیارت نہ کرلے اور اُن کے اصحاب میں شمار نہ ہو ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

ہر خوف سے امن

سورہ احقاف کا پڑھنے والا دُنیاوی زندگی میں ڈر اور خوف میں مبتلا نہ ہوگا اور بروزِ قیامت ہر خوف سے امن میں ہوگا ۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

ظلم و شرک سے محفوظ

جوشخص ہر جمعرات کوسورہ مائدہ کی تلاوت کرے گا؛ اُس کا ایمان.... لباس ظلم نہیں پہنے گا اور وہ کبھی بھی شرک نہیں کرے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

اصل شیعہ

ہمارے شیعہ پر واجب ہے کہ ہر شب جمعہ سورہ اعلیٰ اور سورہ جمعہ کی تلاوت کرے اور روز جمعہ کی نماز ظہر میں سورہ جمعہ اور منافقین پڑھے۔
جو یہ عمل بجالائے گا وہ عمل رسولؐ بجالانے والا ہوگا اور اِس عمل کی جزاء اور اجر یہ ہے کہ اللہ کریم اُسے جنت عطا فرمائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

باکرہ حور العین سے نکاح

جمعرات کی صبح سورہ دھر کے قاری کا اللہ کریم 800 کنواری حوروں اور 4 ہزار سابقہ شادی شدہ خواتین سے نکاح کرے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

مکرِ شیطان سے حفاظت

سورہ دُخان کے قاری کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ نیز جو اِسے لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ شیطان کے مکر سے محفوظ رہے گا۔
(امام معصوم علیہ السلام)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

تلاوتِ قرآن بروزِ جمعہ

****

وُسعت رزق اور حاجات کی بر آری

جوشخص چاہتا ہے کہ اُس کا رزق زیادہ ہو اور حاجات پوری ہوں؛ وہ ہر جمعرات یا شبِ جمعہ یا جمعہ کے دِن قبلہ رُخ بیٹھ کر سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انعام کو مااوتی رسل اللہ تک پڑھے اور پھر دو رکعت نماز پڑھے اور اللہ یعلم حیث یجعل رسالتہ سے آخر سورہ تک پڑھے اور پھر سجدے میں جا کر ستر مرتبہ لاالہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کہے۔ پھر اپنی جو حاجت چاہے گا اِن شا اللہ پوری ہوگی۔(فرمانِ معصوم علیہ السلام)

بہترین رزق، ہر آفت سے محفوظ اور شہید کا مقام

جوشخص ہر جمعہ سورہ صافات کی تلاوت کرے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا اور دُنیا کے تمام لوگوں کے رِزق کی نسبت بہترین رِزق اُس کا مقدر ہوگا۔ اُس کے مال، اولاد اور جسم پر اللہ کریم کسی راندہ ءِ شیطان اور جابر سلطان کا کوئی ظلم نہیں ہونے دے گا۔ اگر اُس دن یا رات کو مر جائے تو خدا اُسے شہید اُٹھائے گا اور اُسے شہادت نصیب کرے گا اور اُسے جنت میں شہید کا مقام اور منزلت عطا کرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

محمد و آلِ محمد کا رفیق

جو سورہ سجدہ کی تلاوت کرے گا؛ خدا اُس کا نامہ ءِ اعمال اُس کے دائیں ہاتھ میں دے گا، محاسبہ نہیں کرے گا اور محمد و آلِ محمد کا رفیق ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بخشش اور دجال کے فتنے سے محفوظ

جوشخص بروزِ جمعہ سورہ کہف کی تلاوت کرے گا؛ آئندہ جمعہ تک اللہ کریم اُسے بخش دے گا اور وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

رحمت خدا کا مستحق

جوشخص جمعہ کے دن سورہ آلِ عمران کی تلاوت کرے گا؛ اُس پر غروب آفتاب تک اللہ کریم کی رحمت ہوگی اور فرشتے اُس پر درود بھیجیں گے۔

سائل کا ہر سوال پورا

جو سورہ یٰسین اور صافات کی جمعہ کے دن تلاوت کرے گا اور پھر اللہ کریم سے جو دُعا کرے گا؛ اُس کا جو سوال ہوگا اللہ کریم اُسے عطا کرے گا۔

شہید کی موت اور مقام

جو ہر جمعہ سورہ کہف کی تلاوت کرے گا؛ وہ شہید مرے گا، شہداء کے ساتھ اُٹھے گا اور بروز قیامت شہداء کے ہمراہ ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

انبیاء کے ساتھ اور گناہوں سے پاک

جوسورہ ہود کی تلاوت کرے گا؛ اللہ کریم بروزِ قیامت اُسے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ محشور کرے گا اور اُس دن وہ بے گناہ سمجھا جائے گا۔(امام محمد باقر علیہ السلام)

لوگوں میں خوبصورت اور محبوب

جوسورہ قمر بروزِ جمعہ ظہر کے وقت لکھ کر عمامے میں رکھے یا اپنے پاس رکھے تو وہ لوگوں میں خوبصورت اور محبوب ترین ہوگا۔(رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

فشارِ قبر سے حفاظت

جوشخص بروزِ جمعہ سورہ النساء کی تلاوت کرے گا وہ فشارِ قبر سے محفوظ رہے گا۔(مولا علی علیہ السلام)

جنت میں گھر

جوشب جمعہ یا روزِ جمعہ سورہ دُخان تلاوت کی تلاوت کرے گا تو اللہ کریم اُس کیلئے جنت میں گھر بنائے گا۔(رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

قُرآن سے علاج

****

بخار اور درد سے نجات

☆......جو سورہ قصص کو کسی برتن میں لکھ کر، بارش کے پانی سے دھو کر پی لے تو اُسکا درد و اَلم زائل ہو جائے گا اور وہ شفا پائے گا۔(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

☆......جب سورہ لقمان کو لکھ کر اُس کا پانی پیا جائے تو اللہ کے حکم سے باری کا بخار جاتا رہے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

☆......اِنسان کی ہر بیماری دُور ہو سکتی ہے اگر وہ نماز صبح کے بعد چالیس بار سورہ الحمد کی تلاوت کرے

اور ہر مرتبہ سورہءِ الحمد پڑھنے کے بعد درج ذیل آیت کی تلاوت کرے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَ کِیْل،تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَاِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِی الْعَظِیْم

اور بیماری یا درد کی جگہ پر ہاتھ ملے،تو اِن شاء اللہ وہ تندرست ہو جائے گا۔

جسمانی و رُوحانی شِفاء

☆......سورہ یٰس کو جسم کے ساتھ باندھنے والا آشوب چشم، حسد، جن و انس کے شر، دیوانگی اور تمام بیماریوں

اور مشکلات میں خدا کے حکم سے محفوظ رہے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

☆......الحمد تمام جسمانی اور رُوحانی تکالیف کیلئے شفاء اور موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج ہے۔جس کو سورہءِ الحمد سے اَفاقہ نہ ملے، اُسے کوئی چیز بھی اَفاقہ نہیں دے سکتی۔اگر کسی میت پر 70 مرتبہ سورہ الحمد پڑھنے سے اُس کی رُوح پلٹ آئے تو اِس میں تعجب کی بات نہیں ہے۔(امام صادق علیہ السلام)

سکون اور دردِ دل کی دوا

☆...... جو سورہ عنکبوت کو لکھ کر دھو کر اُس کا پانی پی لے تو یہ اُس کے دل کو سکون عطا کریگا اور اُس کے سینے کو کشادہ کرے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

☆...... جو سورہ دھر کو لکھ کر اُس کا پانی پیے گا تو اُس سے دِل کا درد بہتر ہو گا، جسم صحیح و سالم ہو جائیگا اور بیماری سے نجات پائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

دردِ شقِیقه سے نجات

☆......جو سورہ سجدہ لکھ کر پاس رکھے گا وہ بخار، سر درد اور مفاصل سے اَمن میں رہے گا۔(رسول صادق صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

☆......آدھے سر کے درد میں مبتلا شخص سورہ دُخان لکھ کر دھو کر پینے سے تندرست ہو جائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

اَمراضِ چشم

☆......اگر سورہ ھمزہ تکویر کو آنکھ وغیرہ کے درد پر پڑھا جائے تو اللہ کے حکم سے شفا پائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ)

☆......جو سورہ حم سجدہ کو کسی برتن میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر سرمہ بنالے اور آنکھوں میں لگائے تو اُس کی تمام امراض چشم دُور ہو جائیں گی اور وہ پھر دوبارہ امراضِ چشم میں مبتلا نہیں ہو گا۔اگر سرمہ نہ ہو صرف اُسی پانی کو آنکھوں میں ڈالے یا دھوئے تو تب بھی خدا کے حکم سے تمام امراضِ چشم جاتی رہیں گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تمام قسمی درد سے شفاء

☆......جو سورہ والناس کو درد والی جگہ پر تلاوت کرے گا، اللہ کے حکم سے سکون پائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......اگر داڑھ درد والا شخص سورہ قلم لکھ کر پاس رکھے تو اللہ کے حکم سے درد ختم ہو جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......جسے سینہ میں درد ہو وہ سورہ الم نشرح پڑھے، لکھ کر پاس رکھے تو اللہ اُسے شفاء دے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......سورہ اعلیٰ کو کان کے درد والے مریض کے پاس پڑھا جائے تو درد سے آرام آجائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......جب بھی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوتے یا آنکھ یا سر درد کی شکایت ہوتی تو اپنے دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے سورہ الحمد، سورہ فلق اور سورہ والناس کی تلاوت فرماتے تھے اور دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ مبارک پر مَل لیتے تھے، جو بھی مشکل ہوتی تھی، فوراً حل ہو جاتی تھی۔

☆......جو سورہ منافقون باطنی درد کیلئے پڑھے درد ختم ہو جائیگا۔(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......جب کسی درد کی شکایت ہو تو اپنے گریبان میں سات مرتبہ سورہ الحمد کی تلاوت کریں، درد ختم نہ ہو تو یہی سورہ سترہ مرتبہ تلاوت کریں۔

☆......جو سورہ مائدہ کو لکھ کر گھر یا صندوق میں رکھے تو وہ چیز ضائع ہونے سے محفوظ رہیگی اور درد اور وَرم سے محفوظ رکھے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

☆......جو ہر ماہ کی پہلی شب دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورہ انعام کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے ہر درد اور خوف سے نجات عطا فرمائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

پیٹ درد سے نجات

☆......جس کے پیٹ میں شدید درد ہو، وہ سورہ لقمان لکھ کر پی لے تو اُس درد ختم ہو جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......سورہ ذاریات کو لکھ کر دھو کر پی لینے سے پیٹ کے درد سے نجات مل جائے گی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

یرقان، برص اور سُفیدیِ چشم سے نجات

☆......جو سورہ بینہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے یا لکھ کر دھو کر اُس کا پانی پیے تو اُسے یرقان، برص اور سفیدیِ چشم سے آرام ملے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

شراب خوری سے نجات

☆......جو سورہ مومنون کو بوقتِ شب سفید کپڑے پر لکھ کر شراب خور کو باندھ دے، وہ شراب سے نفرت کریگا اور کبھی نہیں پیئے گا۔(امام صادق علیہ السلام)

مریض کا سکون

☆......مریض کے پاس سورہ مجادلہ کی تلاوت اُس کے سکون کا باعث بنتی ہے۔

زخم کی دوا

☆......سورہ منافقون زخم اور جراحت پر پڑھا جائے تو وہ بہتر ہو جائیں گے۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

فالج سے بچاؤ

☆......جو سوتے وقت آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا اِن شاء اللہ اُسے فالج ہونے کا خوف نہیں ہو گا۔

بیماری سے شفا

☆......جو سورہ طارق کو کسی چیز پر پڑھے اور اُسے دوا سمجھ کر پی لے تو اُسے شفا ملے گی۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

خراٹوں سے نجات

☆......خراٹے لینے والے کے پاس سورہ ابولہب کی تلاوت کی جائے، اَفاقہ ہو گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

جزام سے محفوظ

☆......شب ِجمعہ تین مرتبہ سورہ طور کی تلاوت کرنا جذام جیسے موذی مرض سے بچاتا ہے۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

تِلّی جیسی بیماری کا علاج

☆......تین دن برابر سورہ ممتحنہ لکھ کر دھو کر تلی کے مریض کو پلائیں، اُس کا مرض و درد جاتا رہے گا۔

لُکنت کا علاج

☆......جس بچے کی زبان میں لکنت ہو سورہ بنی اسرائیل کو زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر وہی پانی پلا دیں،
خدا کے حکم سے لکنت ختم ہو جائے گی اور بچہ صحیح اور درست بولنے لگے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

یرقان کیلئے مفید

☆......جب یرقان کے مریض کو سورہ سبا کا پانی پلایا جائے اور اُسکے چہرے پر وہ پانی چھڑکا جائے تو اللہ کے حکم سے یرقان جاتا رہے گا۔

اولادِ نرینہ

☆......سورہ فجر لکھ کر خاتون کو باندھیں تو اللہ اُسے بابرکت اور قرۃ العین بیٹا عطا کرے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

نکسِیر کا علاج

☆......سورہ لقمان کو لکھ کر اُس مرد و زن کے بازو کے ساتھ باندھ دیں جسے نکسیر آتی ہو تو خدا کے حکم سے
نکسیر بند اور ختم ہو جائے گی۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کم خوابی کا توڑ

☆......جو شخص سورہ انبیاء کو ہرن کی کھال پر لکھ کر کمر کے ساتھ باندھ کر سو جائے تو جب تک اُسے کمر سے جدا نہیں کیا جائے گا وہ بیدار نہیں ہوگا۔ اور یہ عمل کم خواب، خائف رہنے والوں اور زیادہ فکر کرنے والے مریضوں کو اللہ کے حکم سے شفا دے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

بواسیر سے نجات

☆......اگر بواسیر کے مریض کے پاس سورہ اعلیٰ تلاوت کی جائے تو بواسیر جڑ سے ختم ہو جائے گی اور مریض کو جلد شفا نصیب ہوگی۔(رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قوی حافظہ

☆......جو سورہ یٰس کو آبِ گلاب اور زعفران سے سات دن متواتر لکھ کر روزانہ اُسے دھو کر پیئے تو وہ جو کچھ سنے گا یاد ہو جائے گا، مناظرہ کرنے والوں پر غالب ہوگا اور لوگوں کی نظروں میں بزرگ تصور ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

☆......جو سورہ فتح لکھ کر آبِ زمزم سے دھو کر پی لے تو لوگوں میں اُس کی بات مانی جائے گی اور جو چیز سنے گا یاد ہو جائے گی۔(رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

سفری مشکلات سے نجات

☆......مسافر سفر میں سورہ عبس کی تلاوت کرے یہ سورہ سفر کی مشکلات ختم کرتی ہے۔(امامِ صادق علیہ السلام)

اسقاطِ حمل کی حفاظت

☆......سورہ آلِ عمران زعفران سے لکھ کر حاملہ خاتون کے گلے میں لٹکایا تو اِن شاء اللہ حمل ضائع نہیں ہوگا۔

☆......سورہ حجرات لکھ کر دھو کر اُس کا پانی حاملہ عورت کو پلایا جائے تو حمل سقط نہیں ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

آسان ولادت

☆......سورہ ذاریات لکھ کر اگر حاملہ عورت کو باندھا جائے تو بچے کی ولادت آسان اور جلد ہوگی۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......سورہ حاقہ لکھ کر حاملہ عورت کو باندھا جائے تو جو اُس کے بطن میں ہے، محفوظ رہے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......سورہ انشقاق لکھ کر عورت کو باندھ دیا جائے یا اُس پر تلاوت کی جائے تو بچے کی ولادت آسان اور جلد ہوگی۔

دودھ میں اِضافہ

☆......سورہ حجرات کو لکھ کر دھو کر اُس کا پانی ایسی عورت کو پلایا جائے جس کا دودھ کم ہو گیا ہو تو اُس کا دودھ بڑھ جائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

☆......سورہ حجر کو زعفران کے ساتھ لکھ کر دھو کر اُس کا پانی ایسی عورت کو پلائے جس کا دُودھ کم ہو تو اُس کا دُودھ اِن شاء اللہ زیادہ ہو جائے گا۔(رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......سورہ یس کا پانی کم دُودھ والی عورت کو پلایا جائے تو خدا کے حکم سے اُس کا دودھ زیادہ اور بچے کیلئے بھرپور غذائیت پر مشتمل ہوگا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

دودھ نہ پینے والے بچّے کا حرز

☆......سورہ ابراہیم سفید کپڑے پر لکھ کر بچے کے بازو پر باندھ دیں۔گریہ،خوف اور پریشانی سے محفوظ رہے گا اور آسانی سے دُودھ پیئے گا۔

بچّے کا سُکون

☆......جو سورہ بلد لکھ کر بچے کو باندھے گا، وہ بچہ ہر آفت اور رونے سے اَمن میں رہے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆...... سورہ رعد لکھ کر بچے کے پنگھوڑے میں رکھ دیں، بچہ رونا بند کر دے گا۔(اِمام جعفر صادق علیہ السلام)

☆......سورہ نجم کی یہ آیت لکھ کر بچے کے گلے میں تعویز بنا کر لٹکا ئیں تو بچہ گریہ نہیں کرے گا۔

اَفَمِنْ هٰذَاالْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَاَنْتُمْ سَامِدُوْنَ۔

مُوذی کیڑوں سے محفوظ

☆......سورہ فرقان لکھ کر اپنے ساتھ رکھنے سے موذی کیڑے آپ کے قریب نہیں آئیں گے۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

پھل ضائع ہونے سے محفوظ

☆......اگر کسی کھجور یا کسی بھی درخت سے پھل گر جاتا ہو تو سورہ آلِ عمران کو لکھ کر وہاں لٹکا دیا جائے تو اِن شاء اللہ پھل گرنا بند ہو جائے گا۔

بے ثمر درخت کا حرز

☆......جو اِس سورہ کو لکھ کر باغ کی دیوار میں رکھے گا درخت ثمر آور ہو جائے گا اور جس درخت کا پھل گر جاتا ہے، اُس کا پھل نہیں گرے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

گودام کی حفاظت

☆......اگر سورہ مریم کو دیوار پر لکھ دیا جائے تو نقصان دہ کیڑوں سے نجات مل جائے گی۔

☆......جو سورہ مطففین کو کسی گودام پر پڑھے گا تو اللہ کے حکم سے وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......جو شخص سورہ کہف کو لکھ کر چاول، گندم، جَو وغیرہ کے گودام میں رکھے گا--- تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ گودام موذی کیڑوں سے محفوظ رہے گا۔

بیج کی حفاظت

☆......اگر سورہ مجادلہ کو پانی پر پڑھ کر بیج پر اِس کا چھڑکاؤ کیا جائے تو اِن شاءاللہ بیج خراب نہ ہوگا۔

گرے ہوئے اور نہ چلنے والے گھوڑے کا علاج

☆......گرے ہوئے گھوڑے کے دائیں اور بائیں کان میں 3،3 مرتبہ سورہ کوثر کی تلاوت کریں، اُس کے پاؤں پر ہلکی سی ٹھوکر لگائیں، وہ کھڑا ہو جائے گا۔

بیمار جانور کی تندرستی

☆......سورہ مومنون کو صاف برتن میں لکھ کر دھو کر بیمار جانور کو پلا دیں، اُس کے بدن پر پانی کو چھڑک دیں تو وہ بیمار جانور تندرست ہو جائے گا۔(امام جعفر صادق علیہ السلام)

زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج

☆......جو ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کو پڑھے گا، اُسے کسی بھی قسم کا زہر نقصان نہیں دے گا۔

☆......بچھو کے کاٹے پر پانی لگا کر سورہ کافرون، سورہ فلق اور سورہ الناس پڑھ کر دم کریں۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......جو زہر پی بیٹھے یا زہریلا سانپ ڈس لے تو پانی پر سورہ بروج پڑھ کر اُسے پلا دیا جائے تو اِن شاءاللہ العزیز زہر نقصان نہیں پہنچائے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

☆......جسے زہریلے جانور نے کاٹ لیا ہو اُس پر سورہ تحریم کی تلاوت کریں، اللہ اُسے شفا دے گا اور زہر بدن میں سرایت نہیں کرے گا۔(رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

مُفید مَعلُومات

****

سوال: ذِکر سید الشہداء علیہ السلام کو مجلس کا نام کس عہد میں دیا گیا؟

جواب: عہد حضرت اِمام علی رضا علیہ السلام میں (بحار الانوار)

سوال: سب سے پہلے مجلس اِمام حسین علیہ السلام میں تبرک کس نے تقسیم کیا؟

جواب: جناب رُباب سلام اللہ علیہا نے سب سے پہلے تبرک تقسیم کیا اور وہ ستو تھا۔ (کبریت احمر)

سوال: جناب مختار رضی اللہ عنہ نے کتنے لوگوں سے خون اِمام مظلوم کربلا علیہ السلام کا قصاص لیا؟

جواب: اِبن نما حلی کا بیان ہے کہ حضرت مختار رضی اللہ عنہ نے اَٹھارہ ہزار افراد سے بدلہ لیا۔

سوال: جناب حر رضی اللہ عنہ کی قبر کھودنے حکم کس بادشاہ نے دیا؟

جواب: شاہ اِسماعیل صفوی نے (سفینۃ البحارج)

سوال: کن کن اَنبیاء علیہم السلام کے دو نام تھے؟

جواب: یوشع بن نون علیہ السلام کا دوسرا نام ذُوالکفل تھا۔ یعقوب علیہ السلام کا دوسرا نام اِسرائیل تھا۔ خضر علیہ السلام کا دوسرا نام تالیات ست تھا۔ یونس علیہ السلام کا دوسرا نام ذُوالنون تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دوسرا نام مسیح اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوسرا نام احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھا۔

سوال: کتنے اَنبیاء علیہم السلام عربی زبان میں کلام کرتے تھے؟

جواب: حضرت شعیب علیہ السلام، ہود علیہ السلام، صالح علیہ السلام، اِسماعیل علیہ السلام اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (قصص الانبیاء)

سوال: سب سے پہلے کس گناہ کے ذریعہ خدا کی نافرمانی کی گئی؟

جواب: وہ گناہ حسد تھا۔ (روضات الجنات)

سوال: سب سے پہلے عمامہ کس نے لگایا؟

جواب: جناب ذُوالقرنین نے سب سے پہلے عمامہ لگایا۔ (روضات الجنات)

سوال: سب سے پہلے منبر کا اِستعمال کس نے کیا؟

جواب: سب سے پہلے منبر کا اِنتخاب جناب ابراہیم علیہ السلام نے کیا۔ (روضات الجنات)

سوال: اِسلام میں سب سے پہلے کس کی میت پر نماز پڑھی گئی؟

جواب: سب سے پہلے" براء بن معرور" کی میت پر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھائی۔

سوال: کن پتھروں سے کعبہ کی تعمیر ہوئی؟

جواب: پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے کعبہ تعمیر ہوا۔کوہ سینا،کوہ جودی،کوہ قبیس،کوہ صفا۔

سوال: سب سے پہلے شاہراہوں پر جلوس عِزا نکالنے کی اِجازت کس بادشاہ نے دی؟

جواب: 352ھ میں معزالدولہ احمد بن بویہ نے جلوس عِزا کی اجازت دی۔(معالی السبطین)

▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱ ▱

حوالہ جات

01- تفسیر نمونہ
02- تفسیر فیضان الرحمن
03- تفسیر درمنثور
04- تفسیر الکوثر
05- بحار الانوار
06- تفسیر مجمع البیان
07- خواص القران
08- تفسیر صافی
09- اصول کافی
10- ثواب الاعمال
11- خصوصیات وفوائد قران

التماس سُورہ فاتِحہ

برائے والدین، بزرگان اورتمام مومنین و مومِنات

محتاجِ دُعا

پروفیسر مظہر حُسین ہاشمی

ریسرچ آفیسر

پاکستان ایجوکیشنل کونسل، اِسلام آباد

+92 336 5430273